★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 14 | ہفتہ 20 محرم الحرام 1445ھ 27 جولائی 2024ء 12 ساون 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 286

فرمان الٰہی — اللہ ایک ہے
تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

سیف سٹیز منصوبہ ن لیگ کا برین چائلڈ، جلد پنجاب میں پھیلا دیں گے مریم نواز

سیف سٹیز میں آج دوبارہ آکر بہت اچھا لگا، آپ کی پوری ٹیم کو شاباش دیتی ہوں جو شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنا رہے ہیں، سیف سٹیز نے میری توقعات سے بڑھ کر کام کیا

سیف سٹیز کی وجہ سے قیام امن میں بہتری آرہی ہے اور اس کی سروس وقت گزرنے کے ساتھ بہتر ہو رہی ہے، سیف سٹیز منصوبہ پورے ملک میں لے کر جائیں گے، آئندہ چند ماہ میں 18 شہروں میں سیف سٹیز منصوبے لگائیں گے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ سیف سٹیز منصوبہ ن لیگ اور شہباز شریف کا برین چائلڈ ہے جسے پنجاب میں پھیلا دیں گے۔ سیف سٹی اتھارٹیز میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ سیف سٹیز میں آج دوبارہ آکر بہت اچھا لگا، آپ کی پوری ٹیم کو شاباش دیتی ہوں جو شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنا رہے ہیں
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز کا صوبہ بھر میں ستھرا پنجاب پروگرام کے فوری آغاز کا حکم

مریم نواز شریف کی چھوٹے بڑے شہروں کے تمام علاقوں کی یکساں صفائی کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں ستھرا پنجاب پروگرام کے فوری آغاز کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں ستھرا پنجاب پروگرام، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سروسز
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

پنجاب میں دفعہ 144 کا نفاذ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

پٹیشن کے حتمی فیصلہ تک دفعہ 144 کا نفاذ معطل کیا جائے، درخواست میں استدعا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں دفعہ 144 کا نفاذ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا اور پٹیشن کے فیصلے تک حکم امتناع کی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست اظہر صدیق ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر کی گئی جس میں پنجاب حکومت، ہوم
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

وزیراعلیٰ مریم نواز نے زرعی ٹیوب ویل سولر رائزیشن پراجیکٹ کی منظوری دیدی

پہلے مرحلے میں 7 ہزار ٹیوب ویل سولر انرجی پر منتقل کئے جائیں گے' اجلاس کے دوران بریفنگ

ٹماٹر، پیاز سمیت دیگر ضروری سبزیوں کی سپلائی مینجمنٹ کا پائیدار سسٹم وضع کیا جائے' وزیراعلیٰ مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے زرعی ٹیوب ویل سولررائزیشن پراجیکٹ کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں سینئر پرویز رشید، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ زاہد بخاری، صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی، چیف سیکرٹری، سیکرٹری زراعت اور دیگر حکام نے شرکت
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

حکومت دھرنے میں رکاوٹ نہ ڈالے، حالات خراب ہوئے تو حکومت ذمہ دار ہوگی، امیر جماعت اسلامی

جماعت اسلامی کا دھرنا، چھاپے، گرفتاریاں، ریڈ زون سیل

اسلام آباد پولیس نے ریڈ زون کو کنٹینرز لگا کر سیل کر دیا، ریڈ زون کو سیل کرنے کیلئے اسلام آباد کے نادرا چوک، سرینا چوک، ایکسپریس چوک پر کنٹینرز لگا دیئے گئے

دھرنے کے پیش نظر پنجاب کے مختلف علاقوں میں پولیس نے چھاپے مار کر متعدد رہنماؤں اور کارکنان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے جماعت اسلامی کے مرکزی سیکرٹری جنرل امیر العظیم کے گھر پر چھاپہ مارا

جماعت اسلامی کو دھرنے سے روکنے کیلئے پولیس نے امیر لاہور ضیاء الدین انصاری اور دیگر ذمہ داران کے گھروں پر بھی چھاپے مارے،، لاہور سمیت دیگر اضلاع میں پولیس گردی جاری ہے، امیر العظیم

لوگ اپنے گھر کی چیزیں بیچ کر بل ادا کر رہے ہیں، عوام آئی پی پیز سے چھٹکارا چاہتے ہیں، دھرنا پر امن ہوگا، شرکاء ریلیف لئے بغیر واپس نہیں آئیں گے، حافظ نعیم الرحمن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جماعت اسلامی کے دھرنے اور پی ٹی آئی کی احتجاج کی کال کے پیش نظر حکومت نے اسلام آباد میں دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے ریڈ زون کو سیل کر دیا، ضلعی انتظامیہ نے ڈی چوک میں کنٹینرز پہنچا دیئے، مری روڈ کو مکمل بند کر دیا گیا، اسلام آباد ایکسپریس وے پر بھی کنٹینرز موجود ہیں، مرکزی شاہراہیں بند ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ خیال رہے کہ جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے مہنگی بجلی معاہدوں، اوور بلنگ کے خلاف اسلام آباد ڈی چوک پر دھرنا دینے کا اعلان کر رکھا ہے جس میں شرکت کیلئے لوگوں کی بڑی تعداد اسلام آباد پہنچنا شروع ہوگئی ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا ہے کہ شہر اقتدار میں دھرنا پر امن ہوگا، شرکاء ریلیف لئے بغیر واپس نہیں آئیں گے، حکومت دھرنے میں رکاوٹ نہ ڈالے، حالات خراب ہوئے تو حکومت ذمہ دار ہوگی، لوگ اپنے گھر کی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

پولیس پر حملہ کیس، چودھری پرویز الٰہی کے ملازمین کیخلاف کارروائی کا آغاز

ملزمان پر کار سرکار میں مداخلت پولیس پر حملے اور پیٹرول بم پھینکنے کا الزام ہے

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما و سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کی گرفتاری کے دوران پیٹرول بم اور پولیس اہلکاروں پر تشدد کے کیس میں سابق وزیر اعلیٰ کے ملازم ملزمان کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں پرویز الٰہی کی گرفتاری کے دوران پیٹرول بم اور اہلکاروں پر تشدد کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

(ن) لیگ کے رکن سمیع اللہ خان پنجاب اسمبلی کی استحقاق کمیٹی کے چیئرمین منتخب

سیکرٹری پنجاب اسمبلی عامر حبیب نے سمیع اللہ خان کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن سمیع اللہ خان پنجاب اسمبلی کی استحقاق کمیٹی کے چیئرمین منتخب ہو گئے۔ سیکرٹری پنجاب اسمبلی عامر حبیب نے سمیع اللہ خان کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، سمیع اللہ خان کو 9 ارکان نے ووٹ دیا۔ استحقاق کمیٹی کے ٹوٹل 17 ارکان ہیں، سمیع اللہ خان واضح اکثریت سے استحقاق کمیٹی کے چیئرمین منتخب ہوگئے۔ سمیع اللہ خان کو ملک احمد سعید، نواز چوہان، ملک ارشد نے ووٹ دیا، میاں
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

مریم اورنگزیب نے پی ٹی آئی کی بھوک ہڑتال کو ڈائٹ پلان قرار دیدیا

دوپہر کا کھانا کھا کر شام کے کھانے سے پہلے ختم ہونے والی بھوک ہڑتال ڈھونگ اور مذاق ہے

لاہور (این این آئی) سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے پی ٹی آئی کی بھوک ہڑتال کو "ڈائٹ پلان" قرار دے دیا۔ سینئر وزیر مریم
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبہ بھر میں ستھرا پنجاب پروگرام کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

دہشت گردوں کو تحریک انصاف واپس لے کر آئی، عطا تارڑ

بٹ گرام میں درختوں کے کاٹنے کا بہت بڑا اسکینڈل سامنے آیا ہے، ٹمبر مافیا وہاں آپریٹ کر رہا ہے، ٹمبر مافیا میں علی امین گنڈاپور کا اپنا ایک وزیر ملوث ہے، وزیر اطلاعات

قیام امن کے لیے ریاست کی رٹ قائم کرنا ہوگی، سکیورٹی کے حوالے سے چند لوگ غیر ضروری بیان بازی کر رہے ہیں، علی امین گنڈاپور کے جلسے کو دیکھ کر ضروری سمجھا کہ انہیں جواب دوں، امیر مقام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کو تحریک انصاف واپس لیکر آئی۔ امیر مقام کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا کہنا تھا آج وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے جلسے سے بڑا پر جوش خطاب کیا، علی امین گنڈاپور نے میٹنگ میں تعاون کا یقین دلایا،
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے تاجکستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

ہمیں احساس ہے 60 روپے کے یونٹ پر دکان نہیں چل سکتی، علی پرویز ملک

خسارے آسمان سے باتیں کر رہے ہیں، اس وقت ملک میں مشکل ترین حالات ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ ہمیں احساس ہے 60 روپے کے یونٹ پر دکان نہیں چل سکتی۔ ایک انٹرویو میں علی پرویز ملک نے کہا کہ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

بجلی کے بلوں پر بھائی بھائی کو قتل کر رہا ہے، مصطفیٰ کمال

بجلی پیدا کرنے والی کمپنیز کو بجلی نہ بنانے کے پیسے دے رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) رہنما متحدہ قومی موومنٹ پاکستان مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ بجلی کے بلوں پر بھائی بھائی کو قتل کر رہا ہے، آئی پی پیز کو ڈالرز میں ادائیگیاں کی جا رہی ہیں،
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

آئین میں ٹیکنوکریٹ حکومت کی کوئی گنجائش نہیں ہے، نثار احمد کھوڑو

جمہوری نظام کو کمزور کرنے کی کوشش ہیں، صدر پیپلز پارٹی سندھ



کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو نے ملک میں ٹیکنوکریسی کی حکومت کے قیام کے متعلق تھنک ٹینک کی رپورٹ کو آئین کے خلاف اور ملک میں آئینی ایمرجنسی کی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

پاکستان میں سوشل میڈیا قوانین پر عمل درآمد نہیں ہوتا، طلال چوہدری

سوشل میڈیا پر لوگوں کو بلیک میل بھی کیا جاتا ہے اسے ریگولیٹ کرنے کے لیے قوانین ہونے چاہئیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پوری دنیا میں سوشل میڈیا سے متعلق قوانین موجود ہیں لیکن پاکستان میں سوشل میڈیا
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں سے سختی سے نمٹا جائیگا، عظمیٰ بخاری

پاکستان میں انتشار افراتفری اور ہیجان کی کیفیت پیدا کرنا ہی دھرنا پارٹی کا ایجنڈا ہے' وزیر اطلاعات

خیبر پختونخواہ کے عوام کی بدقسمتی ہے کہ ان پر خرچ ہونے والا پیسہ اگلے پانچ سال تک دھرنوں اور احتجاج پر خرچ ہوگا

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب میں دفعہ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

لاہور، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم کو انٹرنیشنل لائرز ایسوسی ایشن یوکے پاکستان کے عہدیدار گلدستہ پیش کر رہے ہیں

بیجنگ، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب چینی اہم منصب سے ملاقات کر رہے ہیں

عظمیٰ بخاری کی ڈیپ فیک ویڈیو بنانے والے ہر کردار کو بے نقاب کریں گے، ن لیگ

عظمیٰ بخاری کے خلاف سوشل میڈیا پر جھوٹا پروپیگنڈا کیا گیا، عظمیٰ بخاری کا سیاست میں ایک نام ہے، عظمیٰ بخاری کی جعلی تصویر لگا کر وائرل کی گئی

جعلی ویڈیو سے تذلیل کی گئی، ایک مخصوص سیاسی جماعت مسلسل پروپیگنڈا کر رہی ہے، وزیر مملکت شزا فاطمہ، لیگی رہنما شائستہ پرویز، نوشین افتخار و دیگر کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی خواتین نے عظمیٰ بخاری کی جعلی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

وزیر مملکت شزا فاطمہ لیگی رہنما شائستہ پرویز، نوشین افتخار و دیگر پریس کانفرنس کر رہی ہیں

پنجاب میں رول 17 اے ختم، مرحوم ملازمین کے اہل خانہ کو نوکری نہیں ملے گی، نوٹیفکیشن جاری

رول 17 اے کے تحت سرکاری ملازم کی وفات کی صورت میں بیوی یا بچوں میں سے کوئی ایک نوکری کیلئے اہل ہوتا تھا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے پنجاب کے سرکاری ملازمین کی ملازمتوں سے متعلق رول 17 اے ختم کر دیا۔ پنجاب گورنمنٹ سول سروسز اپوائنٹمنٹ اینڈ کنڈیشنز آف سروس رولز 1974ء میں ترمیم کر دی، اب وفات پانے کی صورت میں
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

درخت زمین کا حسن اور اچھے ماحول کے ضامن ہے' ڈاکٹر راغب نعیمی

دور حاضر میں شجرکاری وقت کی اہم ضرورت ہے' چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

لاہور (این این آئی) اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ درخت زمین کا حسن اور اچھے ماحول کے ضامن ہیں، دور حاضر میں شجرکاری وقت کی اہم ضرورت ہے، سایہ دار اور پھل آور پودے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

پنجاب میں مون سون بارشوں کا پانچواں سپیل کل سے شروع

28 سے 31 جولائی تک پنجاب میں مون سون بارشوں کی پیشگوئی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں مون سون بارشوں کا پانچواں سپیل کل (اتوار) 28 جولائی سے شروع ہوگا۔ 28 سے 31 جولائی تک پنجاب میں مون سون بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ 29 سے 31 جولائی کے دوران جنوبی پنجاب کے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

حریت کانفرنس کی کشمیریوں سے 5 اگست کو "یوم استحصال کشمیر" منانے کی اپیل

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے بھارت کی طرف سے جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کیے جانے کے خلاف بطور احتجاج کشمیری عوام، آزادی پسند تنظیموں اور دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں سے 5 اگست کو "یوم استحصال کشمیر"
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

پنجاب کو ایکو فرینڈلی ٹرانسپورٹ رکھنے والا پہلا مثالی صوبہ بنائیں گے، بلال اکبر خان

ورکنگ وومن سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے افراد کو بائیک سکیم میں شامل کرنے پر کام کر رہے ہیں، گفتگو

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان سے ٹرانسپورٹ ہاؤس میں نیشنل ویمنز جرنلسٹس فورم کی صحافی خواتین (الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا) کے عہدیداران کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں تنظیم کی صدر فرزانہ چودھری، سینئر نائب
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

لاہور ہائیکورٹ نے بشریٰ بی بی کی مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست نمٹا دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی تحریک انصاف وسابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی اپنے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی کے لیے دائر درخواست نمٹا دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس طارق سلیم شیخ نے بشریٰ بی بی کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہمی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

مسلم لیگ (ن) نے ڈیجیٹل دہشتگردی کیخلاف قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع کروادی

ڈیجیٹل دہشتگردوں کو آہنی ہاتھوں سے روکا جائے، کرداروں کو بے نقاب کر کے قرار واقعی سزا دی جائے' متن

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) نے ڈیجیٹل دہشت گردی کے خلاف قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرا دی۔ لیگی رکن صوبائی اسمبلی راحیلہ خادم حسین کی جانب سے جمع کرائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ ڈیجیٹل دہشت
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

پنجاب کے 67 جوڈیشل افسران کے تبادلوں کے احکامات جاری

چیف جسٹس کی منظوری سے 25 ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز، 42 سول ججز کے تبادلے کئے گئے

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم کی منظوری کے بعد پنجاب کے 67 جوڈیشل افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ محمد گل خان نے نوٹیفکیشن جاری کیے جس
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

پر امن احتجاج کرنا ہر شہری کا قانونی و آئینی حق، قافلوں کو روکنا قابل مذمت ہے، محمد حسین محنتی

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی سندھ کے امیر و سابق ایم این اے محمد حسین محنتی نے نام نہاد جمہوریت کے دعویدار شہباز حکومت کی جانب سے پنجاب اور اسلام آباد کو نو گو ایریا بنانے، جماعت اسلامی رہنماؤں و کارکنان کے گھروں پر چھاپوں، چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرنے، سڑکوں
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

کراچی، صدر پیپلز پارٹی سندھ نثار احمد کھوڑو میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

پشاور، مشتعل مظاہرین کا گرڈ اسٹیشن پر حملہ، زبردستی بجلی بحال کرادی

پشاور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت پشاور میں دلہ زاک گرڈ اسٹیشن پر مشتعل مظاہرین نے دھاوا بول کر گرڈ اسٹیشن میں نصب فیڈرز سے زبردستی بجلی بحال کروادی۔ ترجمان پشاور الیکٹرک سپلائی کمپنی (پیسکو) نے بتایا کہ 1200 سے زائد مشتعل مظاہرین زبردستی گرڈ اسٹیشن میں داخل
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

محکمہ داخلہ پنجاب میں انسدادِ منی لانڈرنگ

دہشتگردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب میں انسداد منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا۔ چیئرمین اے ایم ایل/سی ایف ٹی و سابق آئی جی مشتاق سکھیرا نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

کراچی، پی ٹی آئی کا تین تلوار پر احتجاجی مظاہرہ، 7 کارکنان زیر حراست

پولیس نے پی ٹی آئی صدر ٹاؤن کے صدر، سینئر نائب صدر سمیت 7 کارکنان کو حراست میں لیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے تین تلوار پر پولیس نے احتجاجی مظاہرہ کرنے والے پی ٹی آئی کے 7 کارکنان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے کلفٹن تین تلوار پر پی ٹی آئی نے احتجاجی مظاہرہ کیا
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

ڈائریکٹر ایف آئی اے لاہور کی اوور بلنگ سے متعلق تنبیہ

اوور بلنگ کسی صورت برداشت نہیں، فوری ایکشن ہوگا' سرفراز ورک

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر ایف آئی اے لاہور سرفراز ورک نے کہا ہے کہ اوور بلنگ کسی صورت برداشت نہیں ہوگی اور اس پر فوری ایکشن ہوگا۔ وزیر داخلہ کی ہدایت پر اوور بلنگ روکنے کے لیے ایف آئی اے ہیڈ کوارٹرز میں ڈائریکٹر لاہور
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

جام اکرام اللہ کی ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ملاقات

صوبائی وزیر نے ترک سرمایہ کاروں کو سندھ میں متعدد شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو نے کراچی کے جناح ایئرپورٹ پر ترکی کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان اور ان کے وفد کا استقبال کیا۔ اس موقع پر کیمل سانگور ترک قونصل جنرل اور بہت پیکاسی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

پنجاب سوشیو اکنومک رجسٹری میں محکمہ سوشل ویلفیئر اپنی ذمہ داری بخوبی نبھائے گا' سہیل شوکت بٹ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ نے ویڈیو لنک کے ذریعے ڈویژنل ڈائریکٹرز اور ڈپٹی ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ہمت کارڈ کے لیے خصوصی افراد کی تصدیق کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

پیر محمد مظہر سعید شاہ کی زیر صدارت ٹریفک حادثات کی روک تھام

سیاحت کے فروغ، سیاحتی صنعت کو درپیش مسائل بارے ضلعی افسران کا اجلاس

نیلم (این این آئی) وزیر اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مولانا پیر محمد مظہر سعید شاہ نے ٹریفک حادثات کی روک تھام، سیاحت کے فروغ، سیاحتی صنعت کو درپیش مسائل اور سیاحوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ضلعی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

گالم گلوچ کرنے والوں کی اسمبلی رکنیت معطل کرسکتا ہوں، ملک احمد خان

انتشار، نفرت کی سیاست کو دفن کرنا ہوگا، ملک کی سلامتی و خوشحالی کی خاطر سب کو ملکر کام کرنا ہوگا

احتجاج آپکا حق ہے مگر اس وقت تک جب وہ لوگوں کی زندگی کو متاثر نہ کرے' اسپیکر پنجاب اسمبلی کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے کہا ہے کہ گالم گلوچ کرنے والوں کی اسمبلی رکنیت معطل کر سکتا ہوں، انتشار اور نفرت کی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

لاہور، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

چیف جسٹس ہائیکورٹ کو برطانیہ میں منعقد ہونے والی انٹرنیشنل کانفرنس میں شرکت کی دعوت

انٹرنیشنل لائرز ایسوسی ایشن یوکے لاہور چیپٹر کے عہدیداران کی چیف جسٹس مس عالیہ نیلم سے ملاقات

لاہور (این این آئی) انٹرنیشنل لائرز ایسوسی ایشن یوکے کے لاہور چیپٹر کے عہدیداران نے لاہور ہائیکورٹ کی چیف جسٹس مس عالیہ نیلم سے ملاقات
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

ضلع کرم میں زمین کے تنازع پر جھڑپیں تیسرے روز بھی جاری

مرنے والوں کی تعداد 10 افراد جاں بحق اور 55 زخمی، سیز فائر کی کوششیں جاری

پاراچنار (این این آئی) ضلع کرم میں زمین کے تنازع پر جھڑپیں تیسرے روز بھی جاری رہیں اور مرنے والوں کی تعداد 10 افراد جاں بحق اور 55
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

کراچی میں بگٹی خاندان کے دو گروپوں میں فائرنگ، نواب اکبر بگٹی کے بھتیجے سمیت 5 ہلاک

واقعہ ذاتی دشمنی کا شاخسانہ ہے، فائرنگ کے بعد پولیس نے 12 افراد کو حراست میں لے لیا، پولیس

کراچی (این این آئی) کراچی میں بگٹی خاندان کے دو گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں نواب اکبر بگٹی کے بھتیجے سمیت 5 افراد
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

کراچی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے وفاقی انشورنس محتسب سید ممتاز شاہ ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز



وزیر اعلیٰ پنجاب کے ڈرگ فری پنجاب ویژن کی تکمیل میں لاہور سمیت صوبہ بھر میں پنجاب پولیس کا کریک ڈاؤن بلاتعطل جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ڈرگ فری پنجاب ویژن کی تکمیل میں لاہور سمیت صوبہ بھر میں پنجاب پولیس کا کریک ڈاؤن بلاتعطل جاری ہے، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر قیادت لاہور سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر ٹارگٹڈ آپریشنز میں تیزی لائی گئی ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بتایا کہ ایک روز میں لاہور سمیت صوبہ بھر میں منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر 399 چھاپے مارے گئے، مکروہ دھندے میں ملوث 196 ملزمان کو گرفتار کیے گئے جن کے خلاف 195 مقدمات کا اندراج عمل میں لایا گیا، ملزمان کے قبضہ سے 116 کلوگرام چرس، 02 کلو ہیروئن، 01 کلو آئس اور 3891 لٹرز شراب برآمد کی گئی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ گذشتہ 05 ماہ میں پنجاب بھر میں منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر پولیس ٹیموں کے 38259 چھاپے مارے گئے، منشیات کے دھندے میں ملوث 18303 ملزمان گرفتار کرتے ہوئے 17798 مقدمات درج کئے گئے، ملزمان کے قبضہ سے 10 ہزار 780 کلو چرس، 57 کلو آئس، 192 کلو ہیروئن، 276 کلوگرام افیون، 17 لاکھ 05 ہزار لٹر سے زائد شراب بھی برآمد کی گئی۔ آئی جی پنجاب نے آر پی اوز، ڈی پی اوز کو منشیات ڈیلرز اور سمگلرز کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں تیزی کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ہاٹ سپاٹ ایریاز میں جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے انسداد منشیات آپریشنز میں تیزی لائی جائے۔

خلیل الرحمٰن ہنی ٹریپ مقدمہ، آمنہ عروج کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

عدالت نے ہدایت جاری کی کہ دن کی روشنی میں ملزمہ پولیس کے پاس ہوں گی

لاہور (کرائم رپورٹر) خلیل الرحمٰن ہنی ٹریپ مقدمہ: آمنہ عروج کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور لاہور انسداد دہشت گردی عدالت نے خلیل الرحمان قمر کو ہنی ٹریپ کرنے کے مقدمے کی ملزمہ آمنہ عروج کو 4 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ دوران سماعت ملزمہ نے اعتراف کیا کہ ہم نے خلیل الرحمان قمر کے اے ٹی ایم کے ذریعے دو لاکھ 87 ہزار روپے نکالے۔ لاہور کی انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت میں معروف ڈرامہ نگار خلیل الرحمٰن قمر کو ہنی ٹریپ کرنے کے مقدمے میں جج خالد ارشد نے ملزمہ سے استفسار کیا کہ کیا آپ نے خلیل الرحمٰن قمر کو اغوا کیا تھا؟ ملزمہ آمنہ عروج نے اعتراف کیا کہ میں ماڈلنگ کرتی ہوں، میں نے خلیل الرحمان قمر کو بلایا تھا اور خلیل الرحمان قمر کے اے ٹی ایم کے ذریعے دو لاکھ 87 ہزار روپے نکالے تھے۔ ملزمہ نے مزید کہا کہ مذکورہ رقم ساتھی ملزم حسن شاہ کے پاس ہے۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد ملزمہ کو چار روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے ہدایت جاری کی کہ دن کی روشنی میں ملزمہ پولیس کے پاس ہوں گی اور انہیں رات کو واپس جیل میں بھیجا جائے گا۔

ایس پی سول لائنز کی ہدایت پر جرائم پیشہ کے خلاف کریک ڈاؤن

پولیس کی ریڈ 24 کس مرد وزن زناحرامکاری کرتے ہوئے گرفتار کرلیا

لاہور (خالد صدانی سے) ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان کی ہدایت پر جرائم پیشہ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری تفصیلات کے مطابق لاہور ایس ڈی پی او سرکل مزنگ بلال احمد خان کی رہنمائی میں ایس ایچ او تھانہ مزنگ رائے اصف جبار کی پولیس ٹیم کے ہمراہ کاروائی مزنگ پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سرگرم بدنام زمانہ قحبہ خانہ التاج ہوٹل پر مزنگ پولیس کی ریڈ 24 کس مرد وزن زنا حرامکاری کرتے ہوئے گرفتار کرلیا ملزمان چند نام نہاد وکیلوں اور جھوٹے صحافیوں کی آڑ لیکر گیسٹ ہاؤس نما قحبہ خانہ چلا رہے تھے ملزمان کے خلاف تھانہ مزنگ میں مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش کے لیے حوالہ انوسٹیگیشن ونگ کر دیا گیا ہے ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان کی ایس ایچ او تھانہ مزنگ رائے آصف جبار اور پولیس ٹیم کو کاروائی کرنے پر شاباش دی، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری رہیں گی۔

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود و دیگر کا پنجاب یونیورسٹی ہیلتھ سنٹر میں جدید طبی سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں کی افتتاحی تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود پنجاب یونیورسٹی ہیلتھ سنٹر کے زیر انتظام زچہ و بچہ صحت سنٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

وائس چانسلر نے پنجاب یونیورسٹی میں صحت عامہ کی جدید سہولیات کیلئے منصوبوں کا افتتاح کر دیا

صحت کی سہولیات سے متعلق جامعہ پیکج کے آغاز سے پنجاب یونیورسٹی اساتذہ، ملازمین اور طلباؤطالبات کو استفادہ ہوگا، پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود وائس چانسلر

موبائل میڈیکل یونٹ/وین ایک چلتا پھرتا چھوٹا ہسپتال ہے، جس میں فرسٹ ایڈ کی تمام سہولتیں موجود ہوں گی، وائس چانسلر

لاہور (خبرنگار) وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے پنجاب یونیورسٹی ہیلتھ سنٹر کے زیر انتظام نگہبانی صحت زچہ و بچہ سنٹر، مفت حفاظتی ٹیکوں کا پروگرام، موبائل میڈیکل یونٹ، ادویات فراہمی کیلئے وین سروس، جدید سہولیات سے آراستہ آؤٹ ڈور اور استقبالیہ کا افتتاح کر دیا۔ اس سلسلے میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں چیف میڈیکل آفیسر ڈاکٹر محمد اکرم، سربراہ میڈیسن پرچیز کمیٹی ہیلتھ سینٹر پروفیسر ڈاکٹر ذیشان دانش، ڈینز، شعبہ جات کے سربراہان، فیکلٹی ممبران، انتظامی افسران و ملازمین نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے کہا کہ صحت کی سہولیات سے متعلق جامعہ پیکج کے آغاز سے پنجاب یونیورسٹی اساتذہ، ملازمین اور طلباؤطالبات کو استفادہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نیو کیمپس میں رہنے والے اساتذہ، طلباؤطالبات، ملازمین اور ان کے فیملی ممبران کو شام کے اوقات میں بھی ایمرجنسی کی سہولت ان کے دروازے پر مہیا کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موبائل میڈیکل یونٹ/وین ایک چلتا پھرتا چھوٹا ہسپتال ہے، جس میں فرسٹ ایڈ کی تمام سہولتیں موجود ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کو ہسپتال منتقل کرنے کیلئے ہیلتھ سنٹر ایمبولینس کی سہولت بھی دستیاب ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ میڈیسن ڈیلیوری وین کے ذریعہ اساتذہ و ملازمین کو ادویات متعلقہ ایڈریس پر پہنچانے کا انتظام کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت حکومت پنجاب کے تعاون سے بچوں کے حفاظتی ٹیکے اور قیمتی ویکسینز کا انتظام بھی کیا گیا ہے، جو زچہ و بچہ سنٹر پر مفت دستیاب ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر سے آن لائن ملاقات کا وقت لینا، بذریعہ فون نسخہ جات دوبارہ لکھوانے کا نظام بھی تکمیل کے قریب ہے جس کا بہت جلد اعلان کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ادویات کی دستیابی اور فراہمی کو سو فیصد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے بہترین کام پر چیف میڈیکل آفیسر ڈاکٹر محمد اکرم، پروفیسر ڈاکٹر ذیشان دانش اور ان کی ٹیم کی تعریف کی۔ ڈاکٹر محمد اکرم نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی میں صحت کی سہولیات کے حوالے سے یہ تاریخی لمحات ہیں جس کا سہرا وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود کو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کم وسائل کے باوجود پنجاب یونیورسٹی ہیلتھ سنٹر اپنے اساتذہ، ملازمین اور طلباؤطالبات کو صحت عامہ کی بہترین سہولتیں فراہم کر رہا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر ذیشان دانش نے کہا وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے اس کام کو مکمل کرنے کیلئے پنجاب یونیورسٹی کے پیشہ ور افراد پر مشتمل ٹیم تشکیل دی جنہوں نے دن رات محنت کرکے چند ماہ میں اپنا کام مکمل کر لیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی ہیلتھ سنٹر میں جدید سہولیات سے آراستہ مشینری اور ہیومن ریسورس کی تکمیل بھی جلد ہوگی۔

اقبال ٹاؤن پولیس نے پاکستانی نژاد برطانوی خاتون کیساتھ مبینہ جعلی نکاح کے بعد کروڑوں کے فراڈ کا مقدمہ درج کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) اقبال ٹاؤن پولیس نے پاکستانی نژاد برطانوی خاتون کیساتھ مبینہ جعلی نکاح کے بعد کروڑوں کے فراڈ کا مقدمہ درج کرلیا تفصیلات کے مطابق پاکستانی نژاد برطانوی خاتون نے تھانہ اقبال ٹاؤن میں اپنے ساتھ ہونے والے فراڈ کا مقدمہ درج کروایا۔ ایف آئی آر میں خاتون نے موقف اپنایا کہ ملزم ساجد نے اپنی بہن اور والد کی موجودگی میں مجھ سے نکاح کیا اور پھر ملزم نے میرا مکان فروخت کرکے 2 کروڑ 25 لاکھ روپے وصول کیے، اس کے علاوہ 60 لاکھ روپے مالیت کے سیونگ سرٹیفکیٹ بھی کیش کروا کر پیسے اپنے پاس رکھ لیے خاتون نے موقف اختیار کیا کہ ملزم نے لاکھوں روپے مالیت کی گاڑی بھی اپنے نام پر ٹرانسفر کروائی اور رقم ہتھیانے کیلئے نکاح کا جھانسہ دیا۔ پاکستانی نژاد خاتون نے پولیس کو بتایا کہ رابطہ کرنے پر ملزم اور گھر والوں نے قتل کی دھمکیاں دیں، ملزم نے شادی کا جھانسہ دیکر رقم ہڑپ کی ایف آئی آر میں ملزم ساجد، بہن ثنا، مقصود احمد، محمد حسنین، عبداللہ اور آمنہ کو نامزد کیا گیا ہے۔

لیسکو صارفین کی شکایات کے ازالے کے لئے ریجن بھر میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

لاہور (خبرنگار) وزارت پاور ڈویژن کی خصوصی ہدایات پر لیسکو ریجن میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے جس کا مقصد لیسکو صارفین کو بجلی بلوں اور دیگر معاملات میں درپیش مسائل کا فی الفور ازالہ کرنا ہے۔ چیف ایگزیکٹو انجینئر شاہد حیدر کا کہنا ہے کہ لیسکو کے آٹھوں سرکلز میں اس حوالے سے خصوصی کچہریاں لگائی جارہی ہیں۔ میڈیا اور پینا فلیکسز کے ذریعے عوام الناس کو اس بابت پیشگی اطلاع بھی دی جارہی ہے۔ تمام ایس ڈی اوز اپنی ٹیم کے ہمراہ روزانہ کی بنیاد پر اپنی سب ڈویژنز میں کھلی کچہریوں کا باقاعدہ انعقاد یقینی بنا رہے ہیں۔ ایس ایز اور ایکسئین ان کچہریوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ گزشتہ روز منعقد ہونے والی کھلی کچہریوں میں مختلف نوعیت کی کل 1885 شکایات موصول ہوئیں جس میں سے 1842 شکایات کا موقع پر ازالہ کیا گیا۔ واضح رہے کہ چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر خود بھی اپنی ٹیم کے ہمراہ کھلی کچہریوں کا سرپرائز وزٹ بھی کر رہے ہیں۔ کھلی کچہریوں میں آنے والے صارفین نے لیسکو کے اس عمل کا خیر مقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ لیسکو آئندہ بھی صارفین کی سہولت کے لئے ہر ممکن کوششیں جاری رکھے گا۔

ساندہ پولیس نے شراب کی بڑی ترسیل ناکام بنا دی

ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کی مختلف مارکہ کی سینکڑوں بوتلیں برآمد

لاہور (خالد صدانی سے) ساندہ پولیس نے شراب کی بڑی ترسیل ناکام کردی لاہور تھانہ ایس ایچ او ساندہ رضوان خان اور ان کی ٹیم نے ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کی مختلف مارکہ کی سینکڑوں بوتلیں برآمد کرلی ملزمان اشفاق اور سلمان لاہور کے عوام کو زہریلی شراب فروخت کرتے تھے، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے حوالے انوسٹی گیشن کر دیا گیا ایس پی اقبال ٹاؤن محمد سلمان لیاقت کی ایس ایچ او ساندہ رضوان خاں اور پولیس ٹیم کو شاباش

لیسکو کی محمود بوٹی سب ڈویژن کے چار میٹر ریڈرز کو سزائیں دی گئیں، ترجمان لیسکو

کرپشن/بجلی چوری میں ملوث صارفین اور اہلکار میں فرق کئے بغیر سزائیں دی جارہی ہیں

لاہور (خبرنگار) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی لیسکو کی محمود بوٹی سب ڈویژن میں محمد اویس میٹر ریڈر پر بجلی چوری اور کرپشن کے الزامات ثابت ہونے پر نوکری سے برخاست کر دیا گیا، ممتاز مجید میٹر ریڈر پر پینڈنگ نوٹس کے الزامات ثابت ہونے پر 1 سال کی انکریمنٹ روک لی گئی، رضوان عمر میٹر ریڈر پر پینڈنگ نوٹس کا الزام ثابت ہونے پر 3 ماہ کی انکریمنٹ روک لی گئی اور عمران اقبال پر بھی پینڈنگ نوٹس کے الزام پر سزا سنائی گئی۔ واضح رہے کہ چیف ایگزیکٹو انجینئر شاہد حیدر کی ہدایت کے مطابق کرپشن/بجلی چوری میں ملوث صارفین اور اہلکار میں فرق کئے بغیر سزائیں دی جارہی ہیں۔ چیف ایگزیکٹو انجینئر شاہد حیدر کا کہنا ہے کہ بجلی چور ملک و قوم کا دشمن ہے، ہم لیسکو ریجن سے کرپشن/بجلی چوری کے خاتمہ کے لئے پرعزم ہیں۔

معصوم بچوں کو اغواء کے بعد بدفعلی کا نشانہ بنانے والا گینگ گرفتار

اغوا ہونے والے 5 بچوں کو پولیس نے بازیاب کروا کر 2 ملزم گرفتار کرلیے

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور انوسٹی گیشن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے لاہور میں معصوم بچوں کو اغواء کے بعد بدفعلی کا نشانہ بنانے والے گینگ کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن لاہور ڈاکٹر انوش مسعود چوہدری نے بچوں کے اغواء کا نوٹس لیا تھا۔ جس کے بعد مختلف شہروں میں درج مقدمات کے اغوا ہونے والے 5 بچوں کو پولیس نے بازیاب کروا کر 2 ملزم گرفتار کر لیے۔ بازیاب ہونیوالے کمسن بچوں میں محمد فہد، ذوہیب، عبدالوحید، امتیاز اور عبدالوہاب اور ملزمان میں عمر رضوان اور محمد نوید میں شامل ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان بچوں کو ورغلا پھسلا کر نجی سوسائٹی کے مکان میں لے جاتے اور بدفعلی کا نشانہ بناتے تھے۔ بچوں کو ہیومن انٹیلی جنس سمیت جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے بازیاب کروا کر ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ مغوی بچوں کے ورثاء نے لاہور سمیت مختلف شہروں میں اغواء کے مقدمات درج کروا رکھے تھے۔ بچوں کی بحفاظت بازیابی پر ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے پولیس ٹیم میں تعریفی اسناد تقسیم کیں۔

صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق کی ایران کے قونصل جنرل لاہور مہران مواحد فار کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق سے ایران کے قونصل جنرل لاہور مہران مواحد فار سے ملاقات

صوبائی وزیر اور ایران کے قونصل جنرل لاہور مہران مواحد فار کے درمیان ایران جانے والے زائرین کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی و دیگر امور پر تبادلہ خیال ہوا

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق نے ایران کے قونصل جنرل لاہور مہران مواحد فار سے ملاقات کی۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق اور ایران کے قونصل جنرل لاہور مہران مواحد فار کے درمیان ایران جانے والے زائرین کو صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی و دیگر امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ ایران کے قونصل جنرل لاہور مہران مواحد فار نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت کو سراہا۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے ایران کے قونصل جنرل لاہور مہران مواحد فار کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا جبکہ قونصل جنرل نے صوبائی وزیر کو تحائف پیش کئے۔ صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان اور ایران کی عوام محبت اور عقیدت کے رشتوں سے جڑی ہوئی ہے۔ ایران کے شہید صدر ابراہیم رئیسی نے دورہ پاکستان کے دوران انتہائی محبت اور شفقت فرمائی تھی۔ ایران ایک عظیم قوم ہے جبکہ ایران کی ثقافت انتہائی قدیم ہے۔ ایران جانے والی زائرین کی صحت کو یقینی بنانے اور ڈینگی سمیت دیگر وبائی بیماریوں سے بچانے کیلئے جلد آگاہی مہم کا آغاز کیا جائے گا۔ اس حوالہ سے محکمہ صحت اور ایران کے قونصلیٹ لاہور نے فوکل پرسنز کو مقرر کر دیا ہے۔ محرم الحرام کے دوران پورے پنجاب میں حکومت کی جانب سے امن و اتحاد بین المسلمین کا پیغام دیا ہے۔ ایران جانے والے زائرین کو کوئی مشکل نہیں آنی چاہیئے۔ ہمارے ماہرین صحت ڈینگی کے حوالہ سے ماسٹر ٹریننگ اور ٹریننگ سیشنز کا انعقاد کروائیں گے۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف کی ہدایت پر 2009 میں ایران جانے کا شرف حاصل ہوا تھا۔ ایران کا نظام صحت بہت بہتر ہے۔ ایران کے قونصل جنرل لاہور مہران مواحد فار نے اس موقع پر کہا کہ صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق اور ان کے وفد کو ایران کے قونصل خانے میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ اربعین پر ایران جانے والے زائرین کیلئے آسانیاں پیدا کرنا چاہتے ہیں۔

پولیس کارروائی 3 رکنی موٹرسائیکل چور و جھپٹا گینگ کے 2 ارکان گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے 2 چوری شدہ موٹرسائیکل، 2 پسٹل، ہزاروں روپے نقدی برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی ہلوکی پولیس کارروائی 3 رکنی موٹرسائیکل چور و جھپٹا گینگ کے 2 ارکان گرفتار کرلیے تفصیلات کے مطابق چوکی ہلوکی پولیس نے خفیہ اطلاع پر ہلوکی قبرستان سے واردات کی منصوبہ بندی کرنے والے ملزمان عمر فاروق اور خالد عرفان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا جبکہ ان کا ساتھی اسحاق فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کے قبضہ سے 2 چوری شدہ موٹرسائیکل، 2 پسٹل، ہزاروں روپے نقدی برآمد کرکے مقدمات درج کرکے انہیں مزید تفتیش کے لیے انوسٹیگیشن پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

حج آپریشن 2024 کی تکمیل پر رضوان شریف ڈائریکٹر حج لاہور پروفیسر عبدالحمید کو حسن کارکردگی سند دے رہے ہیں

پولیس کے پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کارکنوں کی گرفتاری کیلئے چھاپے

60 سے زائد مقامات پر چھاپے مار کر 110 افراد کو حراست میں لے لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کے پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کارکنوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے زرائع کے مطابق پولیس نے 60 سے زائد مقامات پر چھاپے مارے اور اس کارروائیوں کے دوران 110 افراد کو حراست میں لیا گیا حراست میں لیے گئے افراد کا تعلق پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی سے ہے، پولیس زرائع کا کہنا ہے کہ تحریک انصاف کے یاسر گیلانی، حافظ ذیشان کے گھروں، ساندہ، گلشن راوی سے پکوان سینٹر، کیٹرنگ سروس اور ساؤنڈ سسٹم سینٹر پر چھاپے مارے گئے جہاں سے پی ٹی آئی کے 11 کارکنوں کو پکڑا گیا جبکہ جماعت اسلامی کے متعدد کارکنوں کو بھی مختلف مقامات سے حراست میں لیا گیا۔

پنجاب اسمبلی کے سامنے ن لیگ کلچرل ونگ کے صدر پر تشدد کا ڈراپ سین

پی ٹی آئی کارکن اور لیگی کارکن نے ذاتی مفاد کیلئے ڈرامہ رچایا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب اسمبلی کے سامنے ن لیگ کلچرل ونگ کے صدر پر تشدد کا ڈراپ سین پی ٹی آئی کارکن اور لیگی کارکن نے ذاتی مفاد کیلئے ڈرامہ رچایا۔ پولیس حکام کا کہنا تھا دوران تفتیش انیلا ریاض، طاہر انجم کے فون پر رابطے ثابت ہوئے، سی سی ٹی وی فوٹیج میں انیلا ریاض کو طاہر انجم کے گھر آتا دیکھا گیا، دونوں نے وقوعہ سے پہلے مل کر منصوبہ بنایا، انیلا ریاض طاہر انجم کے گھر سے رکشہ پر بیٹھ کر اسمبلی آئیں، موبائل رابطوں اور سی سی ٹی وی فوٹیج کا ریکارڈ پولیس کے پاس موجود ہے انیلا ریاض پی ٹی آئی کی مخصوص نشست کی خواہش مند تھیں، طاہر انجم مسلم لیگ ن میں اپنا گراف بہتر بنانا چاہتے تھے، طاہر انجم نے انیلا ریاض کو معاف کرنے کا بیان بھی لکھ کر دیا۔ دوسری جانب جوڈیشل مجسٹریٹ محمد نعیم نے ادکار طاہر انجم پر حملہ کرنے والی پی ٹی آئی کی انیلہ ریاض کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھجوا دیا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب جشن آزادی تقریبات کا آغاز کے موقع پر ڈی سی رافعہ حیدر موجود ہیں جبکہ اس موقع پر پی آر او ڈاکٹر حافظ قیصر ڈی سی کے احترام میں سر جھکائے موجود ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب جشن آزادی تقریبات کا آغاز

ڈپٹی کمشنر لاہور و ایڈمنسٹریٹر بلدیہ عظمیٰ رافعہ حیدر نے وزیر اعلیٰ پنجاب سوئمنگ چیمپئن شپ کا افتتاح کر دیا

لاہور (خبرنگار) وزیر اعلیٰ پنجاب جشن آزادی تقریبات کا آغاز ہوگیا۔ ڈپٹی کمشنر لاہور و ایڈمنسٹریٹر بلدیہ عظمیٰ رافعہ حیدر نے وزیر اعلیٰ پنجاب سوئمنگ چیمپئن شپ کا افتتاح کر دیا اس وقت انٹرنیشنل سوئمنگ کمپلیکس میں سوئمنگ کے ایج کیٹگری مقابلے جاری ہیں اور وزیر اعلیٰ پنجاب سوئمنگ چیمپئن شپ میں 700 سے زائد بچے بچیاں شریک ہیں۔ ڈی سی لاہور رافعہ حیدر کے مطابق تیراکی مقابلوں میں سات مختلف ایج کیٹگریز کے مقابلے جاری ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق جشن آزادی تقریبات کھیلوں اور غیر نصابی سرگرمیوں پر مشتمل ہیں۔ تمام تقریبات کا مقصد جشن آزادی کا جذبہ اور مثبت سرگرمیوں کا فروغ ہے۔ ڈی سی لاہور رافعہ حیدر کا کہنا ہے کہ کھلاڑی اور شہری تمام تقریبات اور سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کریں۔ کھیلوں کے مقابلوں سے ضلعی سطح پر نیا ٹیلنٹ سامنے آئے گا۔ ڈی سی لاہور رافعہ حیدر نے مزید کہا کہ سوئمنگ میں بڑی تعداد میں بچیوں کی شرکت خوش آئند ہے۔ تمام سرگرمیوں میں بچے بچیوں کو شرکت کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں گے۔

ڈاکوؤں لٹیروں نے لاہور پولیس کے ناک میں دم کر دیا

چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 418 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈاکوؤں لٹیروں نے لاہور پولیس کے ناک میں دم کر دیا، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 418 وارداتیں رپورٹ، پولیس زرائع کے مطابق نامعلوم چور نقب زنی کی وارداتوں میں شہر کے مختلف علاقوں میں 14 گھروں سے لاکھوں مالیت کا سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات سے 25 افراد سے لاکھوں روپے اور موبائل فونز اور 2 موٹر سائیکلیں چھین کر فرار ہو گئے، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو شہریوں 40 سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر لے گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف علاقوں سے 47 موٹر سائیکلیں، 1 کار، 2 دیگر وہیکل چوری ہو گئیں اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 287 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

پولیس نے منشیات فروش جمیل کو گرفتار کرکے ایک کلوگرام ہیروئن برآمد کرلی

لاہور (کرائم رپورٹر) ہڈیارہ پولیس نے منشیات فروش جمیل کو گرفتار کرکے ایک کلوگرام ہیروئن برآمد کر لی تفصیلات کے مطابق ہڈیارہ پولیس نے خفیہ اطلاع پر ریکارڈ یافتہ منشیات فروش جمیل کو منشیات کی سپلائی دیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرکے لاکھوں روپے مالیت کی 01 کلو ہیروئن برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا، ایس پی کینٹ اویس شفیق کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزم نے علاقہ غیر سے بذریعہ آن لائن ہیروئن منگوا کر لاہور کے مختلف علاقوں میں سپلائی کرنے کا اعتراف کیا ہے۔

سیکرٹری اوقاف پنجاب کا ہنجروال ملتان روڈ اور وحدت کالونی میں وقف املاک ملحقہ مسجد صدق علی شاہ کا دورہ

سیکرٹری اوقاف نے وقف املاک کا موقع ملاحظہ کرتے ہوئے کمرشل اور رہائشی تعمیرات کے متعلق ہدایات جاری کیں

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے وقف املاک ملحقہ مسجد باہروالی ہنجروال ملتان روڈ اور وحدت کالونی میں وقف املاک ملحقہ مسجد صدق علی شاہؒ کا دورہ کرتے ہوئے کہا کہ سیلف ہیلپ اور مورل ویلیوز کے بغیر ترقی ممکن نہیں، ہیومن ریسورس اور کیپسٹی بلڈنگ کے بغیر ادارے آگے نہیں بڑھ سکتے، ریونیو جنریشن اور محصولات زر میں اضافہ ناگزیر ہے، وقف املاک کی حفاظت بنیادی ذمہ داری ہے، جس میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں۔ قبضہ مافیا اور ناجائز تجاوزات کی روک تھام کے لیے فیلڈ افسران ہمہ وقت مستعد رہیں۔ غیر قانونی تعمیرات کی روک تھام کے لیے جامع حکمت عملی وضع کرلی، ناجائز تجاوز شدہ لینڈ کو دوبارہ حاصل کرکے کمرشل منصوبہ جات اور ترقی پروگرام کا حصہ بنالیا، سیکرٹری اوقاف نے وقف املاک کا موقع ملاحظہ کرتے ہوئے کمرشل اور رہائشی سکیمز کی تعمیرات کے متعلق ہدایات جاری کی، انہوں نے پنجاب بھر کی سطح پر پراپرٹی آڈٹ کے تشکیل دیے جانے کے احکامات بھی صادر کیے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر اسٹیٹ اوقاف وسیم عباس، ڈپٹی ڈائریکٹرز اوقاف عظیم حیات، آصف اعجاز، ایکسیئن ہیڈ کوارٹر رانا زوہیب، ایڈمنسٹریٹر اوقاف لاہور زون (ایسٹ) اشفاق ڈیال، منیجر اوقاف سرکل نمبر 6 لاہور معیز الرحمن و دیگر آفیسران بھی ہمراہ تھے۔ سیکرٹری اوقاف نے مزید کہا کہ وقف پراپرٹیز سے آمدن کے امکانات کو مزید نفع بخش بنا کر وقف عمارات بالخصوص مساجد و مزارات کی تعمیر و ترقی کو یقینی بنایا ہے۔ اوقاف اراضی پر ایسے کمرشل پراجیکٹس قائم کیئے جارہے ہیں، جس سے عامۃ الناس کے فائدے کے ساتھ اوقاف کے وسائل میں بھی اضافہ ہوگا۔ وقف اراضیات کی نیلامیوں کو مارکیٹ ریٹ کے مطابق کرنے کے ساتھ ساتھ محکمانہ ریفارمز، محصولات زر کی بروقت وصولی، محکمانہ وسائل میں اضافہ اور ان کا صحیح استعمال جیسے امور پر خصوصی توجہ مرکوز ہے۔

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کو وقف املاک ملحقہ مسجد باہروالی و صدق علی شاہؒ کے دورہ کے موقع پر متعلقہ افسران بریفنگ دے رہے ہیں

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

نقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

Primary & Secondary
Healthcare Department

INVITATION FOR BIDS
FRAMEWORK CONTRACT FOR PROCUREMENT OF FURNITURE ITEMS

BID REFERENCE No. HISDU(P&SHD)/PROC/6-11/2024-25

1. Health Information and Service Delivery Unit (HISDU), Primary & Secondary Healthcare Department (P&SHD), Government of the Punjab, invites sealed bids from the eligible bidders for the "Framework Contract for Procurement of Furniture items for Financial Year 2024-25.

2. The Bidding Document containing detailed Scope of Services / Terms of References can be downloaded from the official websites (**https://pshealthpunjab.gov.pk/**) and from PPRA website (**https://ppra.punjab.gov.pk/**). The Bidding Document can be purchased immediately on payment of PKR. 1,000/- from the below mentioned address till the closing date and time. There is no bid security for this tender.

3. Single Stage – Two Envelopes bidding procedure shall be applied as per rule 38(2) (a) of Punjab Procurement Rules, 2014. The envelopes shall be marked as "TECHNICAL PROPOSAL" and "FINANCIAL PROPOSAL" in bold and legible letters.

4. Sealed bids are required to reach on or before **23 August, 2024 at 11:00 A.M.** positively at HISDU, Primary & Secondary Healthcare Department, Government of the Punjab, 01-Birdwood Road, Lahore. The bids received till the stipulated date & time shall be opened at **11:30 A.M.** on the same date in the presence of the bidders or their authorized representatives, who may choose to attend. Late bids will not be entertained.

NOTE: The procurement shall be conducted as per PPRA Rules-2014.

IPL 7010

DEPUTY DIRECTOR
HEALTH INFORMATION AND SERVICE DELIVERY UNIT (HISDU)
GOVERNMENT OF THE PUNJAB
PRIMARY AND SECONDARY HEALTHCARE DEPARTMENT
01-BIRDWOOD ROAD, LAHORE.
PH:042-99206180

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور (3) 27 جولائی 2024ء

زمینداروں کو سہولیات دینے کے لیے تجاویز دی جائیں، ڈی سی گوجرانوالہ

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ رائس مینجمنٹ کمیٹی کی میٹنگ کا انعقاد، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) گوجرانوالہ ڈاکٹر جاوید اختر مختلف محکموں کے سربراہان کی شرکت

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ رائس مینجمنٹ کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی ... ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) گوجرانوالہ ڈاکٹر جاوید اختر ... مختلف محکموں کے سربراہان ... ضلع میں 331954 ایکڑ رقبہ پر دھان ... [illegible] ... زمینداروں کو ... سے زیادہ آگاہی دی جائے۔

قصور تھانہ بی ڈویژن، ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ دو زخمی حالت میں گرفتار

الہ آباد (نامہ نگار) قصور تھانہ بی ڈویژن کی حدود میں ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ، نتیجے میں دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار ... ساتھی فرار ... مطابق قصور ... آدمی ... 15 پر کال ... کوٹ حلیم ... 15600 روپے ... 2 عدد موٹر سائیکل ... دیگر کاغذات ... موچی ... تو پولیس ... [illegible]

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین کا سمبڑیال میں نالہ ایک میں طغیانی سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف خواجہ عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین نے سمبڑیال میں نالہ ایک میں طغیانی سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا ... محمد اقبال سنگھیڑہ، اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز گوندل اور محکمہ ایری گیشن کے مقامی حکام کے ہمراہ نالہ ایک میں سیلابی پانی کے سپل اوور سے موضع بدو کے چیمہ اور اسماعیل اعوان کے متاثرہ علاقے کا معائنہ کیا اور ضمن میں محکمہ ایری گیشن کے مقامی حکام سے بریفنگ لی۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے کہا کہ بدو کے چیمہ اور اسماعیل اعوان میں نالہ ایک کی طغیانی سے آبادی کو کسی قسم کا خطرہ نہیں۔ سپل اوور جبکہ نالہ ایک کی اس مقام سے پیچھے گنجائش 25 ہزار کیوسک ہو چکی ہے۔ 24 جولائی کو نالہ ایک میں 6 ہزار 637 کیوسک سیلابی اور بارشی پانی لوڈ سچارج کپیسٹی کی وجہ اسماعیل اعوان اور بدو کے چیمہ کے علاقوں کے قریب سیلابی پانی کناروں سے باہر نکل آیا اور نکلا ہوا پانی مرالہ راوی لنک کنال کے 4 ہزار کیوسک کے ان لٹس (Inlets) ون اور ٹو کے ذریعے اتر گیا۔

اوکاڑہ چار سال سے سنگین جرائم میں مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) اوکاڑہ چار سال سے سنگین جرائم میں مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار تھانہ گوگیرہ اوکاڑہ کی ایف آئی اے امیگریشن آفس اسلام آباد ائرپورٹ کی مدد سے بڑی کاروائی سنگین جرائم میں مطلوب ملزم کو اسلام آباد ائرپورٹ پر گرفتار کر لیا گیا ملزم کو پنجاب پولیس نے ترکی سے ڈی پورٹ کروا کر اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچنے پر گرفتار کیا ملزم شفقت عباس مقدمہ نمبر 20/450 مورخہ 2020-06-28 بجرم 302/340 ت پ کا مجرم اشتہاری A کیٹگری ہے ملزم سال 2020 میں قتل کر کے بیرون ملک فرار ہو گیا تھا ملزم فلائٹ نمبر PK706 کے ذریعے پاکستان پہنچا تھا ڈی پی او اوکاڑہ نے ملزم کا نام اسٹاپ لسٹ میں چار سال سے سنگین جرائم میں مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار تھانہ گوگیرہ اوکاڑہ کی ایف آئی اے امیگریشن آفس اسلام آباد ائرپورٹ کی مدد سے بڑی کاروائی سنگین جرائم میں مطلوب ملزم کو اسلام آباد ائرپورٹ پر گرفتار کر لیا گیا ملزم کو پنجاب پولیس نے ترکی سے ڈی پورٹ کروا کر اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچنے پر گرفتار کیا۔ ملزم شفقت عباس مقدمہ نمبر 20/450 مورخہ 2020-06-28 بجرم 302/340 ت پ کا مجرم اشتہاری A کیٹگری ہے ملزم سال 2020 میں قتل کر کے بیرون ملک فرار ہو گیا تھا۔

مختلف واقعات میں 2 افراد قتل 1 نوجوان زخمی ہو گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مختلف واقعات میں 2 افراد قتل 1 نوجوان زخمی ہو گیا، ریسکیو اہلکاروں نے زخمی کو ہسپتال اور لاشوں کو پولیس کی تحویل میں دے دیا، محلہ رسولنگر جامعہ مسجد انوار مدینہ میں نماز جمعۃ المبارک کے دوران مسجد کی انتظامیہ کا سابقہ لڑائی جھگڑے کی بنا پر آپس میں جھگڑا ہو گیا، عباس نامی شخص کا اپنے چچا عبدالرحمان سے وقوعہ کے روز بھی جھگڑا ہو گیا تھا پائی کے دوران زخمی ہو گئے لڑائی جھگڑے کی اطلاع سن کر سکندر مسجد میں مصالحت کروانے گیا جہاں پر ملزم عباس نے اندھا دھند فائرنگ کر کے سکندر کو لہولہان کر دیا جس کو ہسپتال منتقل کرنے کی کوشش کی گئی لیکن وہ جانبر نہ ہو سکا مقتول ممبر پریس کلب شیخوپورہ میاں عدنان کا سالہ تھا، ترجمان پولیس کے مطابق ملزم اور مقتول میں لین دین کا جھگڑا تھا جو عدم برداشت کی وجہ قتل تک پہنچ گیا پولیس مختلف پہلوؤں سے تفتیش کر رہی ہے اور فرار ہونے والے ملزم کو جلد گرفتار کر لے گی مقتول کے لواحقین کی جانب سے دی جانے والی تحریری درخواست کی روشنی میں مقدمہ درج کیا جائے گا، گاؤں بھنڈور میں واقعہ ویران مکان سے عمران نامی شخص کی کھڑکی سے پھندا لگی لاش برآمد ہوئی۔ صدر فاروق آباد پولیس نے لاش کو فرانزک ٹیموں کی مدد سے شواہد لینے کے بعد مردہ خانہ منتقل کر کے تفتیش شروع کر دی، تھانہ بھکھی کے علاقہ پرانا قبرستان کے قریب تلخ کلامی پر ملزم شہباز نے گولی مار اقرار کو لہولہان کر دیا ریسکیو اہلکاروں نے مضروب کو ہسپتال منتقل کر دیا۔

ہمیں بیرسٹر فہد وریاہ پر فخر ہے، چوہدری امتیاز علی وریاہ

یو کے یونیورسٹی وائس چانسلر نے بار ایٹ لاء ڈگری دی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف خواجہ عامر جاوید) معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاہ کے بھائی فہد علی وریاہ نے بار ایٹ لاء یو۔ کے میں مکمل کر لیا۔ اس موقع پر بیرسٹر فہد علی وریاہ کو لندن یونیورسٹی سے بیرسٹر کی ڈگری یو۔ کے کی بین الاقوامی یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے دی۔ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری امتیاز علی وریاہ کا اس موقع پر میڈیا سے گفتگو میں کہنا تھا کہ ہماری فیملی کیلئے یہ باعث صد افتخار ہے کہ فیملی کے ہمارے ہونہار بیٹے بیرسٹر فہد علی وریاہ نے عظیم برطانوی یونیورسٹی سے بار ایٹ لاء کی ڈگری حاصل کی ہمیں اپنے بھائی پر فخر ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ الحمدللہ سول سروسز کیساتھ ساتھ آرمڈ فورسز میں ہمارے فیملی ممبرز تھے اب بیرسٹر چوہدری فہد علی وریاہ نے بیرسٹری پاس کر کے اس میں خوشنما اضافہ کیا جس پر ہمیں فخر ہے۔

بزنس فیسلیٹیشن سنٹر نے گوجرانوالہ میں سرمایہ کاری کے کلچر کو بدل دیا، کمشنر

ابتک 138 این او سی جاری کئے جاچکے ہیں، کمشنر نوید حیدر شیرازی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ بزنس فیسلیٹیشن سنٹر نے گوجرانوالہ میں سرمایہ کاری کے کلچر کو بدل دیا، ابتک 138 این او سی جاری کئے جاچکے ہیں کمشنر نوید حیدر شیرازی نے گوجرانوالہ بزنس سنٹر کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا اور بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ مینیجر بزنس فیسلیٹیشن سنٹر سیدہ قرۃ العین نے سنٹر کی کارکردگی پر پیش رفت بارے بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ ابتک بزنس فیسلیٹیشن سنٹر میں 3300 افراد نے وزٹ کیا اور مختلف اداروں سے متعلق 138 این او سی جاری کئے جاچکے ہیں جبکہ مزید این او سی پراسس کے آخری مراحل میں ہے، کمشنر نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کا قیام بزنس کمیونٹی کو سہولتوں کی فراہمی کے حوالے سے انقلابی اقدام ہے، بزنس فیسلیٹیشن سنٹر میں 24 محکمے ایک ہی چھت تلے بیٹھے ہیں

ہمارے دروازے 24 گھنٹے عوام کیلئے کھلے ہیں، ملک علی عباس

اپنے علاقے میں ہر غریب کی بات سنوں گا اور میرٹ پہ فیصلہ کروں گا

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور سدا بہار ایم پی اے ملک علی عباس کھوکھر کے ڈیرہ پپلی پہاڑ میں سیاسی اور سماجی مکمل برادری اور سوسائٹی کے لوگ نے شرکت کی اور شرکاء کی بہت بڑی تعداد تھی ملک علی عباس کھوکھر ہر غریب آدمی کے مسائل سن رہے تھے اور فوراً حکم دے رہے تھے ہر آنے والے لوگوں کو انصاف مل رہا تھا تفصیل کے مطابق ملک علی عباس کھوکھر ایم پی اے پپلی پہاڑ نے ہر آنے والے آدمی کو خوش آمدید کہا ملک علی عباس کھوکھر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے دروازے 24 گھنٹے کھلے ہیں میں اپنے علاقے میں ہر غریب کی بات سنوں گا اور میرٹ پہ فیصلہ کروں گا میرا مقصد ہے لوگوں کو انصاف دینا ہمارے علاقے کے لوگ تھانے کچہریوں کے چکر نہ لگانے پڑے میں ہر انے والے ادمی کو انصاف دلاؤں گا ہمارے علاقے میں ترقیاتی کام جلد سے جلد شروع کروں گا اور میں اپنے علاقے کے لوگوں کے دکھ کا برابر کا شریک ہوں میں اپنے علاقے کو محفوظ بناؤں اور ڈیرے پر شرکاء نے علی عباس کھوکھر کے نعرے لگائے

حضرت امام حسینؓ کا نام حریت، استقامت اور جرات کی علامت بن کر تا قیامت جگمگاتا رہے گا، علامہ اسد علی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) معروف ذاکر اہل بیت علامہ اسد علی شاکری آف کراچی نے کہا ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کا نام حریت، استقامت اور جرات کی علامت بن کر تا قیامت جگمگاتا رہے گا، حب اہل بیت علیہم السلام روح ایمان ہے جس جسم میں روح نہ ہو وہ مردہ ہے اسی طرح نواسہ رسولؐ کی محبت اور شہداء کربلا کے غم سے خالی دل مردہ ہیں شہادت حسین کی عظمت کا فلسفہ آج بھی قائم ہے، مسلمان طاغوت کے آگے کبھی سر نہیں جھکا تا حضرت امام حسینؓ نے سر جھکانے کی بجائے قربانی دینے کو ترجیح دی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے امام بارگاہ قصر حسنین شاہ کالونی میں منعقدہ مجلس عزاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جس کا اہتمام سید ندیم عباس، سید شاہد عباس، سید محسن شاہ کی طرف سے کیا گیا، مجلس عزاء میں عزاداروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے علامہ اسد علی شاکری نے کہا کہ سیدنا امام حسین علیہ السلام نے کربلا کے میدان میں باطل کو شکست دیکر دین اسلام کو زندہ و جاوید کیا، امام عالی مقامؓ کی سیرت و کردار سے امت مسلمہ کے قلوب قیامت تک منور ہوتے رہیں گے، واقعہ کربلا ہمیں باطل قوتوں کے سامنے کلمہ حق بلند کرنے کا درس دیتا ہے، شہداء کربلا کی قربانی صبر و تحمل اور باطل کے سامنے ڈٹ جانے کا درس دیتی ہے، امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عظمت کے چرچے تا قیامت ہوتے رہیں گے امام عالی مقام حضرت امام حسینؓ کی قربانی نے اسلام کو صبح قیامت تک زندہ کر دیا ہے، نواسہ رسول امام حسین علیہ السلام نے یزید کو شکست دیکر اسلام کو سربلند کر دیا، آج فرعونی قوتوں سے ٹکرانے کیلئے مسلمانوں کو حسینی فکر کو زندہ کرنا ہو گا۔

اوکاڑہ چار سال سے سنگین جرائم میں مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) اوکاڑہ چار سال سے سنگین جرائم میں مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار تھانہ گوگیرہ اوکاڑہ کی ایف آئی اے امیگریشن آفس اسلام آباد ائرپورٹ کی مدد سے بڑی کاروائی سنگین جرائم میں مطلوب ملزم کو اسلام آباد ائرپورٹ پر گرفتار کر لیا گیا ملزم کو پنجاب پولیس نے ترکی سے ڈی پورٹ کروا کر اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچنے پر گرفتار کیا ملزم شفقت عباس مقدمہ نمبر 20/450 مورخہ 2020-06-28 بجرم 302/340 ت پ کا مجرم اشتہاری A کیٹگری ہے ملزم سال 2020 میں قتل کر کے بیرون ملک فرار ہو گیا تھا ملزم فلائٹ نمبر PK706 کے ذریعے پاکستان پہنچا تھا ڈی پی او اوکاڑہ نے ملزم کا نام اسٹاپ لسٹ میں چار سال سے سنگین جرائم میں مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار تھانہ گوگیرہ اوکاڑہ کی ایف آئی اے امیگریشن آفس اسلام آباد ائرپورٹ کی مدد سے بڑی کاروائی سنگین جرائم میں مطلوب ملزم کو اسلام آباد ائرپورٹ پر گرفتار کر لیا گیا ملزم کو پنجاب پولیس نے ترکی سے ڈی پورٹ کروا کر اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچنے پر گرفتار کیا ملزم شفقت عباس مقدمہ نمبر 20/450 مورخہ 2020-06-28 بجرم 302/340 ت پ کا مجرم اشتہاری A کیٹگری ہے ملزم سال 2020 میں قتل کر کے بیرون ملک فرار ہو گیا تھا ملزم فلائٹ نمبر PK706 کے ذریعے پاکستان پہنچا تھا ڈی پی او اوکاڑہ نے ملزم کا نام اسٹاپ لسٹ میں شامل کروا رکھا تھا ملزم کو اوکاڑہ پولیس نے عدالت پیش کر کے ریمانڈ جسمانی حاصل کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا۔ ریمانڈ جسمانی حاصل کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا۔

جہلم میونسپل کمیٹی کے علاقہ جادہ میں قائم رکشہ پارکنگ اسٹینڈ ریڑی بانوں کے نرغے میں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم میونسپل کمیٹی کے علاقہ جادہ میں قائم رکشہ پارکنگ اسٹینڈ ریڑی بانوں کے نرغے میں باا ثر افراد نے ریڑھی بانوں سے بھتہ وصولی شروع کر دی میونسپل کمیٹی کے ذمہ داران کی خاموشی سوالیہ نشان بن گئی شہریوں کا ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی کے علاقہ جادہ کے مقام پر چنگ چی رکشہ پارکنگ سٹینڈ پر ریڑی بانوں نے قبضہ کر کے ریڑھیاں کھڑی کر کے رکشہ سٹینڈ کو ریڑھی بازار میں تبدیل کر دیا ہے۔ جسکی وجہ سے چنگ رکشہ ڈرائیورز نے جادہ جی ٹی روڈ اور اولڈ جی ٹی روڈ پر چنگ چی رکشے کھڑے کر کے شہر میں آنے اور جانے والوں کیلئے مشکلات پیدا کر رکھی ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ ایم سی کے شعبہ انکروچمنٹ کے عملہ کی عدم دلچسپی کیوجہ سے رکشہ پارکنگ سٹینڈ پر ریڑھی بانوں نے قبضہ کر رکھا ہے۔ جن سے مافیا کے کارندے باقاعدہ ریڑھی بانوں سے بھتہ وصولی کرتے ہیں شہریوں نے ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی سی او میونسپل کمیٹی سے جادہ چنگ چی رکشہ اسٹینڈ کو ریڑھی بانوں سے واگزار کروانے کا مطالبہ کیا ھے تا کہ جادہ چوک اور جی ٹی روڈ پر کھڑے چنگ چی رکشے پارکنگ سٹینڈ میں منتقل ہو سکیں اور شہریوں کو پیش آنے والی مشکلات میں خاتمہ ممکن ہو سکے۔

مصطفائی تحریک ڈسٹرکٹ ننکانہ صاحب کی طرف سے یوم تاسیس مصطفائی تحریک پاکستان منایا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) مصطفائی تحریک ننکانہ صاحب کی طرف سے یوم تاسیس مصطفائی تحریک انصاری ہاؤس ننکانہ صاحب میں منایا گیا۔ جس کی صدارت صدر مصطفائی تحریک ننکانہ غلام قادری علوی صاحب نے کی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کلام پاک ناظم انجمن طلباء اسلام ڈسٹرکٹ ننکانہ حافظ وقاری محمد آصف جمال قادری نے کی۔ نعت رسول مقبول صاحبزادہ سعید احمد انصاری نے پیش کی۔ صدر مصطفائی تحریک غلام قادر علوی صاحب نے اپنے خطاب میں مصطفائی معاشرے کے قیام پر اکٹھے ہونے کا عہد کیا اور کہا ھمارے نجات مصطفائی معاشرے کے قیام سے ہی ممکن ھے پروگرام میں شاہد احمد سلطانی۔ شوکت علی قادری۔ اشفاق زائر قادری ۔۔ جنرل سیکرٹری انجمن طلباء اسلام رانا فیصل منج ۔ سردار احمد نواز اور کارکنوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اخر میں کیک کاٹا گیا اور ملک کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی

شیخوپورہ، ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کا انعقاد

ایس ڈی پی اوز نے بعد از نماز جمعۃ المبارک اپنے اپنے سرکل میں دیہات کی مساجد میں کھلی کچہری لگا کر ترجیح بنیادوں پر لوگوں کی شکایات کو سنا اوران کو حل کیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن پولیس اور عوام الناس کے درمیان رابطے و تعاون کو مستحکم کرنے اور عوام الناس کی سہولت کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی خصوصی ہدایت پر شیخوپورہ پولیس افسران کا ہفتہ واری کھلی کچہریاں لگانے کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلہ میں ایس ڈی پی اوز نے بعد از نماز جمعۃ المبارک اپنے اپنے سرکل میں دیہات کی مساجد میں کھلی کچہری لگا کر ترجیح بنیادوں پر لوگوں کی شکایات کو سنا اوران کو حل کیا جس میں ڈی ایس پی سی آئی اے نے جامع مسجد زینب گاؤں کوٹ رنجیت علاقہ تھانہ صدر شیخوپورہ میں، ڈی ایس پی انویسٹی گیشن نے جامع مسجد گلزار مدینہ گاؤں بل علاقہ تھانہ ہاؤسنگ کالونی میں، ایس ڈی پی او صدر سرکل نے جامع مسجد قصبہ بھکھی میں، ایس ڈی پی او سٹی سرکل نے جامع مسجد چھاپہ مینارہ علاوہ تھانہ صدر شیخوپورہ میں، ایس ڈی پی او فیروزوالہ سرکل نے جامع مسجد جاوید نگر علاقہ تھانہ فیکٹری ایریا میں، صفدر آباد سرکل میں ڈی ایس پی ہیڈ کواٹر نے جامع مسجد گلزار مدینہ ریلوے پھاٹک والی تھانہ صفدر آباد میں، مرید کے سرکل میں ایس ایچ او تھانہ نارنگ نے قصبہ نارنگ میں کھلی کچہری لگائی اور شہریوں کی شکایات کا ازالہ کیا۔

جہلم شہر وگردونواح مویشی وبال جان بن گئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر و گردونواح مویشی وبال جان بن گئے، کروڑوں روپے کی لاگت سے تیار ہونے والی سول لائن روڈ مفت کی چراگاہ بن گئی، آوارہ مویشیوں کے ٹکرانے سے بے شمار حادثات رونما ہو چکے ہیں، شہریوں کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق جہلم کے باا ثر افراد نے اندرون شہر کے گلی محلوں میں پالتو جانور جن میں گائے، بکریاں اور بھینسیں وغیرہ شامل ہیں کو پال رکھا ہے اور صبح ہوتے ہی گھروں سے پالتوں جانوروں کو باہر سڑکوں پر نکال دیا جاتا ہے جو کچرے کے ڈھیروں اور سول لائن روڈ کو اپنا مسکن بنا لیتے ہیں۔

ڈی جی فوڈ اتھارٹی ریسٹورنٹ کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے

شیخوپورہ، پولیس ناکام، ڈاکو لوٹ مار کر کے فرار ہو گئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پولیس سوتی رہ گئی، ڈاکو لوٹ مار کر کے فرار ہو گئے، صدر شیخوپورہ کے علاقہ گوجرانوالہ روڈ وارث شاہ ٹول پلازہ کے قریب رہزنی کی واردات 2 مسلح ستار سے اسکا پرس موبائل فون، بی ڈویژن کے علاقہ نبی پورہ چوک بائی پاس کے قریب 2 رہزنوں نے اسلحہ کی نوک پر دوران مزاحمت جاوید کو تشدد کر کے اسکا بازو توڑ کر مال وزر چھین کر فرار، بنگلہ بلی شرقپور شریف کے 3 مسلح عرفان سے اسکی موٹر سائیکل نمبری 1161 ایل ای کیو نقدی 30 ہزار روپے اور موبائل فون، اسی تھانہ کے علاقہ ڈھاکے کے قریب 3 مسلح رانا محسن سے 1 لاکھ 70 ہزار روپے نقدی، اسی تھانہ کے علاقہ فتو والا میں دوران ڈکیتی مزاحمت پر ڈاکوؤں نے گولی مار کر 19 سالہ احسن کو زخمی کر دیا، ریسکیو اہلکاروں نے زخمی کوٹی ایچ کیو ہسپتال شرقپور شریف منتقل کر دیا، اسی تھانہ کے علاقہ ناظر لبانہ کے قریب 2 مسلح معظم سے 8 ہزار روپے نقدی موٹر سائیکل چھین کر فرار، پنجاب کالج مرید کے کے قریب 2 مسلح موٹر سائیکل سواروں نے پک اپ سواروں محمد عمر رضا وغیرہ کو پولیس وردیوں میں ملبوس مبینہ ڈاکوؤں نے جامعہ تلاشی کے بہانے روک کر 6 لاکھ چھین کر فرار، لاہور روڈ حاجی سپر سٹور کے قریب 4 مسلح اسرار الحق سے 40 ہزار روپے نقدی موبائل فون، تھانہ ہاؤسنگ کالونی کے علاقہ قصر سلطان کے قریب 2 مسلح اسرار الحق سے 1 لاکھ 45 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون، صفدر آباد کے علاقہ شیخ والا میں نامعلوم چور اکرم کی حویلی سے 1 لاکھ 70 ہزار روپے مالیت کی گائے لے اڑے، موٹروے پل فیکٹری ایریا کے قریب 5 مسلح ظفر اقبال سے 1 لاکھ 7 ہزار روپے نقدی موبائل فون، اسی مقام پر 5 ڈاکو محمد ادریس سے 1 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی اور 2 قیمتی موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے، ملیے شاشو کے قریب 2 مسلح گن پوائنٹ پر وقاص سے 3 لاکھ 72 ہزار روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے۔

نشے کے پیسے نہ ملنے پر نشئی بیٹے نے کلہاڑیوں کے وار کر کے باپ کو قتل کر دیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) نشے کے پیسے نہ ملنے پر نشئی بیٹے نے کلہاڑیوں کے وار کر کے باپ کو قتل کر دیا ڈی پی او کے فوری نوٹس پر پولیس نے بروقت ملزم کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق تھانہ موچیوالا کے علاقہ چک نمبر 215 میں بیٹے کے ہاتھوں باپ کے قتل کا واقعہ پیش آیا آفتاب ملزم نشے کا عادی تھا اس نے اپنے باپ زوار سے نشہ لینے کے لیے پیسے مانگے تو باپ نے پیسے دینے سے انکار کر دیا جس پر آفتاب ملزم نے کلہاڑیوں کے وار کر کے اپنے باپ زوار کو موت کے گھاٹ اتار دیا تھانہ موچیوالا پولیس کے ایس ایچ او عنصر عباس سپرانے ڈی پی او محمد راشد ہدایت کے فوری نوٹس لینے پر ملزم مذکور کو گرفتار کر لیا اوران کے خلاف مقدمہ کا اندراج کر لیا اس موقع پر ڈی پی او محمد راشد ہدایت کا کہنا تھا کہ حقائق کی روشنی میں ملزم کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا

تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود میں ڈکیتی کی بڑی واردات

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود میں ڈکیتی کی بڑی واردات آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکو سابق وفاقی وزیر دفاع کے قریبی رشتہ دار کے گھر سے کروڑوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور اسلحہ چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود بختاور والا کے رہائشی سابق وفاقی وزیر دفاع راؤ سکندر اقبال کے قریبی رشتہ دار راؤ عبدالرحمن کے گھر آتشیں اسلحہ سے مسلح پانچ نامعلوم ڈاکو داخل ہوئے اسلحہ کے زور پر اہل خانہ کو کمرے میں بند کر کے گن پوائنٹ پر گھر سے کروڑوں روپے مالیت کے 40 تولے طلائی زیورات 5 لاکھ روپے نقدی اور 2 عدد رائفلیں چھین کر فرار ہو گئے پولیس تھانہ صدر اوکاڑہ نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

گوجرانوالہ: حافظ آباد میں ملاوٹ مافیا کی شامت

ڈی جی فوڈ اتھارٹی ان ایکشن، 2 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے عائد

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) حافظ آباد میں ملاوٹ مافیا کی شامت، ڈی جی فوڈ اتھارٹی ان ایکشن، 2 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے عائد عاصم جاوید کے فوڈ سیفٹی ٹیموں کے ہمراہ گوجرانوالہ روڈ پر واقع معروف ریسٹورنٹس اور سویٹس یونٹس پر چھاپے، بھاری مقدار میں حشرات زدہ مٹھائی، ممنوعہ ایکسپائر اشیاء تلف پروسیسنگ ایریا میں صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات پر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی انتہائی لازم ریکارڈ، ملازمین کے میڈیکل اور ٹریننگ سرٹیفکیٹس عدم موجود پائے گئے۔ عاصم جاوید حافظ آباد 26 جولائی: ملاوٹ مافیا کی شامت آگ ×ی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے فوڈ سیفٹی ٹیموں کے ہمراہ گوجرانوالہ روڈ پر واقع معروف ریسٹورنٹس اور سویٹس یونٹس پر چھاپے مارتے ہو×ے 2 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے عائد کر دیا جبکہ بھاری مقدار میں حشرات زدہ مٹھائی، ممنوعہ ایکسپائر اشیاء تلف کر دی گ×یں۔ جاری تفصیلات کے مطابق پروسیسنگ ایریا میں صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات پر کارروائیاں عمل میں لا×ی گ×یں، انتہائی لازم ریکارڈ، ملازمین کے میڈیکل اور ٹریننگ سرٹیفکیٹس عدم موجود پائے گئے، پروسیسنگ سیکشن میں بدبودار ماحول، گندی نالیاں اور فروخت کے لیے تیار مٹھائی میں مکھیوں کی بھرمار پائی گئی، زنگ آلود فریز کی خستہ حالت، بال بھی موجود پائے گئے، معروف ریسٹورنٹ میں تیار کھانے بغیر ڈھانپے رکھے پائے گئے۔ عاصم جاوید نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے حکم پر تمام فوڈ پوائنٹس اور یونٹس کی چیکنگ عمل میں لائی جا رہی ہے، جعل سازی کرنے والے باز رہیں، کاروبار جڑ سے اکھاڑ دیا جائے گا۔

سیالکوٹ، ڈی ایس پی ٹریفک بابر شعیب کی مسجد میں بریفنگ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو) ڈی ایس پی ٹریفک بابر شعیب کی مسجد میں بریفنگ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی ٹریفک صدر سرکل سیالکوٹ بابر شعیب نے جامع مسجد ماڈل ٹاؤن سیالکوٹ میں انچارج ایجوکیشن ونگ ڈاکٹر شفقت رسول کے ہمراہ جامع مسجد فتح گڑھ ایجنسی میں جمعہ کے اجتماع میں آئے ہوئے نمازیوں کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے بارے بریفنگ دی۔ ڈی ایس پی ٹریفک نے لوگوں کو ٹریفک کے مسائل کے بارے پوچھا اور ان کے حل کیلئے یقین دہانی کروائی اس موقع پر DSP ٹریفک سیالکوٹ کا کہنا تھا کہ ٹریفک قوانین کی پاسداری ہمارا مذہبی فریضہ ہے اور ہم سب کو مل کر معاشرے کی بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہے لہذا ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں اور مہذب شہری ہونے کا ثبوت دیں۔ قانون شکنی وعدم برداشت جیسے رویوں سے اجتناب کیجئے تیز رفتاری سے پرہیز کیجئے کہ زندگی انمول ہے اور ایک بار ملتی ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر شفقت رسول نے شہریوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اپنی اور اپنے ملک کے شہریوں کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے نوعمر بچوں اور بغیر لائسنس ڈرائیونگ سے اجتناب کریں۔

معذور افراد کی رجسٹریشن کا عمل آخری مراحل میں ہے، آمنہ بٹ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال مس آمنہ بٹ نے کہا ہے کہ معذور افراد کی رجسٹریشن کا عمل آخری مراحل میں ہے جس کی تکمیل کیلئے محکمہ کی ٹیمیں ضلع بھر کا وزٹ کر رہی ہیں اور گھر گھر جا کر معذور افراد کی رجسٹریشن کر کے انہیں حکومتی امدادی فہرست میں شامل کیا جا رہا ہے جس سے ان کی مالی معاونت ہو گی اور وہ بھی معاشرے میں باوقار انداز میں زندگی بسر کر سکیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال شیخوپورہ رائے فیض احمد کھرل، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال تحصیل شرقپور میاں محمد اشفاق علی، سوشل ویلفیئر آفیسر ڈی ایچ کیو ہسپتال مس معظمہ اشفاق اور مینجر صنعت زار میڈم صائمہ مختار کے ہمراہ میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، مس آمنہ بٹ نے کہا کہ حکومت پنجاب کی طرف سے معذور افراد کی اعانت کیلئے اٹھایا گیا اقدام ان کی عزت نفس کے تحفظ کا ضامن ثابت ہو گا معذور افراد بھی معاشرے کا حصہ ہیں جنہیں کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

پنجاب حکومت عوامی ریلیف کے لئے بہترین اقدامات کر رہی ہے، ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت عوامی ریلیف کے لئے بہترین اقدامات کر رہی ہے ضلع اوکاڑہ میں 1866 ملین روپے کی خطیر رقم سے مکمل سیوریج سسٹم اور ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ کے منصوبے شروع کئے جا رہے ہیں جس سے اوکاڑہ کے سیوریج سے متعلقہ دیرینہ مسائل حل ہو جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی سی پی پراجیکٹس پر پیش رفت کے سلسلہ میں جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کامران بشیر ڈوگر، میونسپل آفیسر انفراسٹرکچر حافظ طلعت، پی سی پی پراجیکٹ کے ماہرین سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ میونسپل آفیسر انفراسٹرکچر حافظ طلعت نے ضلع میں جاری ترقیاتی کاموں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے کہا کہ میں ذاتی طور پر خود فیلڈ میں نکل پر ان منصوبہ جات کی نگرانی کروں گا اور اس سلسلہ میں ضلع میں جاری منصوبہ جات میں میٹریل کی کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے عوامی منصوبوں میں ناقص میٹریل استعمال کرنے والے ٹھیکیداران اور افسران کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

وزیر اعلیٰ پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹری انقلابی پروگرام ہے، منشاء اللہ بٹ

سماجی و اقتصادی معلومات کی بدولت لوگوں کی معاشی حیثیت اور مسائل کا تعین کیا جا سکے گا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف خواجہ عامر جاوید) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینیئر رہنما / رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹری (PSER) انقلابی پروگرام ہے، ٹارگیٹڈ سبسڈی کو اصل حقدار تک پہنچانے کیلئے صوبہ کے عوام کی معاشی بنیادوں پر ڈیٹا بیس کی اشد ضرورت تھی، حکومت پنجاب کے فلاح و بہبود اور امدادی پروگرامز سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے مستحق خاندان کا سربراہ اپنی رجسٹریشن کیلئے متعلقہ یوسی میں قائم رجسٹریشن سنٹر میں شناختی کارڈ اور بے فارم کے ہمراہ دفتری اوقات میں تشریف لائیں، سماجی و اقتصادی معلومات کی بدولت لوگوں کی معاشی حیثیت اور مسائل کا تعین کیا جا سکے، حکومت پنجاب PSER کے سروے اور تحقیق کی بنیاد پر مستقبل کے ترقیاتی اور سماجی بہبود کے پروگرام مرتب کرے گی جس حقیقی مستحق خاندانوں کو ان کا جائز حق امداد اور سبسڈی کی صورت میں مل سکے۔ یہ بات انہوں نے ضلع سیالکوٹ میں جاری رجسٹریشن کا جائزہ لینے دوران کیا۔ اراکین صوبائی اسمبلی فیصل اکرام اور شکیلہ آرتھر، ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین کے علاوہ تمام متعلقہ محکموں کے مقامی حکام بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر پی ایس ای آر 2024 سروے کیلئے ضلع سیالکوٹ کی 148 یونین کونسلز میں رجسٹریشن سنٹر قائم کر دیئے گئے جہاں پر یوسی سیکرٹریز نے کوائف درج کر رہے ہیں جبکہ شہری از خود بھی موبائل ایپ پر خود کو رجسٹرڈ کر سکتے ہیں۔ 8 جولائی سے ڈیجیٹیل رجسٹریشن کا آغاز کیا گیا۔ اب تک یونین کونسل میں رجسٹریشن سنٹر میں 4 ہزار 43 خاندانوں کے کوائف رجسٹرڈ کئے جا چکے ہیں۔

مسلم لیگ کی حکومت نے عوام کو مقروض کر دیا، محمد افضل وڑائچ

کرپٹ حکومت نے اقتدار کو بچانے کی خاطر عوام کو مقروض کر کے بھکاری بنا دیا

فیروز والا (فقیر حسین بھٹی) فیروزوالہ ختم نبوت پنجاب کے سینیئر نائب صدر پاکستان عوامی تحریک رہنما چوہدری محمد افضل وڑائچ نے فیروزوالہ کے سینیئر صحافی فقیر حسین بھٹی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ کی کرپٹ حکومت نے اپنے اقتدار کو بچانے کی خاطر ملک کی کروڑ عوام کو مقروض کر کے بھکاری بنا دیا ہے مگر بدعنوان کرپٹ حکمرانوں کو ذرا بھر بھی شرم نہیں آتی انہوں نے کہا کہ روزانہ میڈیا پر وزیر اعظم اپنی کارکردگی دکھانے کے لیے بلند و بانگ دعوے کرتے ہیں اور دوسرے روز مہنگائی ہو جاتی ہے نہ جانے اس حکومت نے قوم سے کون سے بدلے لینے ہیں حال ہی میں قوم کو بجلی کے بلوں میں بڑے بلند و بانگ دعوے کیے تھے اور 200 یونٹ تک عوام کو ریلیف دینے کا کہا مگر محکمہ واپڈا کے بدعنوان افسران نے ہر صارف کو 200 یونٹ سے اوپر تک اضافی بجلی کے بل بھجوائے دو روز قبل بجلی کے بل کے تنازعے میں بھائی نے اپنے بھائی کو قتل کر دیا انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری وزیر اعظم شہباز شریف سابق وزیر اعظم نواز شریف نے جو اربوں روپے باہر کے بنکوں میں رکھیں ہوئے ہیں قوم کا درد ہو تو وہ رقم پاکستان لا کر عوام کو ریلیف دیں

کامیابی پر رانا تنویر اور دیگر محسنوں کا مشکور ہوں، وسیم انجم سندھو

وزیر اعظم شہباز شریف اور نواز شریف ملک کی خوشحالی کیلئے اقدامات کر رہے

فیروز والا (فقیر حسین بھٹی) مسلم لیگ شیخوپورہ کے اقلیتی رہنما نو منتخب ایم این اے چوہدری وسیم انجم سندھو نے فیروز والا کے سینیئر صحافی فقیر حسین بھٹی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں سابق وزیر اعظم نواز شریف وزیر اعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر صنعت و تجارت رانا تنویر حسین تمام مسلم لیگی رہنماؤں کارکنوں پیر اشرف رسول کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے مجھے کامیاب کروانے کے لیے معاونت کی انہوں نے کہا میں جب سے مسلم لیگ کا آغاز ہوا رانا تنویر حسین کی قیادت میں ان کی شفقت سے مسلم لیگ ن میں ہوں مجھے مختلف سیاسی پارٹیوں نے اپنی پارٹی میں شامل ہونے کے لیے بڑے بڑے سبز باغ دکھائے مگر میں نے ٹھکرا دیا انہوں نے مزید کہا کہ سابق وزیر اعظم اور وزیر اعظم شہباز شریف ملک کی خوشحالی کے لیے اقدامات کر رہے ہیں مگر جو پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان ان کے کابینہ نے چار سال دور حکومت میں ملک کے بچے بچے کو مقروض بنا دیا ہے وہ یکدم ٹھیک نہیں ہو گا انشاء اللہ ملک میں جلد مہنگائی کا خاتمہ ہو گا اس موقع پر دیگر رہنما وائس چیئرمین چوہدری محمد زبان بھلا صدر میاں مشتاق احمد سینیئر نائب صدر بابا عبدالغنی پگ والے شہباز احمد میاں عثمان بھی موجود تھے۔

ماڈل ٹاؤن فیز 2 ممبران نے محمد خالد وسیم کو عمرہ مبارکباد دی

رفقاء کی محبتوں کے تہہ دل سے ممنون ہیں، وسیم فیملی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف خواجہ عامر جاوید) ماڈل ٹاؤن سوسائٹی پسرور روڈ فیز ٹو کے ممبران اور عہدے داران نے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی رہائش کا پر ان سے ملاقات کی اور انہیں عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی اس موقع پر آئے ہوئے مہمانوں نے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ اوران کے صاحبزادے اسامہ وسیم کو پھولوں کے ہار اور مالا پہنائیں جبکہ پھولوں کے گلدستے پیش کر کے ان کا والہانہ استقبال کیا اس موقع پر ممبران نے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ محمد خالد وسیم اوران کی فیملی کو دن دگنی اور رات چوگنی ترقی عطا کرے تا کہ وہ لوگوں کی خدمت میں اسی جذبے کے ساتھ پیش پیش رہیں محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے آئے ہوئے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پیار محبت اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے چھوٹی چھوٹی خوشیوں کی بڑھوتری کے لیے انسان کو ہمیشہ اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے تمام رفقاء اور ممبران کے مشکور ہیں جنہوں نے اپنے دل سے ہمیں تحائف پیش کر کے اپنی محبت کا اظہار کیا ہے۔

پنڈی بھٹیاں میں بسم اللہ شوارما اینڈ برگر پوائنٹ کے مضر صحت شوارما کھانے سے ایک ہی خاندان کے 12 افراد اور متعدد شہری فوڈ پوائزنگ کا شکار



جلالپور بھٹیاں (روزنامہ قوت رستم علی) جلالپور بھٹیاں پنڈی بھٹیاں میں بسم اللہ شوارما اینڈ برگر پوائنٹ کے مضر صحت شوارما کھانے سے ایک ہی خاندان کے 12 افراد اور متعدد شہری فوڈ پوائزنگ کا شکار پنڈی بھٹیاں بسم اللہ چکن شوارما اینڈ برگر پوائنٹ لاہور روڈ سے مضر صحت شوارما کھانے سے ایک ہی خاندان کے 12 افراد سمیت متعدد شہری فوڈ پوائزنگ کا شکار ہو گئے۔ متاثرین کو فوراً فاطمہ ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں کچھ مریضوں کو ڈرپ لگا کر فارغ کر دیا گیا جبکہ کچھ کو حالت نازک ہونے کے باعث ہسپتال میں داخل کرنا پڑا کیونکہ ان کو شدید انفیکشن ہوئی ہے۔ فوڈ پوائزنگ سے متاثرین کی زندگیوں کو شدید خطرہ لاحق ہے۔ اس واقعے نے علاقے میں خوف و ہراس پھیلا دیا ہے۔ عوام نے فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی پر سوال اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ تمام ہوٹلوں اور ریسٹورنٹس کی جامع جانچ پڑتال کی جائے اور مضر صحت اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ متاثرہ خاندان اس وقت ہسپتال میں زیر علاج ہے۔

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نگاروں کی نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

آج کا "مردِ حر"

پاکستان آج کل ایمرجنسی کی افواہوں کی زد میں ہے، کوئی دن نہیں جاتا جب ہمیں کوئی ایسی خبر یا واقعہ دیکھنے یا سننے کو نہ مل رہا ہو جو ملک کو عدم استحکام کی طرف لے جا رہا ہے۔ حکومت ہے تو اس کی تمام تر توجہ آئی ایم ایف سے نیا معاہدہ کرنے اور اسکی شرائط پوری کرنے کیلئے ساتھ ساتھ مہنگائی کو ظلم تسلیاں دینے اور نئے ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح تک محدود ہے۔ بعض سیکٹرز (روئی اور پیٹرولیم مصنوعات سستی ہونے) میں تھوڑا بہت ریلیف بھی ملا ہے مگر قرضوں اور گردشی قرضوں میں الجھی حکومت کیلئے اس وقت سب سے بڑا مسئلہ ملک میں سیاسی و معاشی عدم استحکام ہے۔ دوسری طرف اپوزیشن کا سارا زور حکومت اور ریاست کو پریشر میں لا کر اپنے قیدی بانی کیلئے ریلیف حاصل کرنے کے سوا کچھ نہیں۔ خان صاحب کی طرف سے اپنی گرفتاری کی صورت میں جی ایچ کیو کے سامنے احتجاج کی کال دینے کے اعتراف پر اس کے بعد سیاسی مخالفین نے ان پر تنقید کا سلسلہ تیز کر دیا ہے۔ سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور شبلی فراز کی قیادت میں پی ٹی آئی کے اتحاد کونسل کے ارکان نے قومی اسمبلی کے سامنے 4 گھنٹے کی علامتی بھوک ہڑتال سے اپنا احتجاج شروع کر دیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ نئے انتخابات کروائے جائیں۔ پاکستانی عوام اور دانشور طبقہ ... اور ملک کو ایسے میں کیا قرضوں اور مہنگائی کی عفریت میں پھنسا ملک الیکشن کی ڈیڑھ برس بعد دوبارہ عام انتخابات کا متحمل ہو سکتا ہے؟

عام پاکستانی سے پوچھیں تو وہ بجلی کے بھاری بلوں اور ٹیکسوں کی بھرمار سے بلبلایا ہوا ہے۔ اس کی دلچسپی نہ انتخابات میں ہے نہ کسی خاص جماعت کی حکمرانی، وہ صرف ملک میں امن و امان، استحکام، ترقی اور مہنگائی سے نجات چاہتا ہے۔ بجلی کے بلوں میں اضافے کی بنیادی وجہ اس میں درجنوں قسم کے ٹیکس ہیں، اس کا فیول ایڈجسٹمنٹ اور آئی پی پیز کے کیپسٹی چارجز ہیں جن کو ختم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مرکزی اور صوبائی حکومتوں کو اس طور پر آئی پی پیز کیساتھ نئے معاہدے کرنے ہوں گے، وفاقی اور صوبائی سطح پر ترقیاتی فنڈز اور سکیموں کو فریز کر کے انہیں بجلی کے بھاری بلوں کو کم کرنے پر صرف کرنا ہوگا۔

موجودہ بحران میں وہ کون سی شخصیت ہے جو مذکورہ تمام مسائل کا آؤٹ آف باکس حل نکال سکتی ہے تو میرا قیاس کہتا ہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری اس وقت پاکستان کی وہ واحد شخصیت ہیں جن کی تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ ... آصف علی زرداری دینے کی بھرپور صلاحیت اور نیت رکھتے ہیں، ان کی 69 ویں سالگرہ 26 جولائی کو ملک بھر میں منائی جا رہی ہے، پوری قوم اس مبارک موقع پر ان سے توقع کرتی ہے کہ وہ خود ایک قدم آگے بڑھ کے ملک کی تمام سیاسی قوتوں کو ایوان صدر میں گرینڈ ڈبیٹ میں شرکت کی دعوت دیں، اب یہ ہمارے سیاسی احباب پر منحصر ہے کہ وہ کب آصف علی زرداری سے استفادہ کرتے ہیں۔ جتنی جلدی وہ ایسا کر لیں گے اتنا ہی وہ ملک وقوم اور انکے حق میں بہتر ہوگا۔

تقسیم ہند کے وقت پاکستانی آفیسر کیڈٹس

دوسری جنگ عظیم کے دوران بھارت میں آفیسرز کے لئے تین اہم تربیتی ادارے تھے اور وہ تھے انڈین ملٹری اکیڈمی ڈیرہ دون۔ آفیسرز ٹریننگ سکول مہو (OTS) اور آفیسرز ٹریننگ سکول بلگام۔ یہ ٹریننگ سکولز ملٹری تربیتی ادارے تھے جو دوسری جنگ عظیم میں آفیسرز کی کمی پوری کرنے کے لئے قائم کئے گئے تھے۔ جنگ کی مجبوری کی وجہ سے اس وقت نہ تو انتخاب کا معیار اتنا سخت تھا اور نہ تربیت کا دورانیہ۔ ان دنوں جن نوجوانوں کو منتخب کیا جاتا تھا انہیں چند ماہ کی بنیادی تربیت دیکر انفنٹری افسران کو سیدھا اپنی یونٹوں میں بھیج دیا جاتا جن میں سے اکثریت محاذ جنگ پر ہوتی لیکن ٹیکنیکل آرمز میں جانیوالے افسران کو مزید بنیادی تربیت کے لئے ان کے سپیشلائزڈ تربیتی اداروں میں روانہ کیا جاتا جہاں وہ اپنے پیشے کی بنیادی تربیت حاصل کرنے کے بعد اپنی یونٹوں کے لئے محاذ جنگ پر روانہ ہو جاتے۔ انڈین ملٹری اکیڈمی ڈیرہ دون بہر حال ایک مستقل اور شاندار فوجی تربیتی ادارہ تھا جہاں دوسال کی باقاعدہ پیشہ ورانہ تربیت کے بعد نوجوان کیڈٹس کو کمیشن عطا کیا جاتا لیکن جنگ کی مجبوری سے اسے بھی وقتی طور پر شارٹ کورسز میں تبدیل کر دیا گیا۔ یہ ادارہ سینڈھرسٹ ملٹری اکیڈمی انگلینڈ کی طرز پر 1932ء میں قائم کیا گیا تھا۔

1945ء میں جب دوسری جنگ عظیم ختم ہوئی تو آفیسرز کی ضرورت کم ہوگئی۔ آفیسر ز ٹریننگ سکولز مہو اور بلگام بند کر دیئے گئے۔ ڈیرہ دون ملٹری اکیڈمی میں شارٹ کورسز ختم کر کے لانگ تربیتی کورسز دوبارہ شروع کئے گئے۔ جنگ کے خاتمے کے بعد ہندوستان کی آزادی کا عمل تیز ہوگیا جو بالآخر 1947ء میں اسکی تقسیم پر منتج ہوا۔ اس تقسیم کے اعلان کے ساتھ ہی انڈین آرمی کی تقسیم بھی شروع ہوگئی جس سے انڈین ملٹری اکیڈمی بھی نہ بچ سکی۔ تقسیم ہند کے وقت انڈین ملٹری اکیڈمی میں تیسرا آئی۔ ایم۔ اے لانگ کورس (3rd IMA long Course) چل رہا تھا۔ شروع میں تو یہ فیصلہ کیا گیا کہ پاکستانی علاقے سے تعلق رکھنے والے یا پاکستان آرمی میں جانے کے خواہشمند کیڈٹس کو اپنی تربیت انڈین ملٹری اکیڈمی میں ہی مکمل کرنے دی جائے یا انہیں اس وقت تک نہ چھیڑا جائے جب تک کہ پاکستان اپنی ملٹری اکیڈمی قائم نہیں کر لیتا جسکا کوئی فوری چانس نہ تھا۔ ایک سوچ یہ بھی تھی کہ دونوں ممالک دوست بن کر رہیں گے اور ملٹری اکیڈمی ایک ہی رہیگی لیکن ان میں سے کوئی سوچ بھی قابل عمل ثابت نہ ہوئی۔ بدقسمتی سے جب تقسیم کا عمل شروع ہوا تو یہ فوراً مذہبی جنگ کی صورت اختیار کر گیا۔ ہندو اور سکھ مسلمانوں کے خون کے پیاسے بن گئے اور کچھ ایسے ہی حالات اس طرف بھی تھے۔ اس باہمی نفرت اور عداوت کی وجہ سے پاکستانی کیڈٹس کی زندگیاں خطرے میں پڑ گئیں۔ فیصلہ کیا گیا کہ انہیں خفیہ طور پر پاکستان بھیج دیا جائے لیکن یہ فیصلہ تمام افسران اور کیڈٹس سے خفیہ رکھا گیا۔

17 اکتوبر 1947ء کی شام 5 بجے جب اکیڈمی میں ہاکی میچ کھیلا جا رہا تھا تمام کیڈٹس وہاں جمع تھے تو کمانڈنٹ بریگیڈیئر اے۔ بی بالٹراپ (Baltrop AB) وہاں آئے اور پاکستان جانے والے کیڈٹس کو علیحدہ بلا کر بتایا کہ وہ پاکستان جانے کے لئے فوری طور پر تیار ہو جائیں۔ تمام بھاری سامان اکیڈمی میں ہی چھوڑنے کا کہا گیا۔ صرف ذاتی کپڑے اور کاغذات وغیرہ لے جانے کی اجازت ملی۔ میجر ٹکا خان جو 1971ء کی جنگ کے بعد پاکستان آرمی کے چیف آف سٹاف بنا



balochsk@yahoo.com

اس وقت وہاں پر انسٹرکٹر تھا۔ اس نے فوری طور پر ان کیڈٹس کو اکٹھا کر کے پاکستان کے سفر کی تفصیل بتائی اور ان سب کی تیاری میں مدد کی۔ بھارتی افسران کے مطابق کل 67 کیڈٹس نے پاکستان آنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا جن میں سے 60 مسلمان تھے اور ایک کرسچین لیکن IMA سے آنیوالے کیڈٹس کے مطابق وہاں سے 67 کیڈٹس آئے تھے جن میں سے 64 مسلمان تھے اور 3 کرسچین۔ یہ تھے جنٹل مین کیڈٹ Cater LM جنٹل مین کیڈٹ Edward Tobin اور جنٹل مین کیڈٹ Miranda Roman۔ پہلے دو کیڈٹس غیر ملکی تھے جو شوقیہ طور پر پاکستان آئے۔ انہوں نے یہاں اپنی تربیت مکمل کی۔ کمیشن حاصل کیا۔ بعد میں Cater Edward انگلینڈ چلا گیا اور وہیں سکونت اختیار کر لی۔ Tobin آسٹریلیا جا کر سیٹل ہو گیا اور Miranda پاکستان آرمی سے میجر ریٹائر ہوا۔ اسکی فیملی راولپنڈی میں رہائش پذیر ہے۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی کے ریکارڈ میں بھارت سے کل 66 کیڈٹ آئے۔ کرسچین کیڈٹس کا ذکر موجود نہیں ہے۔

ڈیرہ دون ملٹری اکیڈمی کے گیٹ کے باہر نصف کلومیٹر کے فاصلے پر پاکستان سے گئے ہوئے ہندو اور سکھ مہاجرین کے کیمپ تھے جس وجہ سے مذہبی منافرت شدید تھی۔ خطرہ تھا کہ ان کیڈٹس پر حملہ ہو جائیگا۔ اس وجہ سے کیڈٹس کو تیار تو رکھا گیا لیکن انہیں روانگی کا وقت نہ بتایا گیا۔ ان لوگوں کے لئے فوجی ٹرانسپورٹ کا بندوبست کیا گیا اور رات ایک بجے انہیں خفیہ طریقے سے اکیڈمی سے روانہ کیا گیا۔ تاثر دیا گیا کہ کیڈٹس رات کی تربیتی مشقوں پر باہر جا رہے ہیں جو تربیتی اداروں میں روزمرہ کے معمول ہیں۔ اس لئے باہر کسی کو شک نہ گزرا۔ 2 گھنٹوں کی مسافت کے بعد یہ لوگ سہارنپور پہنچے۔ وہاں رائل انڈین ایئر فورس نمبر 31 سکواڈرن کے دس ڈکوٹا طیارے تیار تھے جنہوں نے ان کیڈٹس کو لاہور پہنچا دیا۔ کیڈٹس کے مطابق یہ طیارے پاکستان نے بھیجے تھے۔ اس وقت تک پاکستان ملٹری اکیڈمی شروع نہیں ہوئی تھی نہ ہی اسکے لئے جگہ کا انتخاب ہوا تھا لہٰذا ان تمام کیڈٹس کو وقتی طور پر مختلف یونٹوں کے ساتھ اٹیچ کر دیا گیا۔ (3rd IMA کے کیڈٹ طارق میر کے مطابق 15 ستمبر 1947ء کو اچانک نصف شب ریوالی کا بگل بجا۔ تمام کیڈٹس باہر دوڑے۔ وہاں اچانک پاکستانی کیڈٹس کو فوری روانگی کے احکامات ملے۔)

انڈین ملٹری اکیڈمی سے پاکستان آنیوالے کیڈٹس میں 2nd IMA اور 3rd IMA کورس کے نوجوان تھے۔ 2nd IMA کورس کے کیڈٹس کو تو پاکستان آتے ہی GHQ میں لا کر کمیشن دیدیا گیا لیکن 3rd IMA کے کیڈٹس کو مزید تربیت کیلئے تیار رکھا گیا تاوقتیکہ پاکستان ملٹری اکیڈمی شروع نہ ہو گئی۔

3rd IMA کورس کے بریگیڈیئر اقبال شفیع نے بتایا کہ ڈیرہ دون میں بہت سے تعلیمی ادارے تھے جہاں پاکستان سے تعلق رکھنے والے بہت سے مسلمان طلبا بھی زیر تعلیم تھے۔ IMA کیڈٹس کو جب روانگی کا حکم ملا تو یہ لوگ ان اداروں میں گئے اور وہاں زیر تعلیم طلبا کو اپنی روانگی کے متعلق بتایا۔ جلدی میں ساتھ آنے کے لئے وہ بھی تیار ہو گئے۔ یہ لوگ انہیں بھی ساتھ لے آئے۔ جہاز میں انہیں بٹھانے کی گنجائش نہ تھی تو انہیں ان کیڈٹس نے گود میں بیٹھا کر سفر کیا۔

20 جنوری 1948ء کو پاکستان ملٹری اکیڈمی شروع ہوئی تو ان تمام کیڈٹس کو مزید تربیت کے لئے کاکول بلایا گیا۔ IMA کے کیڈٹ نمبر 391 جنٹل مین کیڈٹ رحیم الدین خان پاکستان ملٹری اکیڈمی میں جنٹل مین کیڈٹ نمبر 1 قرار پائے۔ پاکستان آرمی سے بطور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل کے رینک میں ریٹائر ہوئے۔ یہ پہلا کورس IMA/PMA کہلایا۔

انڈین ملٹری اکیڈمی کے کمانڈنٹ بریگیڈیئر بالٹراپ کی شدید خواہش تھی کہ پاکستان ملٹری اکیڈمی اور انڈین ملٹری اکیڈمی دونوں حریف بننے کی بجائے دوست اداروں کے طور پر کام کریں۔ ایک دوسرے کے تجربات سے مستفید ہوں اور اگر ممکن ہو تو دونوں ممالک کے کیڈٹس ایک دوسرے کے ساتھ روابط رکھیں۔ وفود کے تبادلے ہوں۔ صحتمند مقابلے ہوں تا کہ مستقل دوستی کا ماحول قائم ہو سکے۔ کمانڈنٹ کی نیک خواہشات اپنی جگہ لیکن تقسیم کے بعد حالات نے ایسا رخ اختیار کیا کہ یہ کیڈٹس میدان جنگ میں تو ایک دوسرے کے خلاف سامنے آئے لیکن دوستی کی میز پر کبھی اکٹھے نہ ہو سکے۔ یہی تاریخ کا فیصلہ تھا۔

ملامتی یا خودکش؟

ہمارے ملامتی صوفی شعراء خود اپنی مذمت کا حوصلہ رکھتے تھے خود کو گناہ گار گردانتے تھے، کفر کا فتویٰ انکے جذبوں کو جوان کرتا وہ خود اپنی برائیاں بیان کرتے تاکہ نام نہاد پارساؤں کا پردہ چاک ہو۔ یہ اپنے وقت کے قاضیوں، حاکموں اور عالموں کی منافقت کو سرعام تنقید کا نشانہ بناتے۔ وہ اپنے گناہوں کو مشہور کر کے ان کی سزا بھی بھگتنے کیلئے تیار رہتے تھے تاکہ کوئی سچے گناہ گاروں کو پھانسی نہ چڑھا سکے اور انہیں معافی دیدے۔ ہم آج کے تضادستانی ملامت کے تو دلدادہ ہیں مگر صوفیوں کی طرح اپنی نہیں دوسروں کی ملامت کے، ہماری اس سوچ نے ہم میں سے تقریباً ہر ایک کو خودکش بنا دیا ہے، ظلم وستم کا شکار مظلوم فلسطینیوں سے بھی کہیں زیادہ خودکش بم دھماکے اس خطے میں ہوئے، ان خودکش مسلم بمباروں کا ہدف اسلام مخالف یہودی، عیسائی، کافر یا زندیق نہیں بلکہ اپنے ہی مسلمان بھائی ہیں، ہم سب خودکش کیوں ہیں؟ کوئی مذہبی خودکش ہے تو کوئی سیاسی خودکش، کوئی اپنی ہی ماں بہنوں کو مار کر پھانسی چڑھنے کو تیار ہے تو کوئی اپنی ہی ریاست کو نقصان پہنچا کر اسکی مذمت کر کے اپنے ہی پاؤں پر کلہاڑی مار رہا ہے کوئی صحافیوں کو نشانہ بنا کر خود اپنے لئے اطلاعات کا دروازہ بند کر کے زندہ درگور ہونے کا خواہشمند ہے؟ ایسا کیوں ہے؟ ملامت انسان کی اصلاح کرتی ہے جبکہ خودکش سوچ انسان کو تباہ کرتی ہے ملامت آپکو گناہِ تکبر سے بچاتی ہے جبکہ خودکش سوچ کا مطلب ہی تکبر ہے، آپ خود کو سب سے بہتر سمجھتے ہیں جبکہ آپ جنکو مارنا چاہتے ہیں آپ کو وہ سب زہر لگتے ہیں، ملامت آپ کو انکساری پر آمادہ کرتی ہے جبکہ خودکش سوچ سب کو کچل دینے کا جذبہ پیدا کرتی ہے۔ بلھے شاہ، شاہ حسین اور اس روایت کے صوفی شوخ رنگ کے کپڑے پہنتے جو معاشرتی بغاوت کی علامت تھے سرعام رقص کرتے، حکومت وقت پر تنقید کرتے مگر انکا اس میں کوئی ذاتی فائدہ نہ تھا وہ عوام پر ظلم اور عدل کے نام پر ناانصافی کے خلاف سرعام آواز بلند کرتے وہ یہ سمجھتے تھے کہ اپنے گناہ کی تشہیر کرینگے تو لوگ ان کو تحقیر سے دیکھیں گے یوں ان کے گناہ جھڑیں گے۔

ایہنا سجناں تھیں ہے بلھا او گنہار پرانا
ظلم کریں تے لوک ستاویں، کسب
پھڑ لیو لٹ کھانا

پڑھا لکھا ہو کر خود کو ان پڑھ کہنا، بڑا رتبہ رکھنے کے باوجود خود کو چھوٹا سمجھنا، مشہور ہونے کے باوجود خود کو بے نام رکھنا اور عالم فاضل ہوتے ہوئے خود کو جاہل سمجھنا ملامتی شاعروں کا طریقہ تھا۔ بلھے شاہ سید ہونے کے باوجود اپنے آرائیں مرشد کے حضور قصیدے پیش کرتے تھے شاہ حسین فخریہ خود کو جولاہا کہتے تھے مگر آج ہم علم نہ ہونے کے باوجود بحث میں کسی دوسرے کو بولنے نہیں دیتے۔ سلطان باہو فرماتے ہیں:

علم پڑھیا تے ادب نہ سکھیا،
کیہہ لینا علم نوں پڑھ کے ہو

ہم خودکش شخصیت کے بونے ہونے کے باوجود خود کو جن بنا کر پیش کرتے ہیں ہمیں تھوڑے لوگ جاننے لگ جائیں شہرت چھو بھی جائے تو ہم متکبر ہو جاتے ہیں لوگوں سے ہاتھ ملانا پڑے تو دو انگلیاں آگے کر کے اپنی بڑائی ثابت کرنیکی کوشش کرتے ہیں دو کتابیں پڑھ لیں تو ہر موضوع پر بولنے کیلئے تیار ہو جاتے ہیں ہم نے پاکستانی سیاست اور تاریخ کی مبادیات کو پڑھا نہیں مگر ہم سب پاکستانی سیاست پر بڑھ چڑھ کر ڈینگیں مارتے ہیں کیا ہمیں علم ہے کہ کمیونسٹوں کے ساتھ کیا کیا ظلم ہوئے؟ حسن ناصر کو کس طرح مارا گیا؟ نہ ہم نے جماعت اسلامی کے خلاف ریاستی کارروائیوں کا مطالعہ کیا، نہ کبھی پیپلز پارٹی اور عوامی لیگ کے کارکنوں کے ساتھ ہونیوالے مظالم کی تفصیل پڑھی اور نہ ادراک ہے کہ کتنے لیڈر سیاست کی وجہ سے پھانسیاں جھولے؟ کون سے ہزاروں، کوڑے کھا چکے، اب تک سینکڑوں جیل جا چکے اور وہ لاکھوں کون تھے جو تشدد کا نشانہ بن چکے مگر ہم خود کو سب سے بڑا تاریخ دان ثابت کرتے ہوئے فتویٰ صادر کرتے ہیں کہ جتنا ظلم اب ہو رہا ہے ایسا کبھی نہیں ہوا چونکہ پہلے ظلم کا درد کسی اور کو ہوا تھا اور اس بار کے ظلم کی تکلیف خود ہمیں ہوئی ہے اس لئے ہم تاریخ سے ماضی کا ظلم وستم مٹا کر صرف خود کو سب سے بڑا مظلوم ثابت کرنا چاہتے ہیں یہ رویے سچ کو دفن، تاریخ کو قتل اور خود اپنی سیاست کی خاطر دوسروں کیلئے زمین تنگ کرنے کے عمل کو جنم دے رہے ہیں۔

آج کل کے ہمارے چند لیڈر ریاست کیلئے خودکش بمبار بن چکے ہیں تشدد، تخریب، گالیاں اور دشنام ان کا بارود ہے بظاہر انکا نشانہ انکے سیاسی مخالف ہیں لیکن انہیں علم نہیں کہ وہ سیاست کی جس شاخ پر بیٹھے ہیں اسے خود ہی کاٹ رہے ہیں کیونکہ جو سلوک وہ خود سے اختلاف رکھنے والوں سے آج کر رہے ہیں جب تاریخ کا پہیہ گھومے گا تو یہی سلوک انکے ساتھ ہوگا، خودکش اپنی نفرت سے دوسروں کو مٹانے کی کوشش کرتا ہے مگر اسی نفرت کا نشانہ وہ خود بن کر ساتھ ہی تباہ ہو جاتا ہے۔

ماہرین نفسیات کا خیال ہے کہ خودکشی دراصل امید کے خاتمے کا نام ہے جبکہ ملامت کا جذبہ امید سے جڑا ہے۔ تضادستانی سیاست کو ڈیڈ لاک سے نکلنا ہے تو امید کو جگانا ہوگا خودکش نفسیات سے نکل کر خود احتسابی اور خود ملامتی کا رویہ اپنانا ہوگا۔ جب خود کو سب سے ایماندار، سب سے پاپولر، سب سے بہتر سمجھنا بند کرینگے تو بحرانوں کا حل نکلنا شروع ہو جائیگا، ذات اور نام کے فرعونوں کو ہر دوسرا شیطان نظر آتا ہے حالانکہ شیطان خود انکے اندر بیٹھا ہوتا ہے، انا اور تکبر جھوٹے خداؤں کو جنم دیتے ہیں ملامت انا اور تکبر کے بتوں کو توڑتی ہے۔

بدقسمتی یہ ہے کہ تضادستان کے چاروں بڑے کردار اور اداروں میں کوئی بھی ملامتی نہیں سارے کے سارے خودکش ہیں کوئی اپنی غلطی کو نہ تلاش کر رہا ہے اور نہ مان رہا ہے، سارے اپنے آپ کو پارسا اور دوسروں کو پاپی سمجھ رہے ہیں۔ کیا عدلیہ، کیا مقتدرہ، کیا حکومت اور کیا اپوزیشن، سب کے سب خودکش بمبار جیسی سوچ کے حامل بنے ہوئے ہیں خود تو اپنی تباہی کی طرف جا رہے ہیں مخالفوں کو بھی تباہ کرنا چاہتے ہیں اور نتیجے میں پورے پاکستان کو تباہی کی طرف دھکیل رہے ہیں ان میں کوئی ایک بھی ملامتی ہو جائے اپنے پاپوں اور گناہوں کو سامنے رکھ کر دوسروں کی غلطیوں اور خامیوں سے درگزر کرے تو اب بھی راستہ نکل سکتا ہے۔ عدلیہ نے کیا کیا ظلم نہیں ڈھائے تضادستان کے جسم پر بار بار زخم لگائے لیکن کوئی غلطی پر بولے تو وہ توہین عدالت کا مرتکب ٹھہرتا ہے۔ اگر ادارہ ملامتی بنتا تو بھٹو کیس کے منصفوں پر بھی دو چار فقرے ملامت کے کہہ دیتا، افتخار چودھریوں، ثاقب نثاروں، کھوسوں اور جسٹس منیروں پر بھی دو چار فتوے لگا دیتا، یہ کیا کہ نو سو چوہے کھا کر ایک حج کر لیا تو سارے گناہ معاف ہو گئے؟ دو فیصلے عوامی کر دیئے شہرت سمیٹ لی تو یہ پارسائی کے رتبے پر فائز ہو کر خودکش بن گئے؟ مقتدرہ نے کیا کیا غلطیاں نہیں کیں اور اب کیا کیا نہیں کر رہی طاقت زور اور زبردستی سے کس کس کو زیر نگیں نہیں کیا آج کے تضادستان کی تباہی میں انکا کیا کوئی کم حصہ ہے مگر ایوب خانوں، ضیاء الحقوں، یحییٰ خانوں اور پرویز مشرفوں کی قبروں پر سلامی اب بھی دی جاتی ہے نہ کوئی حرف ملامت نہ کوئی مداوا؟ ملامت کریں گے خود اپنی غلطیاں مانیں گے تب ہی تضادستان، پاکستان بنے گا۔ حکومت کو دیکھ لیں یہ لوگ ووٹ کو عزت دو کا نعرہ لگا کر پارسائی اور جمہوریت کے سنگھاسن پر بیٹھے تھے اب انہی بتوں کی بارگاہ میں پھر سے سجدہ ریز ہیں جنکے خلاف علم بغاوت کیا تھا نہ کوئی ملامت نہ کوئی مداوا؟ اسی لئے بگٹٹ سیاسی خودکشی کی طرف جا رہے ہیں آخر میں دو حرف اپوزیشن کیلئے بھی، مرشد پاک نے اپوزیشن، میڈیا اور انسانی حقوق کا اپنے دور حکومت میں جو مذاق اڑایا آج تقدیر کا پہیہ انہیں خود مظلوم کی پوزیشن میں لے آیا ہے مگر خودکش اپوزیشن آج بھی متکبر اور پارسائی کی چوٹی پر کھڑی ہے نہ ماضی پر کوئی حرف ندامت، نہ ملامت، نہ اصلاحِ احوال۔

باقی تضادستانیوں کی طرح میں بھی ایک خودکش ہوں نہ مجھے کوئی ندامت ہے نہ ملامت پر آمادہ ہوں۔

شیخ رشید کی ایک اور سچائی

امریکہ میں سیاسی صورتحال کا اتار چڑھاؤ بھی کیا مزے کا ہے۔ چند ہفتے قبل ایک حقیقی آزادی والے سکینڈل کی نمو داری کے بعد صدارتی امیدوار اور سابق صدر ٹرمپ کی مقبولیت میں 7 فیصد کمی آ گئی تھی۔ اتنی بڑی کمی شکست کی یقینی نشانی ہوتی ہے۔ لیکن پھر ان پر قاتلانہ حملہ ہوا اور مبصرین نے فوراً ہی پیش گوئی کی کہ ٹرمپ کی مقبولیت بڑھ جائے گی یعنی لوگ ان کے حقیقی آزادی والے سکینڈل کو بھول جائیں گے۔ فوری طور پر پتہ نہیں چلا کہ ٹرمپ کی مقبولیت کتنی بڑھ گئی ہے لیکن صدر جو بائیڈن اپنی ظالمانہ اور احمقانہ حرکتوں سے مسلسل تنقید کی زد میں تھے اور بضد تھے کہ وہ تو صدارتی الیکشن ضرور لڑیں گے۔ مبصرین کہہ رہے تھے کہ ٹرمپ کی جیت یقینی ہے، لوگ بائیڈن سے نفرت کرنے لگے ہیں۔ ڈیموکریٹک پارٹی کو بھی یقین ہو گیا کہ بائیڈن ایسا بوجھ بن گیا ہے جو اس کی کشتی کو ڈبو کر چھوڑے گا۔ بالآخر انہیں دستبرداری پر مجبور کر دیا گیا اور صورتحال بدل گئی۔ اب ڈیموکریٹک امیدوار کملا ہیرس کو ٹرمپ پر 2 پوائنٹس کی برتری حاصل ہو گئی ہے اور پیش گوئی ہے کہ ان کی مقبولیت مزید بڑھے گی۔ پاپولسٹ سیاست کے ہیرو ٹرمپ نان پاپولسٹ امیدوار سے ہار جائیں گے۔

کل پرسوں کی بات ہے، ایک پی ٹی آئی اینکر پرسن فرما رہے تھے کہ ٹرمپ آتے ہی عمران خان کو جیل سے چھڑا لیں گے، پھر وہ وزیراعظم بن جائیں گے۔ اور یہ بات محض اس اکیلے اینکر کی نہیں، ساری پی ٹی آئی کو یقین ہے کہ ایسا ہی ہوگا۔

بنیاد اس کی وہ استقبال ہے جو صدر ٹرمپ نے اس وقت کے وزیراعظم عمران خان کا وائٹ ہاؤس میں کیا اور ان کے ناز بھی اٹھائے۔ پی ٹی آئی سمجھتی ہے کہ یہ عشقِ ذات ہے یعنی ٹرمپ مجنوں اور عمران لیلیٰ ہیں یا ٹرمپ رومیو اور عمران جولیٹ ہیں حالانکہ یہ ایک رات کا عشق تھا۔ ٹرمپ کو افغانستان سے انخلا کیلئے پاکستان کی امداد چاہیے تھی اور وہ مودی سے کیا

گیا وعدہ بھی پورا کرنا چاہتے تھے کہ کشمیر پر متنازعہ قانون سازی پاکستان سے منوا لیں گے اور یہ دونوں کام صدر ٹرمپ نے اس شب عروسی پورے کر لئے۔ وصل کی اس شب سے خان کے چہرے پر وہ نور آیا کہ فرط مسرت سے چلا اٹھے، "آج میں نے ایک اور ورلڈ کپ جیت لیا"۔

ورلڈ کپ انہوں نے نہیں، ٹرمپ نے جیتا تھا اور ایک نہیں، دو دو جیتے تھے۔ اب کہاں کا عشق، کیسا عشق، مستقبل قریب میں امریکہ کو پاکستان سے ایسے کسی تقاضے کی حاجت نظر نہیں آتی کہ ایک اور شب عشرت کی ضرورت پڑے۔

بہرحال، دونوں صورتوں میں، پی ٹی آئی کیلئے فصل گل کھلتی ہوئی نظر نہیں آتی۔ ہجر کی رات لمبی سے لمبی تر ہوتے چلے جانے کے امکانات وافر بھی ہیں اور روشن بھی۔

غزہ کی 15 لاکھ آبادی 28 کلومیٹر رقبے کے تنگ پنجرے میں بند کر دی گئی ہے۔ شیخوپورہ شہر کا رقبہ 75 کلومیٹر ہے اور آبادی 5 لاکھ اور لوگ کس طرح ٹھسے ہوئے ہیں۔ شیخوپورہ شہر سے اڑھائی گنا کم رقبے میں اس سے تین گنا زیادہ آبادی بند کر دی گئی ہے، کیا سماں ہوگا۔

اور کیا سماں ہوتا ہے جب کسی علاقے میں اسرائیلی ڈرون طیاروں سے اعلان ہوتا ہے کہ 15 منٹ میں اس علاقے سے نکل جاؤ، اس کے بعد بمباری ہوگی اور لوگ دیوانہ وار، کوئی سامان لئے بغیر دوڑ پڑتے ہیں کسی ایسی منزل کی طرف جسے انگریزی میں NO WHERE کہا جاتا ہے اور انہیں نکلے ابھی ایک منٹ بھی نہیں ہوتا کہ ان پر بمباری شروع ہو جاتی ہے۔ بھاگتے ہوئے لوگ لاشیں بن کر گرنے لگتے ہیں۔

غزہ میں ہر طرف لاشیں اور جنازے ہیں، زندے مردوں سے بدتر ہیں کہ انہیں پانی نہیں ملتا، خوراک تو دور کی بات، ہر طرف ایسے بچے نظر آتے ہیں جن کی دونوں ٹانگیں یا دونوں بازو یا ایک ٹانگ یا ایک بازو کٹا ہوتا ہے۔ ایک ڈاکٹر نے اپنی بچی، اپنی سگی بیٹی کی خطرناک حد تک زخمی ٹانگ کو بغیر انستھیزیا دیئے کلہاڑی سے کاٹی، تب کیا سماں ہوگا۔

حماس کی مزاحمت اور اس بے تحاشا بمباری سے اسرائیلی معیشت کو ناقابل تصور، ازحد ناقابل تصور نقصان پہنچا ہے، پھر بھی اس کی قیادت زیادہ فکر مند نہیں۔ وجہ اس کی صاف ہے۔ خلیج کے دو مالدار ترین عرب ممالک نے سارا معاشی ازالہ کرنے کا بندوبست کیا ہے۔ جتنی رقم لگتی ہے، لگاؤ، بے فکر ہو کر لگاؤ، سارا نقصان ہم بھریں گے۔ ادھر شمال میں ارطغرل سلطان نے ایک دن کیلئے بھی اسرائیل کو ایندھن، خوراک، پھلوں اور صاف پانی کی سپلائی میں خلل آنے نہیں دیا۔

بعض اطلاعات کے مطابق ارطغرل غازی سلطان نے اپنے ساختہ ہتھیار بھی اسرائیل کو دیئے ہیں۔ سیاں بھئے چاروں اور، ڈر کا ہے کا۔ ادھر امریکہ نے ہتھیاروں کی سپلائی کا تانتا باندھ رکھا ہے۔ اسرائیل کا اسلحہ خانہ کبھی کم ہی نہیں ہوتا، بدستور بھرے کا بھرا رہتا ہے۔

غزہ کی سرزمین غزہ والوں کیلئے وادی تیہہ بن گئی ہے۔ یہاں سے وہاں بھاگتے ہیں، وہاں سے پھر یہاں پلٹا دیئے جاتے ہیں، یہاں سے پھر وہاں بھاگنے کا حکم ہوتا ہے۔ بنی اسرائیل کو جو بے منزل گردش درپیش تھی اس میں موت کے فرشتوں کی کل وقتی یلغار اور زندہ جلا دینے والے بموں کی بوچھاڑ شامل نہیں تھی۔ یہ استثنیٰ غزہ والوں کو حاصل ہیں، ان کی گنتی ہر دن نہیں، ہر گھنٹے کے حساب سے کم ہوتی جا رہی ہے۔ جو بچے حملے کے شروع میں دو سال کے تھے، اب ان میں جو بچ گئے، وہ تین سال کے ہیں اور انہیں یہ بات سمجھ نہیں آ رہی کہ دنیا ان پر بم کیوں برسا رہی ہے۔ ان میں سے اکثر چار سال کے نہیں ہو پائیں گے۔

نماز قصر اور خواب، احادیث نبوی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی روشنی میں!!!!

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم (مکہ میں فتح مکہ کے موقع پر) انیس دن ٹھہرے اور برابر قصر کرتے رہے۔ اس لیے انیس دن کے سفر میں ہم بھی قصر کرتے رہتے ہیں اور اس سے اگر زیادہ ہو جائے تو پوری نماز پڑھتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم مکہ کے ارادہ سے مدینہ سے نکلے تو برابر نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم دو، دو رکعت پڑھتے رہے۔ یہاں تک کہ ہم مدینہ واپس آئے۔ میں نے پوچھا کہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا مکہ میں کچھ دن قیام بھی رہا تھا؟ تو اس کا جواب انسؓ نے یہ دیا کہ دس دن تک ہم وہاں ٹھہرے تھے۔ وہب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے منیٰ میں امن کی حالت میں ہمیں دو رکعت نماز پڑھائی تھی۔

ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جب زمانہ قریب ہو جائے گا تو مومن کے خواب کم ہی جھوٹے ہوں گے، ان میں سب سے زیادہ سچے خواب والا وہ ہوگا جس کی باتیں زیادہ سچی ہوں گی، مسلمان کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ خواب تین قسم کے ہوتے ہیں، بہتر اور اچھے خواب اللہ کی طرف سے بشارت ہوتے ہیں، کچھ خواب شیطان کی طرف سے تکلیف و رنج کا باعث ہوتے ہیں، اور کچھ خواب آدمی کے دل کے خیالات ہوتے ہیں، لہٰذا جب تم میں سے کوئی ایسا خواب دیکھے جسے وہ ناپسند کرتا ہے تو کھڑا ہو کر تھوکے اور اسے لوگوں سے نہ بیان کرے، آپ نے فرمایا: میں خواب میں قید (پیر میں بیڑی پہننا) پسند کرتا ہوں اور طوق کو ناپسند کرتا ہوں، قید سے مراد دین پر ثابت قدمی ہے۔ عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ عطاء بن یسار مصر کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ میں نے ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ قرآن کریم کی آیت (ترجمہ) ان کے لیے دنیاوی زندگی میں بشارت ہے (یونس) کے بارے میں پوچھا

lahore1947@gmail.com

تو انہوں نے کہا: جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے اس کے بارے میں پوچھا ہے، تمہارے سوا صرف ایک آدمی نے مجھ سے پوچھا ہے، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے اس کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا: جب سے یہ آیت نازل ہوئی ہے اس کے بارے میں تمہارے سوا کسی نے نہیں پوچھا، اس سے مراد نیک اور اچھے خواب ہیں جسے مسلمان دیکھتا ہے یا اسے دکھایا جاتا ہے۔ عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے قرآن کریم کی آیت کریمہ کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا: اس سے مراد اچھے اور نیک خواب ہیں جسے مومن دیکھتا ہے یا اسے دکھایا جاتا ہے۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا، اس لیے کہ شیطان میری شکل اختیار نہیں کر سکتا ہے۔

ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: اچھے خواب اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں، اور برے خواب شیطان کی طرف سے، لہٰذا جب تم میں سے کوئی ناپسندیدہ خواب دیکھے تو تین بار اپنے بائیں طرف تھوکے اور اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے، ایسا کرنے پر وہ اسے نقصان نہیں پہنچا سکتا ہے۔ ابورزین عقیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: مومن کا خواب نبوت کا چالیسواں حصہ ہے اور خواب کی جب تک تعبیر نہ بیان کی جائے وہ ایک پرندے کے پنجہ میں ہوتا ہے، پھر جب تعبیر بیان کر دی جاتی ہے تو وہ واقع ہو جاتا ہے۔ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: خواب تین قسم کے ہوتے ہیں، ایک خواب وہ ہے جو سچا ہوتا ہے، ایک خواب وہ ہے کہ آدمی جو کچھ سوچتا رہتا ہے، اسی کو خواب میں دیکھتا ہے، اور ایک خواب ایسا ہے جو شیطان کی طرف سے ہوتا ہے اور غم وصدمہ کا سبب ہوتا ہے، لہٰذا جو شخص خواب میں کوئی ناپسندیدہ چیز دیکھے تو اسے چاہیئے کہ وہ اٹھ کر نماز پڑھے، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کہا کرتے تھے مجھے خواب میں بیڑی کا دیکھنا اچھا لگتا ہے اور طوق دیکھنے کو میں ناپسند کرتا ہوں، بیڑی کی تعبیر دین پر ثابت قدمی (جے رہنا) ہے، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم فرمایا کرتے تھے: جس نے خواب میں مجھے دیکھا تو وہ میں ہی ہوں، اس لیے کہ شیطان میری شکل نہیں اپنا سکتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم فرمایا کرتے تھے: خواب کسی عالم یا خیرخواہ سے ہی بیان کیا جائے۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو شخص جھوٹا خواب بیان کرے قیامت کے دن اسے جو کے درمیان گرہ لگانے پر مکلف کیا جائے گا۔ عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ نبی اکرمؐ نے فرمایا: جو شخص جھوٹا خواب بیان کرے تو قیامت کے دن دو جو کے درمیان گرہ لگانے پر مکلف کیا جائے گا اور وہ ان دونوں کے درمیان گرہ ہرگز نہیں لگا سکے گا۔

عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہؐ کو فرماتے سنا: میں سویا ہوا تھا کہ اس دوران میرے پاس دودھ کا ایک پیالہ لایا گیا، میں نے اس سے پیا پھر عمر بن خطاب کو دے دیا، صحابہ نے عرض کیا: اللہ کے رسول! آپ نے اس کی کیا تعبیر کی؟ فرمایا: علم سے۔

ابوامامہ بن سہل بن حنیفؓ بعض صحابہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرمؐ نے فرمایا: میں سویا ہوا تھا دیکھا: لوگ میرے سامنے پیش کیے جا رہے ہیں اور وہ قمیص پہنے ہوئے ہیں، بعض کی قمیص چھاتی تک پہنچ رہی تھی اور بعض کی اس سے نیچے تک پہنچ رہی تھی، پھر میرے سامنے عمر کو پیش کیا گیا ان کے جسم پر جو قمیص تھی وہ اسے گھسیٹ رہے تھے، صحابہ نے عرض کیا: اللہ کے رسول! آپ نے اس کی کیا تعبیر کی؟ آپ نے فرمایا: دین سے۔

ہمارے کسانوں سے حکومتی بے رُخی

یورپ کے کئی ملکوں میں گزشتہ دو تین برسوں کے دوران کسانوں کے بھرپور احتجاج ہوئے۔ اکثر مقامات پر وہ اپنے کھیتوں سے اُگائی اجناس کی "پہاڑیاں" بنا کر جلاتے رہے۔ وجہ اس کی یہ بتائی گئی کہ بازار میں ان کی قیمت اُس خرچ کے برابر بھی نہیں تھی جو مذکورہ اجناس پیدا کرنے پر صرف ہوا تھا۔ فرانس میں کسانوں کی ایسی ہی تحریک بعد ازاں بے روزگاروں اور کم آمدنی والوں کے دلوں میں جمع ہوئے غصے کے ساتھ مل کر ایک عوامی تحریک کی صورت اختیار کر گئی۔ اس نے کئی مہینوں تک اس ملک میں روزمرہ کی زندگی کو مفلوج بنا دیا۔ کرونا کی وباء نمودار نہ ہوتی تو شاید فرانس اگر ایک اور انقلاب نہیں تو خانہ جنگی سے ہر صورت دوچار ہو جاتا۔

پاکستان کے دارالحکومت میں بیٹھ کر یورپی کسانوں کے احتجاج کی کہانیاں پڑھتے ہوئے میں ان کی پریشانیوں کو کماحقہ انداز میں سمجھ نہ پایا۔ چند ہی ماہ بعد مگر بھارت کے پنجاب میں بھی کسانوں کی تحریک شروع ہو گئی۔ پنجاب کے دیہات سے قافلوں کی صورت روانہ ہو کر وہ دلی کی جانب مارچ کرنے لگے۔ مودی حکومت نے گھبرا کر دلی میں داخلے کے کئی راستے سیل کر دیئے۔ ایسے ہی ایک راستے کے باہر کسان کئی ماہ تک دھرنا دیئے بیٹھے رہے۔ بالآخر مودی حکومت کو ان کے بیشتر مطالبات سر جھکا کر تسلیم کرنا پڑے۔

کسانوں کے دلوں میں مودی حکومت کے خلاف جو غصہ جمع ہو رہا تھا اس کا ساتھ مودی کی مخالف ملک گیر جماعتوں نے بھی نہیں دیا۔ کانگریس کی بے اعتنائی تو ایک حد تک سمجھی جا سکتی تھی۔ بھارتی پنجاب کی مگر ایک طاقتور جماعت اکالی دل بھی ہے۔ بنیادی طور پر وہ سکھوں کی مذہبی اعتبار سے جداگانہ شناخت کو ترجیح دینے والی جماعت تصور ہوتی ہے۔ وسیع تر تناظر میں البتہ اس کو بھارتی پنجاب میں آباد

کسانوں کی نمائندہ بھی مانا جاتا ہے۔ یہ جماعت متعدد بار صوبائی حکومتیں بھی بناتی رہی ہے۔

اپنی مخصوص پہچان کے باوجود اکالی دل کسانوں کے اضطراب سے پرخلوص وابستگی دکھانے میں ناکام رہی۔ اس کی عدم دلچسپی نے کیجریوال کی بنائی "عام آدمی پارٹی" کو بھارتی کسانوں میں مقبول بنانا شروع کر دیا۔ مذکورہ جماعت دلی کی مقامی حکومت کو غریب پرور رویے کے ساتھ چلا رہی ہے۔ لوک سبھا کے حالیہ انتخاب کے قریب مودی حکومت نے اس جماعت کے بانی "اروند کیجریوال" کو بدعنوانی کے مختلف مقدمات میں الجھا کر جیل بھیج دیا۔ ہائی کورٹ سے اسے ضمانت بھی نہ مل پائی۔

سپریم کورٹ نے البتہ اسے انتخابی مہم چلانے کے لئے کچھ دنوں کے لئے "پیرول" پر رہا کیا۔ پولنگ سے دو روز قبل اسے مگر واپس جیل جانا پڑا۔ انتخابی نتائج کا اعلان ہونے کے چند ہفتے بعد وہ بالآخر سپریم کورٹ ہی سے ضمانت پر رہا ہوا ہے۔

یورپ سے شروع ہو کر بھارتی پنجاب کے کسانوں کے دلوں میں اُبلتے اضطراب کا ذکر میں گزشتہ چند دنوں سے پاکستانی پنجاب کے مختلف اضلاع سے آئے ٹیلی فونوں کی وجہ سے کرنے پر مجبور ہوا ہوں۔ بنیادی اور نسلی اعتبار سے میں "شہری" مزاج کا حامل ہوں۔ زراعت سے میرے دور پرے کے کسی رشتے دار کا سرسری تعلق بھی نہیں رہا۔ میری بیوی کو وراثت میں لیکن اسلام آباد کے نواح میں زمین کا ایک ٹکڑا ملا ہے۔ اس رقبے سے کاشت کاری کے ذریعے اضافی پیسے کمانا ممکن ہی نہیں۔ جنرل مشرف نے 2007ء کے آخری ایام میں ایمرجنسی پلس لگا کر بے روزگار بنا دیا تو وقت گزاری کے لئے اس رقبے پر چلا جاتا۔ جی بہلانے کو وہاں گھریلو استعمال کے لئے سبزیاں اُگانے کی کوشش کی۔ دودھ دینے والے دو تین جانور بھی رکھ لئے۔ کئی برس گزرنے کے بعد مگر دریافت ہوا کہ یہ دونوں کام میرے بس سے باہر ہیں۔ اپنی اوقات سے کہیں زیادہ رقم کے مسلسل ضیاع کے بعد اب کانوں کو ہاتھ لگا کر شوقیہ کاشت کاری سے دست بردار ہو چکا ہوں۔

سبزیوں کی کاشت اور دودھ کے جانور پالنے میں کچھ عرصہ دلچسپی لینے کی بدولت البتہ یہ جان لیا کہ ہمارے ہاں موسمی تبدیلیاں کاشت کار کے لئے عذاب کی صورت اختیار کر رہی ہیں۔ اس کے علاوہ حکومت کی پالیسیاں بھی ہیں جو کاشت کار کو مزید بدحال بنا رہی ہیں۔ رواں برس کے مارچ/اپریل میں گندم کی ریکارڈ پیداوار ہوئی تو کسان کو "طلب ورسد" پر مبنی نظام کی سفاکی کے سپرد کر دیا گیا۔ مثال کے طور پر وفاقی وزیر خزانہ کے اجداد یقیناً کاشت کار رہے ہوں گے۔ وہ مگر کندھے اُچکا کر حکومت کو گندم کی خریداری میں ملوث کرنے کی مخالفت کرتے رہے۔ پنجاب حکومت وفاقی حکومت کی مدد کے بغیر گندم کی سرکاری طور پر طے ہوئی قیمت ادا کرتے ہوئے کسانوں سے گندم لے کر اسے ذخیرہ کرنے کی صلاحیت سے محروم تھی۔ ریکارڈ بناتی تعداد میں گندم پیدا کرنے کے باوجود بالآخر کاشت کار رُل گیا۔ بازار میں سرکاری طور پر طے ہوئے ریٹ سے کہیں کم قیمت پر گندم بیچنے کے باوجود اب بھی کئی کسان ہزاروں من گندم اپنے ہاں رکھے ہوئے ہیں جو ذخیرہ کرنے کے مناسب انتظامات نہ ہونے کی وجہ سے تباہ ہو رہی ہے۔

کاشت کار ابھی ریکارڈ بناتی گندم پیدا کرنے کے "گناہ" کی سزا بھگت ہی رہا تھا تو جولائی کی 15 تاریخ سے مکئی کی کٹائی شروع ہو چکی ہے۔ حکومت تاریخی اعتبار سے مکئی کی قیمت کا تعین نہیں کرتی۔ بازار ہی اس کی قیمت طلب ورسد کی بنیاد پر طے کرتا ہے۔

بجلی کا بحران، مہنگائی اور افراتفریح کا موجد ہے

مہنگی بجلی تمام پاکستانیوں کے لیے ناقابل برداشت ہو چکی ہے۔ بجلی کی زیادہ قیمت شہریوں کو غربت میں دھکیل رہی ہے اور کاروباروں کو دیوالیہ کر رہی ہے۔ بجلی پاکستان کی صنعتوں کے لیے سب سے اہم مسئلہ ہے اور یہ براہ راست 240 ملین لوگوں کی زندگیوں کو متاثر کرتی ہے۔ یہ وہ الفاظ ہیں جو پاکستان کے پڑھے لکھے اور کاروباری افراد کی جانب سے ہیں، سیاست دانوں کی رسہ کشی کا اثر چاہے حکومت کے قائم رہنے پر کوئی اثر انداز نہ ہو مگر اس مہنگائی کے دور میں جہاں اشیاء ضروریات قیمتیں عوام کی پہنچ سے بہت دور ہو چلی ہیں اسکا اثر ضرور حکومت پر پڑ سکتا ہے، ملک میں بجلی کا بحران بھی ہمارے سیاست دانوں کی دین ہے، سیاست دان ڈیم نہیں بننے دیتے اسے سیاست کی نظر کر دیتے ہیں کالا باغ جیسا ملک کیلئے فائدہ مند ڈیم سیاست کی نظر کر دیا گیا۔ عوام سیاست دانوں کی چکر ویو میں پھنسے ہیں پنجاب کے لوگوں کو کالا باغ ڈیم کی افادیت اور تفصیلات کا نہیں پتہ مگر چونکہ پنجاب کے لیڈران اسے مفید قرار دیتے ہیں اسلئے وہ بھی حمایت کرتے ہیں اسی طرح سندھ، سرحد کے عوام اسکی مخالفت کرتے ہیں اسکی وجہ ان کے لیڈران کے بیانات ہیں اگر ان صوبوں کے عوام سے پوچھا جائے کہ کالا باغ ڈیم بننے کی خبر پر آپ کیوں مارنے مرنے کی بات کرتے ہیں تو ان معصوم لوگوں کو نہیں پتہ یہ ڈیم ہے کیا؟؟ ملک کی مارشل لائی حکومتیں (جو کسی کو جواب دہ نہیں ہوتی) وہ بھی کالا باغ ڈیم پر اس خوف سے کہ انکی حکومت چلی جائے گی منافقت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ ہی عالم سیاسی حکومتوں کا بھی ہے جو مستقبل میں پاکستان کو روشن نہیں دیکھنا چاہتے وہ اپنی اپنی باری لیکر، ملک کی معیشت کو خراب سے خراب تر کر کے چلے جاتے ہیں۔ سپریم کورٹ کے ایک چیف جسٹس میاں ثاقب نثار بھی اس میدان میں کودے اور پاکستان میں ڈیم سازی کیلئے

ریٹائرمنٹ کے ساتھ اعلان کیا کہ ٹینٹ لگا کر بیٹھیں گے اور ڈیم کیلئے چندہ جمع کرینگے وہ اپنے جانبدارانہ فیصلوں کی بناء اتنے متنازع ہو چکے تھے ڈیم کیلئے کیا پیسہ جمع کرتے؟ ایک دن خبر آئی کہ وہ بھی پاکستان کی دیگر اشرافیہ کی طرح عوام کو سبز باغ دکھا کر بدیس سدھار گئے۔ توانائی کے مسئلے پر عوام کو خوب بے وقوف بنا کر پاکستان کی اشرافیہ نے ڈیم بننے نہیں دیئے اور سستی بجلی کا جھانسہ دیکر بجلی فراہم کرنے کیلئے پرائیوٹ IPP بنائیں اور پاکستان کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا، اور تا حال لوٹ رہے ہیں ان اداروں کے مالکان حکومت میں رہے ہیں اور ہیں وزارت توانائی بھی لی اور ملک کو توانا کرنے کے بجائے اپنے بنک اکاؤنٹ کو توانا کیا۔ عوام کیلئے بجلی کا بحران پیدا کرنے والے پاکستان کے 40 خاندان ہیں کوئی ادارہ، کوئی عدلیہ، کوئی حکومت ان پر ہاتھ نہیں ڈال سکتی ایک سابقہ وزیر محمد علی نے ایک تفصیلی رپورٹ لکھی تھی جس میں بتایا گیا تھا کہ حکومتی نااہلی اور آئی پی پی کی غلط بیانیوں کی وجہ سے سینکڑوں اربوں کا نقصان ہو رہا ہے۔ وہ رپورٹ آج تک مکمل طور پر نافذ نہیں کی گئی۔ کیوں؟ حکومت نے اس رپورٹ میں مطالبہ کردہ فرانزک آڈٹ کا حکم کیوں نہیں دیا؟ آئی پی پی معاہدوں کے تحت، پاکستان اربوں روپے ان کمپنیوں کو ادا کرتا ہے جو بجلی پیدا نہیں کرتیں۔ یہ دیوانگی ہے۔ حکومت کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ 240 ملین پاکستانیوں کی بقا زیادہ اہم ہے یا 40 خاندانوں کے لیے یقینی منافع؟؟

پاکستان چند سالوں میں ایک ہی غلطیاں دوبارہ نہیں برداشت کر سکتا صرف اس لیے کہ نئے سرمایہ کاروں کا ایک گروپ کچھ نہ کرنے کے عوض پیسہ کمانا چاہتا ہے۔ ہمارا ملک تمام وسائل سے مالا مال ہے۔ ہمیں خوشحالی کے لیے صرف بدانتظامی کا خاتمہ چاہیے۔

پاکستان اپنی ضرورت سے تقریباً 12000 میگاواٹ زیادہ بجلی پیدا کرتا ہے۔ تو پھر ہمارے پاس لوڈ شیڈنگ کیوں ہے؟ اگر ہمارے پاس اضافی بجلی ہے تو بجلی کی قیمت میں دن بدن اضافہ کیوں ہو رہا ہے؟ یہ وہ سوالات ہیں جو بہت سے پاکستانی پوچھتے ہیں، مسئلہ صرف اور صرف بہتر انتظام کا نہ ہونا ہے، حکومت لگتا ہے خوف کھاتی ہے کہ یہ چالیس خاندان جو توانائی کے شعبہ میں عوام کا اربوں روپیہ کھاتے ہیں انکا تعلق پاکستان کی سیاست اور اس میں موجود اشرافیہ کا ہے حکومت کو اپنے قیام کیلئے ووٹ بھی اسمبلی میں چاہیئے ہیں یا پھر حکومت صرف اور صرف IMF کا حکم ماننے کیلئے بنائی گئی ہے۔ اگر عوام کو بجلی سستی مل جائے تو مہنگائی از خود کم ہو جائے گی۔ جو بھی حزب اختلاف ہے یا حکومت مخالف ہے وہ 9 مئی کے شاہکاروں کی حمایتی نہیں ہے عوام کے مسائل ہیں جنہیں 9 مئی کے شاہکار استعمال کرتے ہیں جبکہ انکے دور میں کوئی دودھ کی نہریں نہیں بہہ رہی تھیں پاکستان میں، پاکستان کے بہت سے دکھ انکے دور حکومت کے ہیں، اور آج تک وہ ملک کی جڑوں میں بیٹھے ہیں انکی بلیک میلنگ نے عدلیہ کو تقسیم کر دیا ہے، اب تو ISPR بھی چیخ پڑی ہے کہ عدلیہ کوئی ملک کا بھی خیال کرے ISPR کی پریس کانفرنس میں کہا گیا ہے کہ "دنیا میں عدالتیں انصاف فراہم کرتی ہیں، انصاف کو فروغ دیتی ہیں مگر ہماری عدلیہ فاشزم پھیلا رہی ہے" معزز عدلیہ تو از خود ہی نیا آئین لکھنے کے درپے ہے اور عقل وسمجھ سے دور فیصلے کر کے معزز عدلیہ 9 مئی کے شاہکاروں کے حوصلے بڑھا رہی ہے، ڈیجیٹل میڈیا سے ملک اور دنیا بھر میں یہ لوگ اربوں ڈالرز خرچ کر کے ملک کی مسلح افواج کے خلاف پروپیگنڈہ کر رہے ہیں، ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی ہوئی، نواز شریف کی حکومت کو دو مرتبہ برطرف کیا گیا، مگر کبھی انکے چاہنے والوں نے سڑکوں پر آ کر وہ شرم انگیز افراتفری نہیں پھیلائی جو ان شاہکاروں نے کی۔

بین براؤن شاندار سینچری کرنے کے بعد داد وصول کرتے ہوئے

ویرات کوہلی کو چیمپئنز ٹرافی کیلئے لازمی طور پر پاکستان آنا چاہیے، یونس خان

کراچی (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق کپتان یونس خان نے ویرات کوہلی کے کیریئر میں پاکستانی ٹور کو لازمی قرار دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق بھارتی کرکٹ ٹیم نے آخری مرتبہ 2008 میں ایشیا کپ کیلئے پاکستان کا دورہ کیا تھا، دونوں ممالک کے درمیان آخری باہمی سیریز 2013 میں بھارت میں کھیلی گئی تھی، اس کے بعد وہ صرف ایشیائی یا آئی سی سی ایونٹس میں ہی ایک دوسرے کے مدمقابل آتی ہیں۔ اب آئندہ برس پاکستان کو چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی کرنا ہے مگر بھارت اس ٹور سے بھی جان چھڑانے کی کوشش میں ہے، البتہ سابق پاکستانی کپتان یونس خان نے بھارت پر زور دیا کہ اسے یہ ٹور ضرور کرنا چاہیے، ایک نجی ٹی وی پروگرام میں انھوں نے کہا کہ ویرات کوہلی کو چیمپئنز ٹرافی کیلئے لازمی طور پر پاکستان آنا چاہیے۔ یہ ہماری بھی خواہش ہے کہ وہ یہاں آکر پرفارم کریں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ واحد چیز ہے جو کوہلی کے کیریئر میں اب تک نہیں شامل ہوئی، انھوں نے پاکستان میں پرفارم نہیں کیا ہے۔ یاد رہے کہ کوہلی نے پاکستان کے 2012-13 کے دورۂ بھارت کے دوران محدود اوورز کی باہمی سیریز کھیلی تھی، اس کے بعد وہ ایشیا کپ اور ورلڈکپ میں گرین شرٹس کے خلاف بہتر پرفارم کرتے رہے تاہم کبھی پاکستان ٹیم کے خلاف ٹیسٹ میچ نہیں کھیلا، وہ جونیئر کرکٹر کے حیثیت سے ایک بار پاکستان آ چکے ہیں۔

ہربھجن سنگھ نے بھارتی ٹیم کے پاکستان آنے پر زہر اگلنا شروع کردیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق اسپن بولر ہربھجن سنگھ نے چیمپئنز ٹرافی کے لیے بھارتی ٹیم کے پاکستان آنے کے راستے پر ابھی سے ہی کانٹے پھینکنا شروع کردیئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہربھجن سنگھ نے کہا کہ بھارتی کرکٹ ٹیم کو اگلے سال ہونے والی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے لیے پاکستان کا سفر نہیں کرنا چاہیے کیونکہ پڑوسی ملک میں سیکیورٹی کی صورتحال اب بھی غیر مستحکم ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سابق کرکٹر نے بھارتی ٹیم کی ٹورنامنٹ میں شرکت اور پاکستان جانے کی تصدیق کرنے سے پہلے حکومت سے منظوری لینے کے بھارتی بورڈ کے فیصلے کی بھی حمایت کی۔ ہربھجن سنگھ نے کہا کہ بھارتی ٹیم پاکستان کیوں جائے؟ پاکستان میں حفاظت کے خدشات ہیں، پاکستان میں حالات ایسے ہیں کہ تقریباً ہر روز حادثات ہوتے رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نہیں سمجھتا کہ وہاں جانا بھارتی ٹیم کے لیے محفوظ ہے۔ اور بی سی سی آئی کا مؤقف بالکل درست ہے اور ہمارے کھلاڑیوں کی حفاظت سے زیادہ کوئی چیز اہم نہیں ہے، میں کرکٹ بورڈ کے مؤقف کی حمایت کرتا ہوں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کرکٹ بورڈ نے اس معاملے پر تبصرہ کرنے سے گریز کیا ہے اور کہا ہے کہ حکومت ٹیم کے پاکستان جانے سے متعلق فیصلہ کرے گی۔ واضح رہے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی فروری 2025 میں پاکستان میں شیڈول ہے۔

پاکستان کرکٹ ٹیم کی جانب سے کھیلنے میں اب کوئی دلچسپی نہیں رہی، شعیب ملک

اب جب بھی ریٹائرمنٹ کا اعلان کروں گا تو وہ مکمل طور پر کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان ہوگا، انٹرویو

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز کھلاڑی شعیب ملک نے کہا ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کی جانب سے کھیلنے میں مجھے اب کوئی دلچسپی نہیں رہی ہے۔ گزشتہ روز شعیب ملک نے ڈیجیٹل پلیٹ فارم یوٹیوب پر انٹرویو دیا ہے۔ انٹرویو کے دوران سوال کیا گیا کہ 'کیا اب بھی آپ پاکستان ٹیم کے لیے دستیاب ہیں؟ جواب میں شعیب ملک کا کہنا تھا کہ میں بہت مطمئن اور بہت خوش ہوں، میں بہت برسوں تک پاکستان کے لیے کھیلا۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ مجھے اب قومی ٹیم کی جانب سے کھیلنے میں کوئی دلچسپی نہیں رہی ہے، دو فارمیٹ سے تو میں پہلے ہی ریٹائرمنٹ کا اعلان کرچکا ہوں، بس ایک فارمیٹ رہتا ہے مگر پاکستان کے لیے کھیلنے میں اب کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ شعیب ملک نے کہا ہے کہ پہلے بھی ایک انٹرویو میں کہہ چکا ہوں کہ اب جب بھی ریٹائرمنٹ کا اعلان کروں گا تو وہ مکمل طور پر کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان ہوگا۔ شعیب ملک نے مزید کہا کہ میں ابھی مکمل طور پر کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان نہیں کر رہا ہوں مگر ہاں البتہ میں لیگز کھیل رہا ہوں اور جب جب موقع ملے گا میں لیگز کھیلتا رہوں گا۔ انٹرویو کے دوران شعیب ملک نے قومی ٹیم کے کپتان بابر اعظم اور ٹیم میں سرجری سے متعلق بھی بات کی۔ اُن کا کہنا تھا کہ 2 سے 3 افراد سے ذمہ داری واپس لے لینا کسی بھی مسئلے کا حل نہیں ہے، آپ جب کسی کو لے کر آتے ہیں تو اسے پورا وقت بھی ملنا چاہیے، اس سے چیزیں ٹھیک ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی میں صلاحیتیں موجود ہیں لیکن اسے اندازہ ہو کہ پتہ نہیں وہ رہے گا بھی یا نہیں یا وہ راتوں رات تبدیل ہوجائے گا تو وہ کیسے ملکی کرکٹ میں بہتری لاسکتا ہے، جسے بھی کسی پوسٹ پر لائیں اسے طویل عرصے تک چانس ضرور دیں، اس حکمت عملی کو اپنا کر ہی مثبت نتائج ملنا شروع ہوں گے۔ شعیب ملک کا کہنا تھا کہ گیری کرسٹن کا وائٹ بال ہیڈ کوچ اور جیسن گلیسپی کا ٹیسٹ میں ذمہ داری سنبھالنا پاکستانی کرکٹ کے لیے اچھا ہے۔ سینئر کھلاڑیوں کو لیگز کے این او سی جاری نہ کرنے کے حوالے سے شعیب ملک کا کہنا تھا کہ میری رائے میں یہ اچھا فیصلہ ہے کیونکہ ملک سب سے پہلے ترجیح ہونی چاہیے البتہ پلیئرز کا مالی نقصان بھی نہیں ہونا چاہیے۔ انٹرویو کے دوران ایک سوال کے جواب میں شعیب ملک نے بابر اعظم کو بطور کھلاڑی قومی ٹیم کی نمائندگی کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے وائٹ بال میں قیادت فخر زمان کو سونپنے کی تجویز دے دی۔

کے ٹو بیس کیمپ پر مہم جوئی میں جان گنوانے والے کوہ پیماؤں کی یادگار بنادی گئی

اسلام آباد (این این آئی) دنیا کی دوسری بلند ترین چوٹی کے ٹو کی مہم جوئی کے دوران ہلاک ہو جانے والے کوہ پیماؤں کی یاد میں بیس کیمپ کے قریب ایک چٹان کا نام گلکی میموریل رکھ دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گلکی میموریل پر مہم جوئی کے دوران جان کی بازی ہار جانے والے 100 کوہ پیماؤں کے نام کی تختیاں اور ان کے زیر استعمال اشیاء رکھی گئی ہیں۔ گلکی میموریل کا نام 1953 میں کے ٹو کی مہم جوئی کے دوران ہلاک ہونے والے امریکی کوہ پیما اور ماہر ارضیات آرتھر گلکی کے نام پر رکھا گیا ہے۔ گلکی میموریل پر دنیا بھر سے مہم جوئی کے دوران ہلاک ہونے والے کوہ پیماؤں کے چاہنے والے انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے یہاں آتے ہیں۔ کوہ پیماؤں کے مطابق کے ٹو پر حادثاتی اموات کی شرح دیگر پہاڑوں کی نسبت زیادہ ہے اور موثر ہیلی ریسکیو سسٹم ڈویلپ کرکے ان اموات کی شرح میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے۔

انٹرنیشنل میڈیا رائٹس کی فروخت میں ایک بار پھر پی سی بی کو ناکامی کا سامنا

کراچی (این این آئی) انٹرنیشنل میڈیا رائٹس کی فروخت میں ایک بار پھر پی سی بی کی توقعات پوری نہ ہوسکیں، اس بار تو سابقہ منسوخ شدہ بولی سے بھی آدھی رقم کی آفر سامنے آئی۔ تفصیلات کے مطابق چند ماہ قبل پاکستان کرکٹ بورڈ نے 3 سالہ انٹرنیشنل میڈیا رائٹس کیلیے تقریباً 21 ملین ڈالر کی غیر منطقی ریزرو پرائس مختص کی، ایک پاکستانی میڈیا گروپ اور نجی کمپنی کے کنسورشیئم نے مل کر بڈنگ میں حصہ لیا، غیرملکی کمپنیز ولو اور اسپورٹس فائیو بھی اس عمل میں شریک ہوئیں۔ اسپورٹس فائیو نے سب سے بڑی 7.8 ملین ڈالر کی بڈ دی، پاکستانی کمپنیز کی بڈ تقریباً 4.1 اور ولو کی 2.25 ملین رہی، ریزرو پرائس میچ نہ ہونے پر بورڈ نے شریک پارٹیز کو پرائس بڑھانے کا کہتے ہوئے بڈنگ کے دوسرے راؤنڈ کا انعقاد کیا، اسپورٹس فائیو نے دوسرے مرحلے میں اپنی سابقہ پیشکش 7.8 ملین میں کوئی اضافہ نہ کیا۔ پاکستانی کمپنیز نے اپنی پیشکش تقریباً دگنی کرتے ہوئے 7.85 تک بڑھاتے ہوئے بڈ جیت لی، مگر پی سی بی نے اس بار بھی ریزرو پرائس تک کسی کے نہ پہنچنے پر سب کی بڈز مسترد کردیں، پھر صرف نیوزی لینڈ سے ہوم سیریز اور ویسٹ انڈیز سے ویمنز سیریز کیلیے دوبارہ ٹینڈرنگ ہوئی، اس میں فاتح دونوں پاکستانی کمپنیز کی مشترکہ بڈ 99 ہزار ڈالر (تقریباً 2 کروڑ 76 لاکھ روپے) رہی، ولو نے 75 ہزار اور اسپورٹس فائیو نے 50 ہزار کی بڈ دی۔ حال ہی میں پی سی بی نے دوبارہ 2024-26 کی 3 سالہ مدت کیلیے انٹرنیشنل میڈیا رائٹس فروخت کرنے کی کوشش کا آ؟غاز کیا، پاکستان ٹیم اس دوران 61 میچز کھیلے گی، ان میں 11 ٹیسٹ، 26 ون ڈے اور 24 ٹی ٹوئنٹی شامل ہیں۔ آئی سی سی کے سابق کمرشل منیجر کیمبل جیمیسن نے بھی معاونت فراہم کی، اس کے باوجود بورڈ کی توقعات پوری نہ ہوسکیں، ا؟ئی ایم جی نے مشروط بڈ دی، ایک پاکستانی میڈیا گروپ اور نجی کمپنی کی مشترکہ بڈ ساڑھے تین سے چار ملین ڈالر کے آس پاس رہی، یوں پی سی بی کو مسترد شدہ سابقہ بڈ سے 50 فیصد کم رقم آفر ہوئی۔

بنگلادیش کیخلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے پاکستان اسکواڈ پر حتمی مشاورت آئندہ ہفتے ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) بنگلادیش کے خلاف سیریز کے لیے پاکستان ٹیسٹ اسکواڈ پر حتمی مشاورت آئندہ ہفتے ہوگی۔ پاکستان ٹیم نے آخری ٹیسٹ میچ جنوری میں آسٹریلیا میں کھیلا تھا اور اب ٹیسٹ اسکواڈ میں متعدد تبدیلیوں کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق کئی کھلاڑی فارم اور فٹنس کی بنیاد پر اسکواڈ میں جگہ برقرار نہیں رکھ سکیں گے۔ محمد ہریرہ اور صاحبزادہ فرحان کو ٹیسٹ اسکواڈ میں شامل کیے جانے کا امکان ہے جبکہ فہیم اشرف، وسیم جونیئر، صائم ایوب اور نعمان علی کا جگہ بنانا مشکل ہے۔ علاوہ ازیں اسکواڈ میں شمولیت کے لیے امام الحق کے نام پر بحث ہوگی جبکہ عامر جمال اور حسن علی کی فٹنس کا جائزہ لینے کے بعد فیصلہ ہوگا۔

حارث رؤف نے بیٹے کی پیدائش سے متعلق خبروں کی تردید کردی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز فاسٹ باؤلر حارث رؤف نے اپنے گھر ننھے مہمان کی آمد سے متعلق گردشی خبروں کی تردید کردی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر کھلاڑی نے اسٹوری شیئر کرتے ہوئے تردیدی پیغام جاری کیا ہے۔ حارث رؤف نے اپنے بچے کی پیدائش سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش ہونے والی خبروں کی تردید کرتے ہوئے جعلی خبروں کی روک تھام کی درخواست کی ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں لکھا کہ میرے بچے کی پیدائش سے متعلق گردشی خبریں جھوٹی ہیں۔ براہِ مہربانی جعلی خبروں کو پھیلانے اور ان پر یقین کرنے سے گریز کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ان کی ذاتی زندگی کے حوالے سے کوئی بھی خبر اگر غیر تصدیق شدہ اکاؤنٹ سے چلے تو وہ تمام خبریں محض افواہ ہیں۔ خیال رہے کہ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر کرکٹ سے متعلق خبریں دینے والے احتشام صدیقی کی ایک پوسٹ انسٹاگرام پر وائرل ہوئی تھی، جس میں حارث رف کے گھر ننھے مہمان کی آمد کی خبر دی گئی اس کے ساتھ ہی ننھے حارث رف کی تصویر بھی شیئر کی گئی جو سوشل میڈیا پر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی تھی۔ واضح رہے کہ سوشل میڈیا پر حارث رف کے گھر بیٹے کی پیدائش سے متعلق خبریں گردش کرتے ہی ان کے مداحوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تھی اور مبارک باد کا سلسلہ بھی شروع ہوگیا تھا۔

زمبابوے کے باؤلر رچرڈ آئیر لینڈ کیخلاف باؤلنگ کرتے ہوئے

پیرس اولمپکس، ارجنٹائنی ٹیم کی مراکش کے ہاتھوں متنازع شکست پر لیونل میسی بھی بھڑک اٹھے

پیرس (این این آئی) پیرس اولمپکس میں ارجنٹائنی ٹیم کی مراکش کے ہاتھوں متنازع شکست پر لیونل میسی بھی بھڑک اٹھے۔ کپتان نے پیرس گیمز میں ٹیم کے پہلے میچ میں مراکش کی دوسرے درجے کی ٹیم کے خلاف میدان میں اترنا مناسب نہیں سمجھا، اس مقابلے میں ارجنٹائن کو 1-2 سے شکست ہوئی تھی۔ آخری لحات میں جب ٹیم مقابلہ برابر کرنے والی تھی تو تماشائی گراؤنڈ میں گھس آئے، انھوں نے بوتلیں پھینکیں اور ارجنٹائن کے خلاف نعرے لگائے جس پر کھیل معطل کردیا گیا۔ آخری چند سیکنڈز کا کھیل بند دروازوں کے پیچھے مکمل کیا گیا، میسی اور ٹیم منیجر نے اس مقابلے کو سرکس قرار دیا۔

چیمپئنز ٹرافی، تنویر احمد نے ہربھجن سنگھ کو دوغلا گھٹیا انسان قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق ٹیسٹ کرکٹر تنویر احمد نے ہربھجن سنگھ کو دوغلا اور گھٹیا انسان قرار دیدیا۔ پاکستان کی میزبانی میں ہونیوالی چیمپئنز ٹرافی 2025 کیلئے بھارتی بورڈ اور سابق کرکٹرز کی ٹیم نہ بھیجنے پر دونوں ممالک کے مداح اور کرکٹرز سوشل سائٹس پر لڑنے لگے۔ سابق بھارتی اسپنر ہربھجن سنگھ نے گزشتہ روز مقامی ٹی وی کو انٹرویو میں بھارتی کرکٹ بورڈ کے ٹیم پاکستان نہ بھیجنے کے موقف کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی ٹیم پاکستان کیوں جائے؟ پاکستان میں حفاظتی خدشات ہیں، حالات ایسے ہیں کہ تقریبا روزانہ ہی واقعات رونما ہوتے ہیں، ہماری ٹیم کیلئے وہاں جانا محفوظ نہیں۔ سابق کرکٹر نے بھارتی بورڈ کا موقف بلکل درست ہے، ٹیم کی سیکیورٹی سے زیادہ اہم کچھ نہیں۔ ہمارے کھلاڑیوں کی حفاظت میں بی سی سی آئی کے فیصلے کی مکمل حمایت کرتا ہوں جس پر سابق کرکٹر و فاسٹ بولر تنویر احمد نے انہیں کرارا جواب دیتے ہوئے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر ٹوئٹ کرتے ہوئے لکھا کہ تم کہتے ہو بھارت کو پاکستان کھیلنے نہیں جانا چاہیے تو ہمارے پلیئرز کیساتھ ملتے کیوں ہو؟۔

ڈی جی سپورٹس پنجاب پرویز اقبال کا سپورٹس سہولیات کو بہتر کرنے کے حوالے سے کرول گھاٹی کرکٹ سٹیڈیم کا دورہ

لاہور (خبر نگار) ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال نے جمعۃ المبارک کے روز سپورٹس سہولیات کو بہتر کرنے کے حوالے سے کرول گھاٹی کرکٹ سٹیڈیم اور منہالہ فٹ بال گراؤنڈ کا دورہ کیا ہے، اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر لاہور تنویر عباس شاہ اور تحصیل سپورٹس آفیسر نعمان شریف بھی موجود تھے، ڈی جی سپورٹس پنجاب نے افسران کو صفائی کا معیار بہتر کرنے اور گراؤنڈز کی بہترین دیکھ بھال کی ہدایت کی ہے، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال نے اس موقع پر کہا ہے کہ سپورٹس سٹیڈیمز میں زیادہ سے زیادہ سپورٹس ہونی چاہئے، افسران علاقہ کے بچوں کو سپورٹس گراؤنڈز میں لائیں اور سپورٹس کی جانب راغب کریں، ہمارا مقصد سپورٹس کی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے، نوجوان کھیلنے کے لئے گراؤنڈز میں آئیں، سہولیات دینا ہمارا کام ہے، دور دراز کے علاقوں کے گراؤنڈز میں جانے کا مقصد سپورٹس کی ترقی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال نے کرول گھاٹی کرکٹ سٹیڈیم میں پودا بھی لگایا۔

بھارتی آل راؤنڈر ہارد ک پانڈیا ٹریننگ کرتے ہوئے

ہر سال حج پر جاتا ہوں اور حاجیوں کی خدمت کرتا ہوں، افتخار ٹھاکر



لاہور (این این آئی) 4 دہائیوں سے عوام کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیرنے والے اسٹار کامیڈین افتخار ٹھاکر نے اپنی زندگی میں آنے والی مثبت تبدیلی سے متعلق خیالات کا اظہار کیا ہے۔ کامیڈین نے حال ہی میں ایک انٹرویو دیا اور اپنی زندگی سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ ان کا تعلق میاں چنوں سے ہے اور جب وہ چھٹی یا ساتویں جماعت میں تھے تو وہ حج پر جانے والوں کی مدد کیا کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس دور میں پانی کے جہاز پر حج کیلئے جایا جاتا تھا اور میں اپنے خاندان سے حج کیلئے جانے والوں کے کام کرنے میں پیش پیش رہتا تھا، حاجیوں کا سامان اٹھانے اور اسٹیشن تک چھوڑنے میں ان کی مدد کرتا تھا۔ اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے افتخار ٹھاکر نے کہا کہ اتنی لگن سے عازمین حج کی مدد کرتا دیکھ کر میری والدہ نے دعا کی ان شاء اللہ میرے بچے تم مکہ میں جاکر حاجیوں کی خدمت کروگے اور اللہ نے ماں کی دعا سن لی، میں ہر سال حج پر حاجیوں کی مدد کرنے جاتا ہوں اور معذور اور بوڑھے لوگوں کی خدمت کرنے پر میری ڈیوٹی لگتی ہے۔ واضح رہے افتخار ٹھاکر نے بیشتر کامیاب تھیٹر میں کام کیا ہے جبکہ انہوں نے متعدد ٹی وی سیریلز اور فلم انڈسٹری میں بھی شہرت حاصل کی۔

خودکشی اگر جائز ہوتی تو میں ابھی تک مرحوم ہوچکی ہوتی: فاطمہ جعفری

کراچی (این این آئی) پاکستانی معروف ٹک ٹاکر و کانٹینٹ کریئیٹر فاطمہ جعفری کی سوشل میڈیا پوسٹ نے مداحوں کو غمگین کردیا ہے۔ فاطمہ جعفری نے گزشتہ روز انسٹاگرام پر ایک چونکا دینے والی اسٹوری شیئر کی۔ اسٹوری میں فاطمہ نے اپنے فالوور سے خودکشی سے متعلق سوال پوچھا کہ 'سب سے سوال ہے، اگر خودکشی حرام نہ ہوتی تو کون زندہ نہیں ہوتا؟ اس سوال پر سب سے پہلے خود ہی جواب دیتے ہوئے ٹک ٹاکر فاطمہ کا لکھنا تھا کہ 'میں تو مرحوم ہوچکی ہوتی۔ معروف کانٹینٹ کریئیٹر فاطمہ جعفری کی اس پوسٹ کے سبب اِن کے مداحوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ یاد رہے کہ ٹک ٹاکر فاطمہ جعفری شعروشاعری اور مختصر ویڈیوز کے سبب شہرت رکھتی ہیں۔ ٹک ٹاکر فاطمہ جعفری نے 2022ء میں کانٹینٹ کریئیٹر شبر عباس سے شادی کی تھی۔ رواں سال مارچ کے ماہ میں اس جوڑی نے اپنے ہاں پہلی اولاد، ننھی پری کو خوش آمدید کہا تھا۔ گزشتہ ماہ سے فاطمہ جعفری اور اِن کے شوہر، شبر عباس کے درمیان علیحدگی سے متعلق افواہیں زیرِ گردش ہیں۔ فاطمہ جعفری اس سے قبل 'پوسٹ پارٹم ڈپریشن' گزرنے کا بھی اعتراف کرچکی ہیں۔

پرینیتی چوپڑا کی سوشل میڈیا پوسٹ سے مداح تشویش میں مبتلا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی معروف اداکارہ پرینیتی چوپڑا کی حالیہ سوشل میڈیا پوسٹ نے مداحوں کو تشویش میں مبتلا کردیا۔ پرینیتی چوپڑا نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک مختصر ویڈیو شیئر کی جس کے ساتھ موجود تحریر نے مداحوں کی توجہ حاصل کی۔ پرینیتی نے لکھا کہ اس مہینے میں نے کچھ توقف کیا اور اپنی زندگی پر غور کیا، میں اس نتیجے پر پہنچی کہ آپ کے سوچنے کا انداز ہی سب کچھ ہے۔ پرینیتی چوپڑا نے لکھا کہ غیر اہم چیزوں (یا لوگوں) کو اہمیت نہ دیں اور اپنی زندگی کا ایک لمحہ بھی ضائع نہ کریں۔ انہوں نے لکھا کہ ہر لمحے کو اپنی پسند سے گزاریں، دوسروں کے لیے جینا چھوڑ دیں، دنیا کیا سوچے گی اس کی پرواہ نہ کریں۔ پرینیتی چوپڑا نے لکھا کہ زہریلے لوگوں کو اپنی زندگی سے باہر پھینکنے سے بالکل نہ ڈریں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پرینیتی چوپڑا کے اس پیغام نے مداحوں کو ان کے حوالے سے تشویش میں مبتلا کردیا۔

ثناء جاوید کی معذور پرستار سے ملاقات کی ویڈیو وائرل

کراچی (این این آئی) پاکستانی معروف اداکارہ و سپر ماڈل ثناء جاوید کی معذور پرستار سے ملاقات کی ویڈیو منظرِ عام پر آگئی۔ وائرل ویڈیو میں ثناء جاوید کو اپنے ایک پرستار کے ساتھ کھڑے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے جبکہ اداکارہ کا پرستار معذور ہونے کے سبب وہیل چیئر پر بیٹھا ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ثناء جاوید کے چہرے سے تذبذب کی سی کیفیت جھلک رہی ہے، کبھی وہ مسکرا رہی ہیں تو کبھی پریشان ہو کر ادھر ادھر دیکھ رہی ہیں۔ اس دوران اداکارہ کا پرستار ویڈیو بنانے والے کے ساتھ بات کر رہا ہے۔ پرستار نے ویڈیو میں ثناء جاوید کا نام بھی بتایا ہے اور یہ بھی بتایا ہے کہ وہ کراچی میں اداکارہ سائرہ یوسف سے بھی ملاقات کرچکے ہیں۔ واضح رہے کہ اداکارہ ثناء جاوید معروف قومی کرکٹر شعیب ملک کی دوسری اہلیہ ہیں۔ اس جوڑی نے رواں سال کے آغاز ہی میں شادی کی ہے۔

آر مدھون نے ممبئی میں ساڑھے 17 کروڑ کا نیا اپارٹمنٹ خریدلیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار آر مدھون نے ممبئی کے پوش علاقے باندرہ کرلا کمپلیکس میں ساڑھے 17 کروڑ روپے کا نیا اپارٹمنٹ خریدا ہے۔ سگنیا پرل کے علاقے میں واقع یہ لگژری پراپرٹی جدید سہولتوں سے آراستہ اور رہائش کے لیے کافی کشادہ ہے۔ اپنی ورسٹائل اداکاری کیلیے مشہور 54 سالہ آر مدھون کا تعلق جمشید پور (ریاست جھارکھنڈ) سے ہے۔ انھوں نے 22 جولائی کو خریدی گئی اس پراپرٹی کے لیے ایک کروڑ پانچ لاکھ روپے ڈیوٹی اور 30 ہزار روپے رجسٹریشن فیس ادا کی۔ پراپرٹی رجسٹریشن دستاویزات کے مطابق یہ بالکل تیار شدہ اپارٹمنٹ ہے جس کا رقبہ 389 اسکوائر میٹر ہے اور اس میں دو پارکنگ اسپیس موجود ہیں۔

ابھیشیک اور ایشوریا میں جلد علیحدگی ہوسکتی ہے: ہندو پنڈت کی پیشگوئی

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی کئی مشہور جوڑیوں کے حوالے سے پیشگوئی کرنے والے ہندو پنڈت جگن ناتھ گروجی نے ابھیشیک اور ایشوریا کے درمیان علیحدگی کی پیشگوئی کردی۔ بھارتی میڈیا پر گزشتہ ایک برس سے ابھیشیک اور ایشوریا رائے کے درمیان طلاق کی افواہیں سرگرم ہیں جن پر جوڑے کی جانب سے تاحال کسی قسم کا ردعمل نہیں دیا گیا۔ بھارتی بزنس ٹائیکون مکیش امبانی کے چھوٹے بیٹے اننت امبانی کی شادی کی تقریب میں ابھیشیک بچن کو اپنے والدین امیتابھ بچن اور جیا بچن کے ہمراہ شرکت کرتے دیکھا گیا جب کہ ایشوریا رائے اور آرادھیا کو تقریب میں تنہا آتے دیکھا گیا، ویڈیوز اور تصاویر وائرل ہوئیں تو ایک مرتبہ پھر یہ خبریں گردش کرنے لگیں کہ دونوں میں معاملات ٹھیک نہیں ہیں۔ ان افواہوں کو اس وقت مزید ہوا ملی جب ابھیشیک نے سوشل میڈیا پر بھارتی صحافی کی جانب سے شیئر طلاق سے متعلق پوسٹ پر لائیک کیا۔ بعدازاں سینئر اداکار امیتابھ بچن کی پوسٹ نے بھی سوشل میڈیا صارفین کی توجہ اپنی جانب مبذول کروائی جس میں درج تھا کہ مشکل اور کٹھن کام کی طرف واپسی ہوگئی لیکن زندگی کبھی آسان نہیں ہوتی۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جگن ناتھ گروجی کا کہنا تھا کہ دونوں کے تعلق میں ایسا بہت کچھ ہے جو لوگ نہیں جانتے، علم نجوم کے مطابق دونوں کی شادی کا چلنا مقدر میں نہیں تھا۔

میں نے جان بوجھ کر کم کمرشل فلموں کا انتخاب کیا، جھانوی کپور

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی نوجوان اور ابھرتی ہوئی اداکارہ جھانوی کپور نے کہا ہے کہ انکے کیریئر میں ہٹ سے زیادہ ناکام فلمیں ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے رسکی فلموں کا انتخاب کیا، بڑی کمرشل فلمیں کرسکتی تھی۔ واضح رہے کہ بالی ووڈ کے معروف پروڈیوسر بونی کپور اور آنجہانی اداکارہ سری دیوی کی بیٹی 27 سالہ جھانوی کپور نے اپنے بالی ووڈ کیریئر کا آغاز اداکار ایشان کھٹر کے ساتھ فلم 'دھک دھک' سے کیا۔ وہ 2 اگست کو ریلیز ہونے والی اپنی آئندہ فلم الجھ میں نظر آئیں گی، جس کی پروموشن کیلیے ان دنوں وہ کافی مصروف ہیں۔ بھارتی میڈیا کے ساتھ اپنے ایک انٹرویو میں جانہوی نے اپنے اب تک کے کیریئر میں فلموں کے چناؤ پر گفتگو کی۔ انکا کہنا تھا کہ انھوں نے جان بوجھ کر کم کمرشل فلموں کا انتخاب کیا۔ اسکی وجہ انھوں نے یہ بتائی کہ وہ ایک آرٹسٹ کے طور پر ابھرنا چاہتی ہیں۔ انھوں نے کہا میں بہت ہی آسان سفر کا چناؤ کرسکتی تھی، میں اس فلم کی جگہ یا میری پچھلی چند فلموں کی جگہ بڑی کمرشل فلمیں کرسکتی تھی، جہاں گلیمر ہوتا، بہت آسانی سے رسائی اور شہرت ملتی ہے اور باکس آفس پر کامیابی کی ضمانت ہوتی ہے، یہ سب کچھ بہت آسان ہوتا۔ انھوں نے کہا اس میں کامیابی کا ریٹ بھی یقینی ہوتا جبکہ میں نے رسکی رستے کا چناؤ کیا ہے، انکے مطابق یہ طویل اور مشکل سفر ہے۔

پرینیتی چوپڑا کی سوشل میڈیا پوسٹ سے مداح تشویش میں مبتلا

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی وڈ کی معروف اداکارہ پرینیتی چوپڑا کی حالیہ سوشل میڈیا پوسٹ نے مداحوں کو تشویش میں مبتلا کردیا۔ پرینیتی چوپڑا نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک مختصر ویڈیو شیئر کی جس کے ساتھ موجود تحریر نے مداحوں کی توجہ حاصل کی۔ انہوں نے لکھا کہ اس مہینے میں نے کچھ توقف کیا اور اپنی زندگی پر غور کیا، میں اس نتیجے پر پہنچی کہ آپ کے سوچنے کا انداز ہی سب کچھ ہے، غیر اہم چیزوں (یا لوگوں) کو اہمیت نہ دیں اور اپنی زندگی کا ایک لمحہ بھی ضائع نہ کریں۔ اداکارہ نے لکھا کہ ہر لمحے کو اپنی پسند سے گزاریں، دوسروں کے لیے جینا چھوڑ دیں، دنیا کیا سوچے گی اس کی پرواہ نہ کریں جبکہ زہریلے لوگوں کو اپنی زندگی سے باہر پھینکنے سے بالکل نہ ڈریں۔



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

بادشاہی مسجد.. عظیم تاریخی عمارت مناسب دیکھ بھال سے محروم



کچھ مناظر اور مقامات انسان کو سحر زدہ کر دیتے ہیں۔ عہد رفتہ کی کچھ شاندار یادگاریں انسان کو اپنی جانب کھینچ لیتی ہیں۔

ان میں ایک عجب سی کشش انسان کو مبہوت کر دیتی ہے۔ کہتے ہیں تصویر اور اصل میں فرق ہوتا ہے اور اس بات پہ یقین کرنے کو دل چاہنے لگا ہے۔ یقین کے اس سفر کی داستان منٹو پارک یعنی گریٹر اقبال پارک کے آہنی دروازے سے شروع ہوئی۔ سامنے دوراہے پہ لگے رہنمائی کرتے بورڈز کی مدد سے اپنی منزل کا تعین کیا۔ اپنے بائیں جانب سیدھ میں چلتے ہوئے راہداری کے اردگرد پھیلی سرسبز گھاس کے قالین نے دل موہ لیا۔ دن کے آغاز میں پیڑ پودوں کی کانٹ چھانٹ کا سلسلہ بھی جاری و ساری تھا۔ داہنی جانب پارک میں لگے جھولوں پہ چہکتے بچے زندگی کا احساس دلا رہے تھے۔

تھوڑا آگے چل کر بائیں ہاتھ حضرت شیر شاہ ولیؒ کا مزار ہے اور آگے شاہی قلعے کی سرخ اونچی دیواریں۔ ان دیواروں کے سنگ جنوب میں مڑ جائیں تو دائیں جانب گوردوارہ ڈیرہ صاحب شہیدی استھان سری گورو ارجن دیو جی کا مرکزی دروازہ نظر آتا ہے۔ اور سیدھ میں چل کر بادشاہی مسجد اور شاہی قلعہ کی دیوار کے درمیان حضوری باغ کی نمائندگی کرتا بورڈ دکھائی دے گا۔

دائیں جانب سے بادشاہی مسجد کی سمت روشنائی دروازے کو پار کر کے آگے بڑھیں تو دائیں جانب لائبریری اور اس کے آگے دیوار کے سائے میں سردار سکندر حیات کی قبر ہے اور اس سے آگے چند قدم چلنے کے بعد مغلیہ سلطنت کا عظیم شاہکار بادشاہی مسجد کے مرکزی دروازے کو جاتی سیڑھیاں اور اس کے بغل میں عظیم مفکر پاکستان علامہ اقبال کا مزار ہے۔ بادشاہی مسجد مغلیہ طرز تعمیر اور عہد رفتہ کی عظیم یادگار ہے۔

مسجد کو دیکھ کر ایک سحر طاری ہو جاتا ہے اور یوں محسوس ہونے لگتا ہے کہ انسان آج سے ساڑھے تین سو سال قبل چلا گیا ہے جب یہ مسجد تعمیر کی گئی تھی۔ سرخ پتھروں سے بنی سیڑھیوں پر قدم رکھتے ہوئے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے آپ ہر قدم آگے بڑھتے ہوئے آج سے دور جا رہے ہیں۔ اک احساس فرحت و انبساط اور عجب سی اداسی آپ کو گھیر لیتی ہے۔ مسجد میں داخل ہوتے ہی جوتوں کی حفاظت کے لئے دائیں جانب کاؤنٹر رکھیں جہاں سے ایک ٹوکن ملتا ہے جو جوتے واپس حاصل کرنے میں سہولت اور شناخت کے لئے پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ مسجد کے مرکزی دروازے پہ محافظ مامور ہیں اور واک تھرو گیٹ بھی۔ لیڈی چیکر آنے والی خواتین کے پرس بھی چیک کرتی ہیں۔ دائیں جانب سے اوپر جانے والی سیڑھیاں تبرکات مقدسہ کی جانب جانے کا راستہ ہیں۔

تبرکات مقدسہ کو محفوظ بنانے کے لئے انھیں شیشوں کے ڈبوں میں رکھا گیا ہے۔ وہاں آنے والے سیاح ان مقدس تبرکات کی زیارت کا شرف حاصل کرتے ہیں جن میں نبی کریم ﷺ کا سبز جبہ مبارک، عصاء مبارک، عمامہ شریف مع کلاہ، گدڑی مبارک، اور زلف مبارک شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پتھر از اں غار حرا، غلاف برنگ سیاہ کعبہ شریف، دستار مبارک برنگ صندل منسوب حضرت امام حسینؓ، دستار مبارک برنگ صندل منسوب حضرت امام حسنؓ، غلاف روضہ مبارک حضرت امام حسینؓ اور دیگر مقدس شخصیات سے منسوب تبرکات موجود ہیں۔

ان تبرکات کو دیکھ کر پاکیزگی کا احساس رگ و پے میں دوڑ جاتا ہے۔ ان تبرکات پہ مامور نگران دعا کے لئے کہنے کے ساتھ ساتھ ہاتھ میں پانچ سو اور ہزار، ہزار کے نوٹ رکھنے کی ترغیب دے رہے تھے جو وہ ملحقہ کمرے میں پڑے دو بڑے سبز ڈبوں میں ڈال سکیں۔

جب ان سے پوچھا کہ "کیا یہ پانچ سو ہزار کا صدقہ یہاں ڈالنا ضروری ہے"؟ تو وہ جواب دیتے ہوئے کترانے لگے اور یہ کہہ کر رخ موڑ لیا کہ "جس کی توفیق ہوتی ہے وہ ڈالتا ہے۔" وہاں موجود بکس محکمہ اوقاف کی جانب سے رکھے گئے ہیں جس میں سیاح حضرات اپنی بساط کے مطابق صدقات اور نذرانہ ڈال سکتے ہیں۔

مسجد کے وسیع و عریض صحن کے بیچوں بیچ ایک حوض ہے جبکہ اس کے اطراف میں برآمدے ہیں۔ شمالی حصے میں طلائی قرآن پاک گیلری ہے جس میں سونے کے پانی سے لکھے ہوئے قرآن پاک شیشے کے کیس میں رکھے ہیں اور کمرے کی دونوں دیواروں پہ اللہ اور محمد ﷺ کے گولڈن نام فریم میں مزین کئے گئے ہیں جو اکتوبر 1979ء میں صدر و جنرل ضیاء الحق (مرحوم) نے عطیہ کئے تھے۔ مگر دیواروں کی حالت خستہ ہے جہاں جگہ جگہ سے روغن اکھڑا ہوا ہے۔

برآمدوں میں سے گزرتے ہوئے ایک عجب سے سکوت کا احساس ہوتا ہے مگر اس سکوت کو چیرتی ہوئی سکول سے فرار نوجوانوں کی آوازیں اور قہقہے ناگوار محسوس ہوتے ہیں۔ دیواروں پہ جگہ جگہ ہدایات موجود ہونے کے باوجود بھی ہر دیوار پہ نقش و نگار بنا کر اسے بھدا اور بدنما بنانے میں وہاں آنے والوں نے کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

برآمدوں میں ہر ستون کے پیچھے کوئی نہ کوئی منچلا سگریٹ کے کش لگاتا نوجوان نظر آتا ہے۔ کئی تو باقاعدہ نشے میں دھت معلوم ہوتے ہیں۔ اور المیہ یہ ہے کہ انھیں مسجد کے تقدس کا ذرہ برابر احساس نہیں، یہاں تک کہ وہ نعرے بازی اور گنگنانے سے بھی باز نہیں آتے۔ ستونوں میں گہری دراڑیں پڑ چکی ہیں اور محرابوں پہ لگے جالے اور دراڑیں خوفزدہ کر دیتی ہیں۔

انتظامیہ کے ایک گارڈ کا اپنی ڈیوٹی کے بجائے "گائیڈ" کی ڈیوٹی کرنے کا شوق اپنے فرائض سے غفلت برتنے کی ایک مثال تھا۔ بجائے اس کے کہ وہ برآمدوں میں نظر رکھے اور آوارہ گھومتے نوجوانوں کو مسجد سے نکال باہر کرے وہ بھاری جسامت اور بڑی مونچھوں والا ٹور گائیڈ بن کر چار سیاحوں کی ٹیم کو مسجد کی سیر کرانے میں مصروف تھا۔ میناروں پہ جانے والے راستوں کو عارضی بانس لگا کر بند کر دیا گیا ہے جس کی وجہ سے سیاح اب اوپر جا کر شہر لاہور کا دلکش منظر دیکھنے سے محروم رہ جاتے ہیں۔ مسجد کی اندرونی محرابوں پہ خوبصورت نقش و نگار مغلیہ ذوق کی ترجمانی کرتے ہیں۔

مسجد میں ایسا ٹیکنیکل ساؤنڈ سسٹم موجود ہے جس سے بنا کسی مائیک کے بھی گونج پیدا ہوتی ہے۔ مسجد میں ٹھنڈے پانی کے کولرز کا انتظام بھی موجود ہے جو کہ سیاحوں کی پیاس بجھانے میں معاون ہے۔ مگر عمارت کی حالت سے شکست و ریخت عیاں ہے۔

مسجد کا فرش بھی کئی جگہ سے مرمت کا طلب گار ہے۔ فرش پہ لوگ ستا رہے تھے جبکہ کچھ "جوڑے" ستون کے عقب میں خوش گپیوں میں مشغول تھے مگر کوئی گارڈ اس صورت حال پہ نظر ڈالنے کا روادار نہیں تھا۔ مسجد کے جنوبی حصہ میں لگے سارے دروازوں پہ تالے لگے تھے اور اس حصہ کو کاٹھ کباڑ کا ڈھیر ہی بنا کر رکھا گیا تھا۔ وضو خانے میں پانی کا انتظام البتہ موجود تھا۔

افسوس کی بات یہ تھی کہ وہاں آنے والا نوجوان طبقہ اسے مسجد کے بجائے ایک عام سیاحتی مقام ہی سمجھتا ہے۔ منچلے اسے پکنک سپاٹ سمجھ کر بے ہودہ حرکات میں لگے تھے جبکہ سیاح نوجوان خواتین انتہائی نامناسب لباس زیب تن کئے کھلے سر بنا دوپٹے یا سکارف کے مسجد میں دندناتی پھرتی اور ٹک ٹاک ویڈیوز بنانے میں مشغول تھیں حالانکہ مسجد میں داخل ہوتے ہی تنبیہ کی جاتی ہے کہ یہاں ویڈیو بنانا سختی سے منع ہے اور اس کا جرمانہ کیا جائے گا۔

اگست 2020ء میں صبا قمر اور گلوکار بلال سعید نے گانے کی ایک ویڈیو مسجد وزیر خان میں شوٹ کی جس پہ عوام الناس میں شدید غم و غصے کی لہر دوڑ گئی اور پاکستان پینل کوڈ دفعہ 295 کے مطابق مذہبی مقامات کا تقدس پامال کرنے پہ دونوں کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کی گئی۔ اس سے قبل مسجدوں میں نکاح کے فوٹو شوٹ کئے جاتے تھے اور ایسی کوئی پابندی نہ تھی لیکن مسجدوں میں ویڈیو بنانے کی ممانعت کی گئی ہے۔ اور محکمہ اوقاف کی جانب سے سخت اقدامات کئے گئے ہیں۔ مگر یہاں صورتحال بالکل مختلف دکھائی دی۔

اپنے ثقافتی ورثے کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے۔ بادشاہی مسجد جیسے تاریخی مقامات ہمارا اثاثہ ہیں اور اگر ان کی نگہداشت کو یقینی بنایا جائے تو آنے والی نسلوں کے لئے یہ ورثہ محفوظ رہے گا۔ اگر انتظامی معاملات کو مزید بہتر بنا لیا جائے اور وہاں آنے والے سیاحوں کے لئے سہولیات مہیا کی جائیں تو اس سے ملک میں سیاحت کا فروغ ممکن ہوگا۔ اس ضمن میں اوقاف کے علاوہ ہمارے ملک میں محکمہ تحفظ ثقافتی ورثہ اور سیاحت کا اس ضمن میں اہم کردار ہے انھیں عوام میں اپنے ورثے کے تحفظ اور سیاحتی مقامات سے متعلق آگاہی کی مہم چلانی چاہئے۔

شہریوں کو کسی مقدس مقام پہ جاتے ہوئے کن باتوں کا دھیان رکھنا ہے یا کسی سیاحتی مقام پہ کیسے رویوں کا مظاہرہ کرنا ہے۔ اس ضمن میں کثیر جہتی ابلاغ کے ذرائع کو بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ سیاحتی مقامات کی ویڈیوز، تصاویر، اشتہارات اور ڈاکومینٹریز بنا کر پیش کرنی چاہئیں۔ مسجد کی تعمیر و مرمت سالانہ نہیں بلکہ ماہانہ بنیادوں پر کی جانی چاہئے۔ وہاں موجود انتظامیہ کو حرکت میں لا کر قوانین کی پاسداری یقینی بنائی جاسکتی ہے۔

بادشاہی مسجد کیوں تعمیر کی گئی؟

جب بھی کوئی شاہکار تخلیق کیا جاتا ہے تو اس کے پیچھے کوئی نہ کوئی سوچ ہوتی ہے کچھ مقصد ہوتا ہے۔ بادشاہی مسجد کو مغل بادشاہ شاہجہاں کے بیٹے اورنگزیب عالمگیر نے اپنے دور حکومت میں سن 1658 سے 1707 کے درمیان دو برس (74-1672) میں تعمیر کرایا۔ اس وقت یہ دنیا کی پانچویں بڑی مسجد ہے جبکہ اس مسجد کو 1673 سے 1986 کے دوران دنیا کی سب سے بڑی مسجد ہونے کا اعزاز حاصل رہا۔

بعد ازاں یہ اعزاز اسلام آباد میں موجود فیصل مسجد کو حاصل ہوا۔ مسجد کی تعمیر کا آغاز اورنگزیب عالمگیر کے بہنوئی جو کہ اس وقت گورنر تھے مظفر حسین نے کیا۔ بنیادی طور پہ اسے زلف مبارک حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے تحفظ کے لئے بنایا گیا تھا۔ اس کا طرز تعمیر تاج محل اور جامعہ مسجد سے متاثر ہے جو کہ اورنگزیب کے والد شاہجہاں نے آگرہ اور دہلی میں تعمیر کرائی تھی۔

اس کی دیواروں پہ لگے سرخ پتھر کی بھی اپنی ایک منفرد پہچان ہے۔ اسے بھارت کی ریاست راجستھان کے شہر جے پور سے درآمد کیا گیا۔ جبکہ اس کا فرش سفید سنگ مرمر سے بنا ہے۔ بادشاہی مسجد کا یہ منفرد اور اچھوتا طرز تعمیر اسے دیگر مساجد سے ممتاز کرتا ہے جو کہ کسی حد تک مصری طرز تعمیر سے مماثلت رکھتا ہے۔

پچھلی دو دہائیوں سے بادشاہی مسجد میں فوٹوگرافی کے شعبہ سے وابستہ ایک فوٹوگرافر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پہ بات کی تو انھوں نے کچھ دلچسپ باتیں بتائیں۔ وہ کہتے ہیں کہ وہ یہاں آنے والے سیاحوں کی فوٹوگرافی کرتے ہیں اور یہ کام وہ یہاں موجود ٹھیکے کے مطابق کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں روزانہ یہاں مختلف کلچر اور زبانوں سے تعلق رکھنے والے لوگ آتے ہیں اور جو سیاح بیرون ملک سے آتے ہیں ان سے بھی سیکھنے کو ملتا ہے۔ وہ اردو انگریزی، چینی اور جاپانی زبان بھی جانتے ہیں۔

انھوں نے مزید بتایا کہ وہ جب پہلی بار کیمرہ تھام کر بادشاہی مسجد میں آئے تھے تب وہ نوجوان تھے، گھریلو حالات کی وجہ سے انھیں تعلیم ادھوری چھوڑنا پڑی۔ آج وہ نوجوان بچوں کے باپ ہیں۔ لیکن وہ اس بات پہ تشکر کا اظہار کرتے ہیں کہ ان کا تعلق ایک ایسی فیلڈ سے ہے جہاں ہر روز کچھ نیا سیکھنے کو ملتا ہے۔

انھوں نے جتنی بھی زبانیں سیکھیں وہ وہاں اپنے دو دہائیوں کے قیام کے دوران مختلف سیاحوں سے میل جول کے ذریعے سیکھیں۔ وہ کہتے ہیں، "جو اعتماد مجھے ملا ہے سب میرے پیشے کی دین ہے"۔ مشکل اوقات کے حوالے سے ان کا کہنا ہے کہ جب سیاحوں کا سیزن ہوتا ہے اس وقت گزر بسر اچھے سے ہوتا ہے لیکن کورونا کے دو برس کسی قیامت سے کم نہ تھے تب کوئی کام نہیں تھا اور لاک ڈاؤن کے دوران جو زندگی بھر کی جمع پونجی تھی وہی لٹا کر گزر بسر کیا۔

وہ کہتے ہیں یہاں آنے والے مقامی سیاحوں کا رویہ مایوس کن ہوتا ہے، مسجد کے آداب اور احترام کو فراموش کرتے لوگوں کو دیکھ کر دکھ ہوتا ہے مگر اس ضمن میں ہم کچھ بھی کرنے سے قاصر ہیں۔ جب ان سے کسی باقاعدہ ادارے سے منسلک نہ ہونے کی وجہ دریافت کی تو ان کا کہنا تھا کہ "مجھے اپنے اس فیصلے پہ فخر ہے کہ میں نے کسی ادارے میں کیمرہ مین کی نوکری نہیں کی کیونکہ اداروں میں کیمرہ مینز کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھا جاتا ہے ایک کیمرہ مین کو اتنی کم تنخواہ دی جاتی ہے کہ اس کے گھر کا چولہا بھی بمشکل چل سکتا ہے۔

میں یہاں جو کام کرتا ہوں اس میں الحمدللہ اتنا کما لیتا ہوں کہ گزر بسر اچھے سے ہو جاتی ہے۔ فوٹوگرافر عموماً ہمارے معاشرے کا وہ طبقہ ہیں جو زندگی کی دوڑ میں دھکے کھاتے اور لڑکھڑاتے سنبھلتے چلے جاتے ہیں۔ تصویر کا ایک دوسرا رخ بھی ہے کہ چند مشہور فوٹوگرافر مقبولیت کی بنا پر بہت پیسے کما رہے ہیں لیکن نجی اداروں سے وابستہ فوٹوگرافر حضرات آج بھی مشکل سے گزر بسر کر رہے ہیں۔ لوگوں کی یادگاروں کو محفوظ کرنے والا یہ طبقہ خود گمنامی میں ہی زندگی بسر کر دیتا ہے۔

"مغربی ثقافت سے متاثر خواتین سکارف کی بات کرنے پہ الجھتی ہیں"، پروٹوکول آفیسر

جب بھی کوئی عمارت یا فن تعمیر کا شاہکار تخلیق کیا جاتا ہے تو اس کی تزئین و آرائش سے بڑھ کر اس کی دیکھ بھال اور نگہداشت ایک مشکل اور اہم امر ہوتا ہے۔ بادشاہی مسجد کے انتظام و انصرام کی بابت ہم نے وہاں محکمہ اوقاف کی جانب سے تعینات پروٹوکول آفیسر اورنگ زیب سے تفصیلی گفتگو کی جس کا خلاصہ کچھ یوں ہے۔ وہ بتاتے ہیں کہ یہاں سیاحوں کا زیادہ تر سیزن نومبر سے اپریل میں ہوتا ہے جس میں روزانہ بیسیوں سیاح مسجد دیکھنے آتے ہیں۔

اورنگزیب بتاتے ہیں کہ کورونا لاک ڈاؤن نے یہاں آنے والے سیاحوں کی تعداد کو متاثر کیا۔ خصوصاً جو سیاح بیرون ملک سے آتے ہیں ان کی تعداد میں خاطر خواہ کمی ہوئی۔ وہ بتاتے ہیں کہ جب کوئی اعلیٰ سطح کا بیرونی وفد آتا ہے تو مسجد کے خطیب صاحب اور سٹاف کے اعلیٰ افسران اسے خوش آمدید کہتے ہیں۔

سیکورٹی اور تبرکات کی چوری کی بابت سوال پہ ان کا کہنا تھا کہ نعلین پاک کے نقش چرانے کے واقعے کے بعد انتظامیہ چوکنا ہو گئی جس کا ثبوت مسجد میں جگہ جگہ نصب سیکورٹی کیمرے ہیں۔

اور تبرکات کی حفاظت کے لئے انھیں محفوظ بھی رکھا گیا ہے اور ان پہ محافظ بھی پہرا دیتے ہیں۔ یہاں آنے والے سیاحوں کی سیکورٹی چیکنگ کے متعلق ان کا کہنا تھا کہ حضوری باغ کے مرکزی دروازے سے لے کر مسجد کے مرکزی دروازے تک گارڈز موجود ہیں، ایسا ممکن نہیں کہ سیکورٹی پروٹوکول کو کوئی توڑ سکے۔ مسجد کے اندر تین سیکورٹی گارڈز ہر وقت تعینات رہتے ہیں جبکہ اوقاف کی جانب سے پچپن افراد کی ایک ٹیم صفائی ستھرائی پر مامور ہے۔ جب ان سے مسجد کی شکست و ریخت کی بابت سوال کیا تو ان کا کہنا تھا کہ ساڑھے تین سو سال گزر چکے ہیں اب وقت کے اثرات تو نمایاں ہوں گے۔

انھوں نے بتایا کہ مسجد کی مرمت اور تزئین کا ٹھیکہ پنجاب حکومت نے آغا خان کنسٹرکشن کمپنی کو 35 کروڑ میں دیا ہے اور اس پروجیکٹ کی نگرانی محکمہ اوقاف کرے گا۔

مسجد میں تقدس اور حرمت کا پاس رکھنے کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ گیٹ پہ ہی خواتین کو سکارف لینے کی ہدایات کی جاتی ہیں اور اگر کسی کے پاس نہ ہو تو اسے انتظامیہ کی جانب سے عارضی طور پہ سکارف بلا معاوضہ دیا جاتا ہے مگر افسوس کے ساتھ کچھ ممی ڈیڈی قسم کی آنٹیاں آگے سے بحث شروع کر دیتی ہیں اور مجبوراً بدمزگی سے بچنے کی خاطر ہمیں انھیں ننگے سر مسجد میں جانے دینا پڑتا ہے۔

یہاں کے موجودہ خطیب مولانا عبدالخبیر آزاد ہیں جو کہ محمد عبدالقادر آزاد کے بیٹے ہیں جو سابقہ امام شاہی مسجد لاہور تھے۔ عبدالخبیر آزاد چیئرمین رویت ہلال کمیٹی کے عہدے پر بھی فائز ہیں۔ وہ جمعہ کے روز مسجد میں خطبہ دیتے ہیں۔



منٹو پارک کی جانب سے مسجد کی عقبی دیوار کا منظر



انتباہ کے باوجود خلاف ورزی

روشنائی دروازے کا سائن بورڈ روشنائی سے محروم

مہراب میں پڑی دڑاریں

مسجد کے ستون شکست و ریخت کا شکار

روشنائی دروازہ

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ۔اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ | بقیہ جات | 1

۔انہوں نے کہا کہ سیف سٹیز نے میری توقعات سے بڑھ کر کام کیا،سیف سٹیز کی وجہ سے قیام امن میں بہتری آرہی ہے اوراس کی سروسز وقت گزرنے کے ساتھ بہتر ہورہی ہے،سیف سٹیز منصوبہ پورے ملک میں لے کر جائیں گے ، آئندہ چند ماہ میں 18 شہروں میں سیف سٹیز منصوبے لگائیں گے۔مریم نواز کا کہنا تھا کہ شہباز شریف نے سیف سٹیز اتھارٹی جیسا پائلٹ پراجیکٹ لاہور میں شروع کیا ، شہباز شریف نے کہوں گی کہ اس منصوبے کوجلد از جلد پورے پنجاب میں پھیلا دیا جائے گا، مجھے یقین ہے کہ شہباز شریف کے اس پراجیکٹ سے یہاں کے عوام بے حد خوش ہوں گے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ سیف سٹیز اتھارٹی میں خواتین اور بچوں کے تحفظ کیلئے تین ماہ قبل ویمن اور چلڈرن ورچوئل منصوبے کا بھی آغاز کردیا گیا، ڈولفن فورسز کے 1200 اہلکار اور 15 کے اہلکار اس کے ساتھ منسلک ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ عوام کی سہولت کے لیے سیف سٹی کال بیک سروس شروع کی گئی ہے،عوام کی خدمت کے لیے 15 کی طرف سے 18 ہزار فون کال کی گئیں، جس پر فوری رسپانس دیا گیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 2

کی آؤٹ سورسنگ پر بریفنگ دی گئی۔بریفنگ میں کہا گیا کہ سرگودھا اور ساہیوال کی سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنیاں بھی جلد پوری طرح فنکشنل ہوجائیں گی، پنجاب بھر میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کیلئے 361 نجی کمپنیاں رجوع کر چکی ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب نے چھوٹے بڑے شہروں کے تمام علاقوں کی یکساں صفائی کی ہدایت کردی، اس کے علاوہ نالوں کی صفائی کی ذمہ داری میں کوتاہی نہ برتنے کی بھی ہدایت کی ہے۔اس موقع پر مریم نواز نے کہا کہ کسی بھی شہر میں کوئی بھی علاقہ صفائی سے محروم نہ رہ جائے، اربن، سیمی اربن اور رورل علاقوں کی بھرپور صفائی یقینی بنائی جائے، لاہور اور سرگودھا سمیت متعدد شہروں میں صفائی کی صورتحال تسلی بخش نہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 3

سیکرٹری اور ڈپٹی کمشنرز کو فریق بنایا گیا ہے۔درخواست میں کہا گیا کہ پنجاب میں دفعہ 144 کا نفاذ سیاسی بنیادوں پر کیا گیا، ایک سیاسی جماعت کے پرامن احتجاج کو روکنے کے لئے دفعہ 144 لگائی گئی۔درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت دفعہ 144 کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دے اور پٹیشن کے حتمی فیصلہ تک دفعہ 144 کا نفاذ معطل کیا جائے۔واضح رہے کہ گزشتہ روز پنجاب حکومت نے پی ٹی آئی کے احتجاج کی کال پر صوبہ بھر میں دفعہ 144 کا نفاذ کیا تھا۔محکمہ داخلہ نے پنجاب بھر میں جلسے، جلوس، ریلیوں، دھرنوں اور احتجاج پر پابندی لگادی،صوبہ بھر میں 3 روز کیلئے دفعہ 144 نافذ کردی گئی، پابندی کا اطلاق جمعہ 26 جولائی سے اتوار 28 جولائی تک ہوگا۔محکمہ داخلہ کے مطابق امن و امان کے قیام، انسانی جانوں اور املاک کے تحفظ کیلئے دفعہ 144 نافذ کی گئی۔

بقیہ | بقیہ جات | 4

کی۔اجلاس کے دوران بریفنگ میں بتایا گیا کہ 25 ایکڑ اراضی کے مالک کاشتکار زرعی ٹیوب ویل سولر رائزیشن پراجیکٹ کے اہل ہوں گے ،سولر رائزیشن پراجیکٹ کے لئے کاشتکار کو صرف 33 فیصد ادائیگی کرنا ہوگی، بزرعی ٹیوب ویل سولر رائزیشن پراجیکٹ کی 67 فیصد ادائیگی حکومت کرے گی۔بریفنگ میں کہا گیا کہ پہلے مرحلے میں 7 ہزار ٹیوب ویل سولر انرجی پر منتقل کئے جائیں گے ،وفاقی حکومت کے اشتراک سے دوسرے مرحلے میں مزید 10 ہزار ٹیوب ویل سولر انرجی پر منتقل ہوں گے، ڈیزل سے ٹیوب ویل چلانے پر فی ایکڑ اخراجات 3 ہزار، بجلی سے 1500 روپے خرچ ہوتے ہیں جبکہ سولر انرجی سے ایک ایکڑ کی آبپاشی پر صرف 50 روپے خرچ ہوں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 5

نامزد 15 ملزمان کیخلاف کارروائی کا آغاز کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر ملزمان کو حاضری مکمل کروانے کی ہدایت کردی۔ملزمان پر کارسرکار میں مداخلت پولیس پر حملے اور پیٹرول بم پھینکنے کا الزام ہے۔ملزمان میں پرویز الٰہی کے باورچی، ڈرائیورز اور سکیورٹی گارڈز سمیت دیگر شامل ہیں،ملزمان کے خلاف تھانہ غالب مارکیٹ پولیس نے مقدمہ درج کررکھا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 6

شاہد حسین، رانا منور غوث، رانا منان، بلال یامین اور ریکس نبیل نے سمیع اللہ خان کو ووٹ دیا،اپوزیشن ارکان چیئرمین استحقاق کمیٹی کے انتخاب سے غیر حاضر رہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 7

اورنگزیب نے کہا کہ دوپہر تین بجے شروع ہونے والی بھوک ہڑتال شام سات بجے تک اختتام پذیر ہونے والا ڈائٹ پلان ہے، 9 مئی کے مجرم کے لئے انٹرمٹنٹ فاسٹنگ ہورہی ہے،دوپہر کا کھانا کھا کر شام کے کھانے سے پہلے ختم ہونے والی بھوک ہڑتال ڈھونگ اور مذاق ہے۔انہوں نے کہا کہ 9 مئی کے مجرم کے لئے چار گھنٹے کا ڈائٹ پلان ہی فالو کیا جاسکتا ہے، ملک کو مہنگائی، عوام کو بھوکا کرنے والے کے لئے چار گھنٹے کی ہی بھوک ہڑتال کا مذاق کیا جا سکتا ہے، پچیس کروڑ عوام کو بھوک میں مبتلا کرنے والے 9 مئی کے مجرم کے لئے چار گھنٹے ہی بھوکا رہا جاسکتا ہے۔مریم اورنگزیب کا مزید کہنا تھا کہ قومی تنصیبات، شہدا کی بے حرمتی، قائداعظم کے گھر کو جلانے ، پولیس اور رینجرز کے سر پھاڑنے کا اعتراف کرنے والے سزا کے مستحق، چار گھنٹے بھوک ہڑتال کے مستحق نہیں ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 8

چیزیں بیچ کر بل ادا کر رہے ہیں، عوام آئی پی پیز سے چھٹکارا چاہتے ہیں۔دوسری جانب اسلام آباد پولیس نے جماعت اسلامی کے دھرنے کے پیش نظر ریڈ زون کو کنٹینرز لگا کر سیل کردیا ہے۔ریڈ زون کو سیل کرنے کیلئے اسلام آباد کے نادرا چوک، سرینا چوک، ایکسپریس چوک پر کنٹینرز لگا دیئے گئے، پولیس کا کہنا ہے کہ دارالحکومت میں دفعہ 144 کے نفاذ سے کسی احتجاج کی اجازت نہیں۔دریں اثناء دھرنے کے پیش نظر پنجاب کے مختلف علاقوں میں پولیس نے چھاپے مار کر متعدد رہنماؤں اور کارکنان کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 9

ہم ان کی مجبوری سمجھتے ہیں انہوں نے اڈیالہ بھی جواب دینا ہوتا ہے، ایک طرف کہتے ہیں آپریشن نہیں ہونے دیں گے، دوسری طرف کہتے ہیں کسی کی اجارہ داری قائم نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 10

قوانین پر عمل درآمد نہیں ہوتا۔جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر طلال چوہدری نے کہا کہ پاکستان میں سوشل میڈیا کو ریگولیٹ کرنے کیلیے قوانین نہیں تھے،سوشل میڈیا پر لوگوں کو بلیک میل بھی کیا جاتا ہے، اسے ریگولیٹ کرنے کے لیے قوانین ہونے چاہئیں۔ان کا کہنا تھا کہ تحقیقاتی اداروں کے پاس وہ سہولتیں موجود ہونی چاہئیں جس پر صحیح طور پر تحقیقات کی جائیں، حکومت کا فرض بنتا ہے وہ تمام تکنیکی چیزیں اداروں کو مہیا کرے۔طلال چوہدری نے کہا کہ سوشل میڈیا سے متعلق قوانین پوری دنیا میں استعمال ہوتے ہیں، قوانین پر پاکستان میں کیوں عمل نہیں ہوتا، قوانین نہیں ہوں گے تو کنٹرول کیسے ہوگا۔عوام پر بڑھتے ہوئے ٹیکسز سے متعلق سوال کے جواب میں طلال چوہدری کا کہنا تھا ملک میں ٹیکس جی ڈی پی کی شرح خطرناک حد تک کم ہے جبکہ دنیا بھر میں ٹیکس دیکر ہی ملک چلتے ہیں۔طلال چوہدری نے کہا کہ سوشل میڈیا پر لوگوں کو بلیک میل بھی کیا جاتا ہے، ریگولیٹ کے قوانین ہونے چاہئیں۔قوانین پر پاکستان میں کیوں عمل نہیں ہوتا، قوانین نہیں ہوں گے تو کنٹرول کیسے ہوگا۔ن لیگی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ ملک میں ٹیکس جی ڈی پی کی شرح خطرناک حد تک کم ہے، دنیا بھر میں ٹیکس دے کر ہی ملک چلتے ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 11

باتوں کو جمہوریت کے خلاف سازش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئین میں ٹیکنو کریٹ حکومت کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز پیپلز لیبر بیورو کے زیراہتمام سیسی کے ہیڈ آفس میں صدر مملکت آصف علی زرداری کی 69 ویں سالگرہ تقریب سے خطاب اور میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو ہٹانے کا واحد آئینی راستہ عدم اعتماد کی تحریک ہے اور عدم اعتماد کی تحریک کی منظوری کے بنا حکومت کو نہیں گرایا جاسکتا۔نثار کھوڑو نے کہا کہ ملک میں ٹیکنو کریٹ حکومت کے قیام اور آئینی ایمرجنسی کی باتیں ملک کے جمہوری نظام کو کمزور کرنے کی کوشش ہیں۔انہوں نے کہا کہ فیض کی رپورٹ میں ملک میں ٹیکنو کریٹس کی حکومت کے قیام کی باتیں آئین کے خلاف ہیں اور آئین کے ہوتے ہوئے ٹیکنو کریٹس کی حکومت نہیں بن سکتی۔

بقیہ | بقیہ جات | 12

بجلی پیدا نہ کرنے والی کمپنیز کو بجلی نہ بنانے کے پیسے دیے رہے ہیں۔پریس کانفرنس کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان میں 45 ہزار میگاواٹ بجلی بنانے کی استعداد موجود ہے جبکہ ملک میں زیادہ سے زیادہ 30 ہزار میگاواٹ بجلی کی مانگ ہے، ملک میں ضرورت سے زیادہ بجلی موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کے باوجود ملک میں 17 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہورہی ہے، بعض علاقوں میں تو کئی دنوں تک بجلی نہیں ہوتی، بجلی کے بلوں پر بھائی بھائی کو قتل کررہا ہے۔مصطفیٰ کمال نے بتایا کہ بجلی آنہیں رہی تاہم بل آرہے ہیں، لوگ سمجھتے ہیں بجلی نہ ہونے کی وجہ سے لوڈشیڈنگ ہورہی ہے، یہ پاکستان کی بقا کا مسئلہ ہے، عوام کا سب سے بڑا مسئلہ بجلی اور مہنگے بل ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 13

خسارے آسان سے باتیں کر رہے ہیں، اس وقت ملک میں مشکل ترین حالات ہیں۔انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ واقعے پر افسوس کا اظہار کرسکتا ہوں، حکومت لوگوں کی تکلیف کے ازالے کے لیے کام کررہی ہے۔علی پرویز ملک نے کہا کہ جتنی دیر ہم بیٹھیں ہیں محدود وسائل میں جو کرسکے کریں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 14

144 دھشتگردی کے پیش نظر لگائی گئی ہے، جو بھی قانون کی خلاف ورزی کرے گا اس سے سختی سے نمٹا جائے گا۔انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ احتجاج اور دھرنے کے نام پر شہریوں کی زندگیاں اجیرن بنانے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، جو جماعت 2014 سے سڑکوں پر ہے تین دن گھروں میں آرام کرلے تحریک انصاف کی سیاسی تاریخ سڑکیں اور چوک چوراہوں کے گرد ہی گھومتی ہے، پاکستان میں انتشار افراتفری اور ہیجان کی کیفیت پیدا کرنا ہی دھرنا پارٹی کا ایجنڈا ہے۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اڈیالہ جیل میں بیٹھے قیدی کا مشن دھرنوں کے ذریعے ہی اقتدار میں پہنچنا ہے لیکن اب پہلے جیسی سہولت کاری دستیاب نہیں اور نہ ہی دھرنے کے لیے وہ فنانسر میسر ہیں، آپ لوگوں کو اڑھائی گھنٹے والی بھوک ہڑتال ہی سوٹ کرتی ہے، 3 سے 7 والی ٹائمنگ بہتر ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 15

بیشتر اضلاع میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کے امکانات ہیں۔ راولپنڈی گجرانوالہ سرگودھا ملتان ڈیرہ غازی خان بہاولپور لاہور فیصل آباد ساہیوال اور گجرات ڈویژنز میں مون سون بارشیں متوقع ہیں۔ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا کا کہنا تھا کہ موسمی صورتحال کے بارے متعلقہ انتظامیہ کو الرٹ جاری کردیا ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے پیش نظر متعلقہ محکمے الرٹ رہیں۔ بڑے شہروں کی انتظامیہ الرٹ رہے اور پیشگی انتظامات مکمل کریں۔ پی ڈی ایم اے نے کمشنرز، ڈی سیز، واسا، محکمہ آبپاشی، ریسکیو، سول ڈیفنس اور دیگر متعلقہ محکموں کو الرٹ رہنے کی ہدایات بھی جاری کیں۔انہوں نے مزید کہا کہ پی ڈی ایم اے کنٹرول روم میں 24 گھنٹے صورتحال کی مانیٹرنگ ہورہی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 16

منانے کی اپیل کی ہے۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق نریندر مودی کی زیر قیادت بی جے پی کی بھارتی حکومت نے 5 اگست 2019 کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی اصولوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کردی تھی۔کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سری نگر میں جاری ایک بیان میں لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ 5 اگست کو "یوم استحصال کشمیر" کے طور پر منائیں۔انہوں نے کہا کہ بھارت اپنے تمام تر وحشیانہ حربوں اور ہتھکنڈوں کے باوجود کشمیریوں کی آزادی کی آواز دبا نہیں سکا ہے اور وہ اپنے پیدائشی حق، حق خودارادیت کی جدوجہد بہادری سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 17

کے مطابق 25 ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز اور 42 سول ججز کے تبادلے کئے گئے ۔ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خرم شہزاد کو پاکپتن سے لاہور ،رفاقت علی قمر کو ڈی جی خان سے لاہور، سادات حسین ملک کو رحیم یار خان سے اٹک، مس ساجدہ احمد کو ملتان سے لاہور، شاہد حسین کو حافظ آباد سے گوجرخان، شہنشاہ رضا کمال کو بھوانہ سے نارووال، سعد سلمان خان کو خیر پور ٹامیوالی سے پاکپتن ، مسرور انور خان کو لاہور سے رینالہ خورد، محمد محمود غنی کو لاہور سے ملتان ، احسن محمود ملک کو راولپنڈی سے بھوانہ، شہباز حسین کو نارووال سے حافظ آباد، ندیم عباس تاتی کو اٹک سے پاکپتن ، قمر یاسین ندیم کو رینالہ خورد سے رحیم یار خان ، نصرت علی صدیقی ملک کو منڈی بہاؤالدین سے احمد پور ایسٹ ، عتیق الرحمن لاہور سے سرگودھا، سید علی عباس، ندیم انور چوہدری کو لاہور تعینات، سجاول خان کو گجر خان سے راولپنڈی، محمد ظفر اقبال کو احمد پور ایسٹ سے لاہور ،سکندر جاوید کو پاکپتن سے لاہور، عمران شہباز کو سرگودھا سے لاہور، منصور احمد قریشی کو لاہور تعینات ، عابد علی کو میاں چنوں سے ننکانہ، محمد اسلم پنجوتہ کو لاہور سے وزیر آباد اور محمد امین کو وزیر آباد سے خیر پور ٹامیوالی تعینات کردیا گیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 18

پر کنٹینرز سمیت دیگر رکاوٹیں کھڑی کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی طاقت سے لرزہ

27 ویں سی پی اور ہیلتھ ایم ایس کانفرنس کا انعقاد
چیف منسٹر چلڈرن ایمرجنسی کیئر پروگرام لانچ کر دیا گیا

ہسپتالوں میں چائلڈ ایمرجنسی سے بچوں کی شرح اموات میں 50 فیصد کمی ہو جائے گی، ہسپتالوں میں سیوریج، واش رومز اور وارڈز کی صفائی پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، خواجہ عمران نذیر

کلینکس آن ویلز کے ذریعے اب تک 18 مریضوں کو علاج فراہم کر چکے ہیں، موٹروے پر ایمرجنسی سروس کا آغاز، ہر 30 کلومیٹر پر ریسکیو ایمبولینس موجود ہوگی، صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ ٹی ایچ کیو اور ڈی ایچ کیو ہسپتالوں میں بچوں کو ایمرجنسی کی سہولیات فراہم کرنے کے لئے چیف منسٹر چلڈرن ایمرجنسی کیئر پروگرام لانچ کر دیا گیا ہے۔ ان ہسپتالوں میں چائلڈ ایمرجنسی سہولت سے بچوں کی اموات کی شرح میں 50 فیصد کمی ہو گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی واضح ہدایات ہیں کہ تمام ہسپتالوں میں سیوریج، واش رومز اور وارڈز کی صفائی پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ مون سون صورتحال کے باعث تمام ہسپتالوں کی چھتوں کی صفائی کو بھی یقینی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر اور خواجہ سلمان رفیق سیکرٹری صحت علی جان کے ہمراہ 27 ویں سی ای اوز ہیلتھ ایم ایس کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شریک ہیں

آئی جی پنجاب کی پولیس ملازمین کے تھیلیسیمیا اور ہیموفیلیا سے متاثرہ بچوں سے ملاقات

متاثرہ بچوں کے والدین کا علاج معالجہ کے لئے 15 ہزار روپے ماہانہ وظیفہ فراہم کرنے پر آئی جی پنجاب سے اظہار تشکر

پنجاب پولیس سپیشل بچوں کے علاج معالجے پر ڈیڑھ برس میں 17 کروڑ 25 لاکھ روپے سے زائد رقم خرچ کر چکی ہے، آئی جی پنجاب

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس ملازمین کے تھیلیسیمیا اور ہیموفیلیا سے متاثرہ بچوں اور ان کے والدین سے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے متاثرہ بچوں سے شفقت کا اظہار کرتے ہوئے انکے والدین سے علاج معالجے کی سہولیات کے بارے استفسار کیا، آئی جی پنجاب نے متاثرہ بچوں کے والدین کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے علاج معالجے کیلئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پنجاب پولیس سپیشل بچوں کے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

لاہور، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین کے تھیلیسیمیا سے متاثرہ بچوں سے ملاقات کر رہے ہیں

منکرین ختم نبوت کسی رعایت کے مستحق نہیں، مرکزی علماء کونسل

قانون امتناع قادیانیت پر عملدرآمد بلاتفریق مسلک ہر مسلمان کی آواز ہے، مولانا زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا ہے کہ منکرین ختم نبوت کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، قانون امتناع قادیانیت پر عملدرآمد بلاتفریق مسلک ہر مسلمان کی آواز ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر علامہ شاہ نواز فاروقی، مولانا خالد محمود قاسمی، سید سمیع اللہ حسینی، مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

قادیانیوں کے حق میں غیر قانونی فیصلہ کو کبھی قبول نہیں کرینگے، جے یو آئی

قادیانی فتنہ نے آج تک پاکستان کو تسلیم تک نہیں کیا بلکہ اکھنڈ بھارت کا حامی ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ قادیانیوں کے حق میں غیر قانونی فیصلہ کو کبھی قبول نہیں کرینگے، قادیانی وہ فتنہ ہے جس نے آج تک پاکستان کو تسلیم تک نہیں کیا بلکہ اکھنڈ بھارت کا حامی ہے، منکرین ختم نبوت کے تمام کیسوں کے فیصلے شریعت مطہرہ اور آئین پاکستان کے تحت ہونے چاہئیں۔

190 ملین پاؤنڈز کیس، عمران خان، بشریٰ بی بی کے خلاف کیس کی سماعت بغیر کارروائی معطل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی احتساب عدالت میں بانی پاکستان تحریک انصاف اور سابق وزیر اعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف 190 ملین پاؤنڈز کیس کی سماعت بغیر کارروائی 30 جولائی تک ملتوی کر دی گئی۔ اڈیالہ جیل میں عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کی سماعت احتساب عدالت کے جج محمد علی وڑائچ نے کی۔ سماعت کے دوران وکلا صفائی عدالت میں پیش نہ ہوئے۔

ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کیلئے 40 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کے لیے 40 کروڑ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

پنجاب کے مختلف شہروں میں بارش کے بعد موسم خوشگوار ہو گیا

کئی علاقوں میں نشیبی علاقوں میں پانی بھر گیا، بجلی کی آنکھ مچولی سے شہری پریشان

لاہور (این این آئی) لاہور، گوجرانوالہ اور حافظ آباد سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں بارش کے بعد موسم خوشگوار ہو گیا۔ لاہور کے علاقوں ڈیوس روڈ، مغلپورہ، گوالمنڈی، لکشمی چوک اور اطراف میں بارش ہوئی۔ اچھرہ، مسلم ٹاؤن، فیصل ٹاؤن، ٹاؤن شپ اور ہربنس پورہ میں بھی خوب بارش ہوئی۔ بارش کے بعد مختلف علاقوں میں بجلی فراہمی معطل ہو گئی، جبکہ ڈپٹی کمشنر رافعہ حیدر نے تمام اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی۔ بھمبر آزاد کشمیر اور
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

منکرین ختم نبوت کیلئے نرم گوشہ رکھنا ایمان کی کمزوری ہے، سنی علما کونسل

قادیانیوں بارے اسلامیان پاکستان کسی گول مول فیصلے کو تسلیم نہیں کریں گے، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ منکرین ختم نبوت کیلئے نرم گوشہ رکھنا ایمان کی کمزوری ہے، آئین پاکستان کے مطابق منکرین ختم نبوت ظاہراً یا چھپ کر اسلامی شعائر کو استعمال نہیں کر سکتے، قادیانیوں بارے اسلامیان پاکستان کسی گول مول فیصلے کو تسلیم نہیں کریں گے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ قادیانی وہ فتنہ ہے جس نے آج تک پاکستان کو تسلیم تک نہیں کیا بلکہ اکھنڈ بھارت کا حامی ہے۔

لاہور، جمعیت علما اسلام ف کے زیر اہتمام مبارک ثانی کیس کے فیصلے کے خلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

صدر مملکت آصف علی زرداری کی نواسوں کے ساتھ جھولا جھولتے ویڈیو وائرل

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری کی اپنے نواسوں، میر حاکم اور میر سجاول کے ساتھ جھولا جھولتے ویڈیو وائرل ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق صدر آصف علی زرداری کی سب سے بڑی صاحبزادی بختاور بھٹو نے والد کو سالگرہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے دلچسپ ویڈیو شیئر کی ہے۔ ویڈیو میں نانا اور نواسوں میں خوبصورت رشتے اور دوستی کو دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ صدر آصف علی زرداری ناصرف نواسوں کے ساتھ بیٹھے کسی سنجیدہ موضوع پر محو گفتگو ہیں بلکہ اپنے نواسوں کے ساتھ باغیچے میں جھولا بھی جھول رہے ہیں۔

اڈیالہ جیل میں قید عمران خان آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کا الیکشن لڑیں گے

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل میں قید بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان انجیل سے ہی برطانیہ کی مشہور زمانہ آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کا الیکشن لڑیں گے۔ بین الاقوامی میڈیا کے لیے بانی پی ٹی آئی کے مشیر ذلفی بخاری نے برطانوی جریدے دی ٹیلی گراف کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ عمران خان آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کے لیے الیکشن لڑیں گے کیونکہ لوگوں کا مطالبہ ہے کہ وہ یہ الیکشن لڑیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان سے اجازت ملنے کے بعد ہم اس کا باضابطہ اعلان کریں گے۔

بلوچستان میں ہمیشہ مخلوط حکومت ہوتی ہے جس میں وزیر اعلیٰ بلیک میل ہوتا ہے، سرفراز بگٹی

مجھے جب تک ایوان کا اعتماد حاصل رہے گا اس وقت تک وزیر اعلیٰ رہوں گا اور بلیک میل نہیں ہوں گا، خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ہمیشہ مخلوط حکومت ہوتی ہے جس میں وزیر اعلیٰ بلیک میل ہوتا ہے لیکن مجھے جب تک ایوان کا اعتماد حاصل رہے گا اس وقت تک وزیر اعلیٰ رہوں گا اور بلیک میل نہیں ہوں گا۔ سول سیکرٹریٹ میں سیمینار سے خطاب میں سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں بیڈ گورننس کے ذمہ دار سیاستدان اور دوسرا بیوروکریسی دونوں ہیں، حکومت سنبھالنے کے بعد صوبے میں گورننس کا
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

جامشورو: موٹروے پر بس اور ٹریلر میں تصادم، 3 افراد جاں بحق، 10 زخمی

بس پنجاب سے کراچی جا رہی تھی، تیز رفتاری کے باعث حادثہ رونما ہوا، زخمی نوری آباد ٹراما سینٹر منتقل

حیدر آباد (این این آئی) جامشورو ایم 9 موٹروے پر بس اور ٹریلر میں تصادم کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق جبکہ 10 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق بس پنجاب سے کراچی جا رہی تھی، تیز رفتاری کے باعث حادثہ ہوا، زخمیوں کو نوری آباد ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا۔ اس سے قبل انڈس ہائی وے خانوٹ پر گاڑی الٹ کر گڑھے میں گرنے سے 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق انڈس ہائی وے پر
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

پنجاب کے مختلف شہروں میں بارش، کئی علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل

لاہور میں موسمی خرابی سے فلائٹ آپریشن شدید متاثر، پروازیں ملتان اور پشاور منتقل

آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے مختلف شہروں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں بارش اور تیز ہواؤں کے بعد موسم خوشگوار ہو گیا جبکہ کئی علاقوں میں بجلی کی فراہمی بھی معطل ہو گئی۔
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

کے الیکٹرک کے بل میں شامل ٹیکسز اور چارجز کی قانونی حیثیت چیلنج

بلوں میں سرچارج اور ایڈیشنل سرچارج بھی بجٹ میں منظوری کے بغیر لگایا گیا ہے

الیکٹرک ایکٹ کی دفعہ 235 کے تحت گھریلو صارفین پر ٹیکس لاگو نہیں ہوتا، درخواست گزار

کراچی (این این آئی) کے الیکٹرک کے بل میں شامل ٹیکسز اور چارجز کی قانونی حیثیت کو سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

پنجاب میں دفعہ 144، موبائل فون، انٹرنیٹ سروس بند کرنے کی تجویز مسترد

تمام ضروری ہدایات پولیس، اضلاع کے ڈی سیز کو جاری

امن و امان کے قیام کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، سیکرٹری داخلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں دفعہ 144 کے نفاذ کے دوران موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس بند کرنے کی تجویز مسترد کر دی گئی۔
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

اسلام آباد، ٹریفک پلان جاری، 8 مقامات پر ڈائیورژن کا استعمال

روات ٹی چوک بند ہونے پر صدر راولپنڈی کا روٹ استعمال کیا جائے

جی ٹی روڈ بند ہونے کی صورت میں موٹروے استعمال کی جائے، ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) دارالحکومت اسلام آباد کی ٹریفک پولیس نے ٹریفک پلان جاری کر دیا۔
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

لاہور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود پنجاب یونیورسٹی ہیلتھ سنٹر میں زچہ و بچہ صحت سنٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

جیل کے باہر وکلا کے لیے رکاوٹیں کھڑی ہیں، جس طرح سماعت ملتوی کر دی گئی یہ بڑا عجیب ہے: نعیم حیدر پنجوتھا

اسلام آباد (این این آئی) بانی تحریک انصاف کے وکیل نعیم حیدر پنجوتھا نے کہا ہے کہ اڈیالا جیل کے باہر وکلا کے لیے رکاوٹیں کھڑی کی جاتی ہیں جس طرح سماعت ملتوی کر دی گئی یہ بڑا عجیب ہے، کہا گیا وکلا وقت پر سماعت میں نہیں پہنچے۔ وکیل نعیم
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ملاوٹ کرنے والوں کیخلاف کاروائیاں

210 لیٹر حشرات زدہ ناقص شیرہ، 50 کلو ایکسپائرڈ، 2 من سے زائد ناقص ٹافیاں کیمیکلز اور کھلے رنگ تلف

گجومتہ میں چھاپے مارے، 2 سوئیٹس اینڈ کنفیکشنری یونٹس بند، بھاری جرمانہ عائد کیے گئے

لاہور (سپیشل رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کا مٹھائیاں، بسکٹ، گولی ٹافیوں میں ملاوٹ کرنے والوں کیخلاف ایکشن، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں کے مولھنوال اور گجومتہ میں سوئیٹس اینڈ کنفیکشنری یونٹس پر چھاپے، 210 لیٹر حشرات زدہ ناقص شیرہ، 50 کلو ایکسپائرڈ، 2 من سے زائد ناقص ٹافیاں کیمیکلز اور کھلے رنگ تلف کر دیئے گئے، 2 سوئیٹس اینڈ کنفیکشنری یونٹس بند، بھاری جرمانہ عائد کیے گئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

وزارت ریلویز کے گریڈ 20 اور 19 کے چار افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات

لاہور (سپیشل رپورٹر) وزارت ریلویز نے گریڈ 20 اور 19 کے چار افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 20 کے افسر ڈائریکٹر جنرل /آپریشنز وزارت ریلویز عمران حیات خان کو ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

لاہور، صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

گیس چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن: پنجاب، کے پی اور اسلام آباد میں مزید 30 گیس کنکشن منقطع، 19 لاکھ جرمانے

لاہور میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 6 کنکشن منقطع کیے اور 12 لاکھ 60 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔

گیس چوروں کے خلاف 2 ایف آئی آرز بھی درج کروائی گئیں۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے 13 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے

لاہور (خبر نگار) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) کے گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 30 غیر قانونی گیس کنکشن منقطع کر دیے گئے اور 19 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ لاہور میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 6 کنکشن منقطع کیے اور 12 لاکھ 60 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ گیس چوروں کے خلاف 2 ایف آئی آرز بھی درج کروائی گئیں۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے 13 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے۔ فیصل آباد میں ٹیم نے 3
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

صوبائی وزیر اقلیتی امور کی اسپیکر پنجاب اسمبلی سے ملاقات

11 اگست کو مذہبی اقلیتوں کے عالمی دن کی مناسبت سے مختلف پروگرامز کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا

مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے حکومت پنجاب تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے، پنجاب حکومت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے آج اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں 11 اگست کو مذہبی اقلیتوں کے عالمی دن کی مناسبت سے مختلف پروگرامز کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ مذہبی اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے بتایا کہ 11 اگست کو مذہبی اقلیتوں کے عالمی دن کے موقع پر مختلف تقریبات اور پروگرامز کا انعقاد کیا جائے گا
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

لاہور، رحیم یار خان کے رہائشی شخص نے اپنے مطالبات کے حق میں بچوں کے ہمراہ پریس کلب کے باہر کیمپ لگا رکھا ہے

اسرائیل کو فوری طور پر غزہ جنگ ختم کرنی چاہیے، ٹرمپ

غزہ جنگ کی وجہ سے دنیا بھر میں اسرائیل کی شہرت خراب ہو رہی ہے، انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اسرائیل کو فوری طور پر غزہ جنگ ختم کرنی چاہیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک انٹرویو میں ٹرمپ نے کہا کہ غزہ جنگ کی وجہ سے دنیا بھر میں اسرائیل کی شہرت خراب ہو رہی ہے۔ انہوں نے یرغمالیوں کی رہائی کا بھی مطالبہ کیا۔ سابق امریکی صدر نے کہا کہ اسرائیل کی غزہ میں جنگ بندی اور یرغمالیوں کی فوری رہائی ہونی چاہیے۔ اسرائیل کو اپنے عوامی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

اسٹیل مل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر فریقین سے 19 اگست تک جواب طلب

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے اسٹیل مل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر فریقین سے 19 اگست تک جواب طلب کر لیا۔ سندھ ہائیکورٹ میں اسٹیل مل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ درخواستگزار کے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

کراچی؛ سیاحوں کیلیے دنیا کے غیر محفوظ شہروں میں دوسرے نمبر پر

کراچی کا اسکور 93.12 رہا جب کہ اول نمبر پر آنے والے شہر کراکس کا اسکور 100 ہے

کراچی (این این آئی) فوربس ایڈوائزر کی درجہ بندی میں وینزویلا، پاکستان اور میانمار کے شہروں کو سیاحوں کے لیے خطرناک ترین مقامات کے طور پر نامزد کیا گیا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق فوربس نے سال 2024 کے لیے دنیا کے 10 سب سے زیادہ خطرناک شہروں کی فہرست جاری کی ہے جس میں اول نمبر پر وینزویلا کا شہر
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

تحریک انصاف کی جانب سے سابق وزیر اعظم کی رہائی کے لیے احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا

جیکب آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی جانب سے سابق وزیر اعظم کی رہائی کے لیے احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل ٹھل میں پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے سابق وزیر اعظم عمران خان کی رہائی کے لیے ایک احتجاجی جلوس ضلعی رہنما صدام حسین کھوسو کی قیادت میں نکالا گیا۔

اختیار ولی خان کی خیبر پختونخوا میں جنگلات کی بے رحمانہ کٹائی کی مذمت

جنگلات آج وزیر اعلی علی امین گنڈا پور کے دور میں بے رحمانہ کٹائی کا شکار ہیں، بیان

پشاور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سیکرٹری اطلاعات خیبر پختونخوا اختیار ولی خان نے خیبر پختونخوا میں جنگلات کی بے رحمانہ کٹائی کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے جنگلات کسی وقت سرسبز و شاداب تھے جو آج وزیر اعلی علی امین گنڈا پور کے دور میں بے رحمانہ کٹائی کا شکار ہیں۔ اپنے بیان میں اختیار ولی خان نے کہا کہ بلین ٹری منصوبہ شروع کرنے والے آج خیبر پختونخوا میں حکومت میں ہوتے ہوئے جنگلات کے تحفظ میں ناکام ہو چکے ہیں۔

لاہور، پولیس کی نفری دفعہ 144 کے نفاذ کو یقینی بنانے کے لئے مال روڈ چیرنگ کراس چوک میں تعینات ہے

کراچی: ڈیفنس میں بگٹی قبیلے کے 2 گروپوں میں مسلح تصادم، اہم انکشاف سامنے آ گیا

تصادم میں استعمال ہونے والی ایک ڈبل کیبن گاڑی پر نمبر پلیٹ جعلی نکلی اور دوسرے پر نمبر ہی نہیں تھا

کراچی (این این آئی) ڈیفنس خیابان نشاط کمرشل میں بگٹی قبیلے کے دو گروپوں کے درمیان مسلح تصادم کی تحقیقات میں اہم انکشاف سامنے آیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے ڈیفنس خیابان نشاط کمرشل پر رات میں بگٹی قبیلے کے دو گروپوں کے درمیان مسلح تصادم کے واقعے کی تحقیقات جاری ہے۔ واقعے کی تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ تصادم
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

ننکانہ صاحب، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں تیزی سے جاری

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈی پی او صاعد عزیز کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں تیزی سے جاری۔ تھانہ سید والا پولیس کی ایس ایچ او شہباز ڈوگر کی سربراہی میں بڑی کاروائی۔ ڈکیت گینگ کا سرغنہ ساتھی ملزم سمیت گرفتار۔ مختلف وارداتوں میں چھینی 3 لاکھ روپے نقدی اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ سید والا نے ڈکیت گینگ کے گرفتار ملزمان سے راہزنی کے
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

لاہور، جمعیت علما اسلام ف کے احتجاج کے کی وجہ سے پریس کلب باہر ٹریفک جام ہے

تھانہ صدر پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں، 5 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد

میاں چنوں (چوہدری اشعر نعمان سے) تھانہ صدر پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں، 5 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسماعیل کھاڑک کی ہدایات پر تھانہ صدر میاں چنوں پولیس منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 05 منشیات فروش کو گرفتار کر لیا، منشیات فروشوں سے 12 کلو چرس اور 75 لیٹر شراب معہ چالو بھٹی برآمد کر لی، منشیات فروشوں کو دوران ناکہ بندی چک نمبر 112 پندرہ ایل اور چک نمبر 133 سولہ ایل سے رنگ ہاتھوں گرفتار کیا، منشیات فروش منیر اوڈھ جبکہ شراب فروش جاوید، اعجاز، خورشید اور صابر کو گرفتار کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید انٹیروگیشن جاری ہے، اس موقع پر ڈی پی او خانیوال اسماعیل کھاڑک کا کہنا تھا کہ منشیات فروش معاشرے کے ناسور ہیں جو وہ کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

شاہراہ فیصل پر کثیر المنزلہ عمارت میں لگنے والی آگ پر قابو پا لیا گیا، تمام پھنسے افراد ریسکیو

عمارت کی چھت پر پھنسے خواتین سمیت تمام 40 افراد کو ریسکیو کر لیا گیا ہے، خوش قسمتی کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے شاہراہ فیصل پر واقع کثیر المنزلہ عمارت میں لگنے والی آگ پر قابو پا لیا گیا جس کے بعد اس کی کولنگ کا عمل جاری ہے۔ علاوہ ازیں عمارت کی چھت پر پھنسے خواتین سمیت تمام 40 افراد کو ریسکیو کر لیا گیا ہے۔ خوش قسمتی کوئی جانی نقصان نہیں ہوا تاہم ریسکیو عملے کا ایک فائر فائٹر زخمی ہوا جسے فوری طور پر
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

غزہ کی صورتحال پر خاموش نہیں رہیں گے، کاملا ہیرس

غزہ جنگ بندی معاہدہ کرنے کا وقت آ گیا ہے، نائب امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) نائب امریکی صدر کاملا ہیرس سے بھی اسرائیلی وزیر اعظم نے ملاقات کی، ملاقات میں کاملا ہیرس نے غزہ میں اموات پر شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کاملا ہیرس نے کہا کہ غزہ کی صورتحال پر خاموش نہیں رہیں گے، غزہ جنگ بندی معاہدہ کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ قبل ازیں اسرائیلی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

جھنگ سب ڈویژن میں مسلسل کھلی کچہریوں کے انعقاد

گزشتہ روز بھی ایس ای مدثر علی شیخ کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا تھا

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزارت پاور ڈویژن اور چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو کی ہدایات کی روشنی میں ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ کی ہر سب ڈویژن میں مسلسل کھلی کچہریوں کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے جہاں پر وہ صبح 11 بجے سے دوپہر 1 بجے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61s

حکومت دھرنے کی کامیابی کو دیکھتے ہوئے بوکھلا گئی ہے، ملک عادل

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات جماعت اسلامی ضلع اوکاڑا ملک عادل اسلم نے اپنے بیان میں کہا کہ حکومت دھرنے کی کامیابی کو دیکھتے ہوئے بوکھلا گئی ہے۔ جماعت اسلامی کے کارکن رکاوٹوں کو عبور کرتے ہوئے اسلام آباد پہنچنے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ انہوں نے اوکاڑا میں سٹی امیر سلمان اظہر شیخ، ڈاکٹر برہان غنی، نیاز احمد اور عدنان لطیف سمیت 100 سے
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

نادیہ پروین اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ کو محکمہ سروسز رپورٹ کا حکم

اسسٹنٹ کمشنر محمد حماد حامد کو تحصیل چوآسیدن شاہ ضلع چکوال میں تعینات کر دیا گیا

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) نادیہ پروین اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ کی کارکردگی زیرو اس لئے ان کو محکمہ سروسز رپورٹ کا حکم اور ان کی جگہ نئے اسسٹنٹ کمشنر محمد حماد حامد کو تحصیل چوآسیدن شاہ ضلع چکوال میں تعینات کر دیا گیا ہے نئی تعیناتی اور ٹرانسفر کا نوٹیفکیشن بھی جاری ہو چکا ہے سابق AC چوآسیدن شاہ نادیہ پروین
(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

نئے مالی سال کے مسلسل چوتھے ہفتے بھی مہنگائی میں اضافہ

معاشی مشکلات کے شکار ملک میں ہفتہ وار مہنگائی 0.17 فیصد مزید بڑھ گئی

اسلام آباد (این این آئی) نئے مالی سال کے مسلسل چوتھے ہفتے بھی مہنگائی میں اضافہ ہو گیا اور معاشی مشکلات کے شکار ملک میں ہفتہ وار مہنگائی 0.17 فیصد مزید بڑھ گئی۔ پاکستان ادارہ شماریات نے مہنگائی سے متعلق ہفتہ وار رپورٹ جاری کر دی جس کے مطابق ایک ہفتے میں 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، حالیہ ہفتے 8 اشیا سستی اور 24
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

حضرت حافظ غلام احمد چشتی گولڑوی کا 51 واں عرس مبارک

تقریب بمقام جامع مسجد رحمانیہ چواسیدن شاہ میں منعقد ہوئی

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) حضرت حافظ غلام احمد چشتی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ المعروف حافظ باواجی سلونی والے کا 51 واں عرس مبارک 2024 بمقام جامع مسجد رحمانیہ چواسیدن شاہ میں عقیدت و احترام سے منعقد کیا گیا (1۔ پہلی نشست 25 جولائی بعد نماز عشاء محفل نعت اور خصوصی خطاب علامہ مفتی بشیر احمد کرم صاحب۔ (2۔ دوسری نشست 26 جولائی بروز جمعۃ المبارک دن 9 بجے تلاوت نعت تقاریر اور محفل سماع منعقد کی گئی خصوصی خطاب پیر طریقت رہبر شریعت تاجدار چورہ شریف الحاج پیر سید محمد فاروق الاسلام شاہ صاحب نے کیا اختتامی دعا بعد نماز جمعہ تمام دوست واحباب اور عقیدت مند حضرات نے شرکت کی محافل کے بعد لنگر و نیاز تقسیم کی گئی۔

ریونیو افسران ریکوری اہداف کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائیں، فرخ عتیق

سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کی جانب سے جاری ہدایات پر عمل کیا جائے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے کہا ہے کہ ریونیو افسران ریونیو ریکوری کے اہداف کے لئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائیں آبیانہ، مالیانہ، انتقالات سمیت سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کی جانب سے جو ہدایات جاری ہوئی ہیں ان کو ایس او پیز کے مطابق حل کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریونیو
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

حکومت نے تمام کیٹگریز کے تاجروں اور دکانداروں پر نیا ٹیکس بم پھوڑ دیا

نئے ٹیکسوں کا سرکلر بھی جاری دیا گیا جس سے تمام چھوٹے بڑے بازاروں کے دکاندار ٹریڈ تنظیمیں سراپا احتجاج بن گئیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم حکومت نے تمام کیٹگریز کے تاجروں اور دکانداروں پر نیا ٹیکس بم پھوڑ دیا، نئے ٹیکسوں کا سرکلر بھی جاری دیا گیا جس سے تمام چھوٹے بڑے بازاروں کے دکاندار ٹریڈ تنظیمیں سراپا احتجاج بن گئیں تاجروں نے ہائیکورٹ چیلنج کرنے اور بڑی تعداد میں دکانداروں نے دکانیں خالی کر کے کاروبار منتقل کرنے کا اعلان کر دیا، حکومت نے پنجاب کے دوسرے شہروں کی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

الیکشن ٹربیونل کی تبدیلی، الیکشن ایکٹ ترمیمی آرڈیننس کے خلاف درخواستوں پر سماعت ملتوی

الیکشن کمیشن کی ڈیوٹی میں شامل ہے کہ الیکشن ٹربیونل مقرر کرے، یہ الیکشن کمیشن کے سوا کسی کا اختیار نہیں ہے، ایڈیشنل اٹارنی جنرل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں الیکشن ٹربیونل کی تبدیلی اور الیکشن ایکٹ ترمیمی آرڈیننس کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت پیر تک ملتوی کر دی۔ جمعہ کو ان نیوز کے مطابق چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے کیس
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

اوورسیز پاکستانی محکمہ مال کی رشوت ستانی سے تنگ آ کر پریس کانفرنس کرنے پریس کلب پہنچ گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) اوورسیز پاکستانی محکمہ مال کی رشوت ستانی سے تنگ آ کر پریس کانفرنس کرنے پریس کلب پہنچ گیا۔ امریکہ میں مقیم جھنگ کے چک نمبر 449 ج ب کے رہائشی محمد سلیم سہو نے گزشتہ روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ اس نے فروری 2023 میں اپنے بیٹے علی حسن کو 56 کنال 10 مرلے اراضی گفٹ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66

لاہور، کچرا چننے والے خانہ بدوشوں نے لبرٹی مارکیٹ کے قریب بس اسٹینڈ میں مسافروں کے بیٹھنے کی جگہ پر توڑے رکھ ہوئے ہیں

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

لاہور، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان سے نیشنل ویمنز جرنلسٹس فورم کی عہدیداران ملاقات کر رہی ہیں